www.dailybolan.com

MEMBER APNS | ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | جمعہ 24 جولائی 2026ء، بمطابق 9 صفر 1448ھ | شمارہ 200

دہشت گردوں کو انجام تک پہنچائیں گے

مستونگ حملہ ریاست پر حملہ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے چھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جبکہ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کیے گئے آپریشن کے دوران متعدد دہشت گردوں کو گرفتار بھی کیا گیا

ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا

کوئٹہ (خ ن)۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں یہ ایک اہم کامیابی ہے اور حکومت بلوچستان دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے چھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جبکہ خفیہ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

چیئرمین اوگرا کسی بیوروکریٹ کو نہیں ہونا چاہیے، علی پرویز ملک

ملک کے مسائل حل کرنے ہیں تو اداروں کو مضبوط کرنا ہوگا جس کیلئے درست انسان کا چناؤ ضروری ہے

اوگرا، نیپرا، اسٹیٹ بینک، پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹک ٹھیک کر دیں سب ٹھیک ہو جائے گا، گفتگو

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

صدر آصف زرداری کی مون سون بارشوں کے پیشِ نظر تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت

اسلام آباد (اے ایف پی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے مون سون (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی روسی ہم منصب سے ملاقات، اہم امور پر اتفاق، دوطرفہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی تعاون کے مختلف شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اسحاق ڈار اور سرگئی لاوروف نے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (اے ایف پی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی (بقیہ 2 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جی ایچ کیو میں 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

جہاں بھی دہشتگردوں کا انفراسٹرکچر ملکی سلامتی کیلئے خطرہ بنا اسے ختم کرنے کیلئے اپنے غیر متزلزل عزم پر قائم ہیں

فتنہ الخوارج و فتنہ الہندوستان کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

دہشتگردی کے خاتمے تک | فیلڈ مارشل

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کی بھرپور حمایت سے بلوچستان میں دیرپا امن لائیں گے، یہ آپریشنز بھرپور عزم اور دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے خاتمے تک جاری رہیں گے

پاکستان کی مسلح افواج عوام کے اتحاد، عزم اور ثابت قدمی کی بدولت ان مذموم عزائم کو ناکام بنائیں گی، سید عاصم منیر کا 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا فخر ہے، یہ صوبہ بے پناہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، بلوچستان کے متحرک، باہمت، ثابت قدم اور محبِ وطن عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں۔ جمعرات کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا کی جی ایچ کیو آمد پر خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والوں اداروں کی مسلسل کوششیں بلوچستان میں دیرپا (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

بحری سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، حوثی دھمکیوں پر پاکستان کا سخت انتباہ

یمن کے مسلح گروہوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے خطے کی صورتحال کو مزید خراب کریں گے،

پاکستان مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر آواز اٹھاتا رہے گا، کلبھوشن کو قونصلر رسائی دیے جانے سے آگاہ نہیں، پاک امریکا تجارتی مذاکرات جاری ہیں اور ٹیرف کا معاملہ ابھی طے نہیں ہوا ہے،

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی خطے کی سلامتی کیلئے خطرہ ہے اور پاکستان ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے، پاکستان حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں کمرشل جہاز رانی کو دھمکیوں کی مذمت کرتا ہے، یمن کے مسلح گروہوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے خطے کی صورتحال کو مزید خراب کریں گے، پاکستان مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر آواز (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

اسحاق ڈار کی اے ڈی بی قیادت اور بنگلادیشی وزیر خارجہ سے ملاقاتیں

اسحاق ڈار کی منیلا میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے اعلیٰ حکام سے ملاقات

، پائیدار اقتصادی ترقی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر گفتگو

منیلا (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے فلپائن کے دارالحکومت منیلا میں ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے ہیڈکوارٹرز میں اے ڈی بی کے نائب صدر (جنوبی، وسطی اور مغربی ایشیا) ینگ منگ یانگ، نائب صدر (سیکٹرز اینڈ تھیمز) فاطمہ یاسمین، اے (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر خزانہ کی امریکی ہم منصب سے ملاقات، معاشی تعاون پر اتفاق

زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے اور پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کیلئے مارکیٹ تک رسائی میں امریکی تعاون کی ضرورت پر زور

دونوں فریقوں نے پاکستان اور امریکہ کے درمیان معاشی تعاون کو مزید فروغ دینے، امریکی سرمایہ کاری میں اضافے اور مشترکہ تزویراتی منصوبوں پر پیش رفت کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا

واشنگٹن ڈی سی (این این آئی) پاکستان اور امریکہ نے معاشی تعاون کے فروغ، امریکی سرمایہ کاری میں اضافے اور تزویراتی منصوبوں کی پیش رفت کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ جاری اعلامیے کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے اپنے امریکی ہم منصب سکاٹ بیسنٹ سے ملاقات کی جس میں دونوں رہنماؤں نے پاک امریکا معاشی تعلقات، سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے محافظ فائرنگ سے شہید

ایڈیشنل سیشن جج زخمی

ڈی پی او اللہ بخش بلوچ کے مطابق فائرنگ سے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کا گن مین جاں بحق ہو گئے، فائرنگ سے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت 2 افراد شدید زخمی ہوئے ہیں

ڈی پی او کے مطابق سیشن جج اور ایڈیشنل سیشن جج کوئٹہ سے سیشن کورٹ مستونگ آ رہے تھے، واقعہ کے بعد علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی ہے

مستونگ / کوئٹہ (این این آئی) مستونگ کے علاقے ولی خان میں نامعلوم افراد کی جانب سے سیشن جج کی گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور ایڈیشنل سیشن جج زخمی ہو گئے۔ ڈی پی او اللہ بخش بلوچ کے مطابق فائرنگ سے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کا گن مین جاں بحق ہو گئے، فائرنگ سے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت 2 افراد شدید زخمی ہوئے ہیں۔ ڈی پی او کے مطابق سیشن جج اور ایڈیشنل سیشن جج کوئٹہ سے سیشن کورٹ مستونگ آ رہے تھے، واقعہ کے بعد علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی ہے۔ زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیشن (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر نواب جام کمال خان عالیانی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

حکومت نے ملک کی پہلی قومی ویکسین پالیسی تیار کر لی، مصطفیٰ کمال

پاک چین بی ٹو بی فارماسیوٹیکل اینڈ ہیلتھ کیئر انویسٹمنٹ کانفرنس میں فارماسیوٹیکل سیکٹر کے چھ اہم ذیلی شعبوں پر خصوصی توجہ دی گئی

، پاکستان میں ہر سال نیوزی لینڈ کی کل آبادی کے برابر نئے افراد کا اضافہ ہو رہا ہے، 2030 تک پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا چوتھا بڑا ملک بن جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک کی پہلی قومی ویکسین پالیسی تیار کر لی ہے، جو مقامی سطح پر ویکسین سازی کی راہ ہموار کرے گی، پاک چین بی ٹو بی فارماسیوٹیکل اینڈ ہیلتھ کیئر انویسٹمنٹ کانفرنس میں فارماسیوٹیکل سیکٹر کے (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

مقبوضہ کشمیر، سیلابی ریلوں سے 25 افراد جاں بحق، سینکڑوں املاک تباہ، وادی بھر میں فلڈ الرٹ جاری

تعلیمی اداروں میں گرمیوں کی تعطیلات میں بھی ایک ہفتے کی توسیع، ہندوؤں کی سالانہ امرناتھ یاترا، عارضی طور پر روک دی گئی

شدید بارشوں کے باعث کشمیر کو انڈیا کے دیگر حصوں سے ملانے والی اہم شاہراہ پر ٹریفک معطل

طوفانی اور مسلسل بارشوں کے باعث پیر پنجال کے پہاڑی علاقوں میں دریاں اور مقامی نالوں میں شدید طغیانی آ گئی ہے

راجوری شہر کے وسط سے گزرنے والے دریا میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے بلند ہو گئی، سیلابی ریلے نے بلال کالونی کے قریب قائم حفاظتی بند کو توڑ دیا

سرینگر (جی این ایم) مقبوضہ کشمیر میں مسلسل بارشوں کے باعث کئی علاقوں میں نشیبی مقامات زیرِ آب آ گئے اور سیلابی صورتحال کے خدشات بڑھ گئے ہیں رپورٹ کے مطابق سرحدی اضلاع راجوری اور پونچھ کے علاوہ جموں خطے کے کٹھوعہ اور ڈوڈہ، جبکہ وادی کشمیر کے بڈگام، کولگام (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

علوم میں سرمایہ کاری کرنیوالی اقوام ہی قیادت کرتی ہیں، اعظم نذیر

مسلم دنیا کو ترقی، خود انحصاری، پائیدار مستقبل اور مشترکہ خوشحالی کے حصول کے لیے علم، تحقیق، جدت اور ٹیکنالوجی پر مبنی مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی،

معیاری تعلیم ہر فرد کا بنیادی انسانی حق ہے اور یہی پائیدار ترقی، مضبوط اداروں اور با اختیار معاشرے کی بنیاد ہے، وزیر قانون کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ جو قومیں تعلیم، سائنسی تحقیق اور انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کرتی ہیں، مستقبل کی قیادت بھی وہی کرتی ہیں، مسلم دنیا کو ترقی، خود انحصاری، پائیدار مستقبل اور مشترکہ خوشحالی کے (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

افغان شہریوں کیلئے جعلی شناختی کارڈز بنانے والوں کا نیٹ ورک بے نقاب

ایف آئی اے نے نادرا افسران سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا، اہم سرکاری دستاویزات بھی برآمد

لاہور (این این آئی) قانون نافذ کرنے والے اداروں اور وفاقی تحقیقاتی ادارے نے مشترکہ انٹیلی جنس آپریشن کے دوران افغان شہریوں کے لیے جعلی شناختی دستاویزات تیار کرنے والے مبینہ نیٹ ورک کا سراغ لگا کر نادرا کے 2 افسران سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ میڈیا رپورٹ میں ایف آئی اے کے ترجمان کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ گرفتار ملزمان میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر انعام الحق (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

تہران میں تعینات دو فرانسیسی سفارتکاروں کا طرزِ عمل ناقابل قبول ہے، عباس عراقچی

تہران (جی این ایم) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے تہران میں تعینات دو فرانسیسی سفارتکاروں کے طرزِ عمل کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے پیرس سے مطالبہ کیا ہے کہ سفارتی ضابطوں سے متصادم اقدامات کی روک تھام کی جائے۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی وزارت (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

آزاد کشمیر الیکشن، (ن) لیگ کا مہاجرین نشستوں پر انتخابی مہم کا جائزہ

آزاد کشمیر کے عوام اپنے ووٹ سے کھوکھلے نعروں، کارکردگی کے درمیان فرق واضح کر دیں گے، خواجہ سعد رفیق

اسلام آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کی مہاجرین کی نشستوں پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کی انتخابی مہم کے حوالے سے مرکزی رہنماؤں کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت خواجہ سعد رفیق نے کی، جس میں سینئر پارلیمینٹرین طاہرہ اورنگزیب، سینیٹر انوشہ رحمان، مسلم لیگ (ن) ضلع راولپنڈی کے صدر ملک ابرار، راجہ جاوید اخلاص، حاجی پرویز، سردار نسیم اور دیگر رہنماں سمیت (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

ملک میں فائیو جی صارفین کی تعداد 10 لاکھ 78 ہزار سے بڑھ گئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں فائیو جی صارفین کی تعداد 10 لاکھ 78 ہزار سے بڑھ گئی ہے۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری کردہ دستاویز کے مطابق صرف چار ماہ کے دوران 8 لاکھ 79 ہزار صارفین فائیو جی کے سب (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

کمپنیوں نے کال اور ڈیٹا پیکجز کی قیمتوں میں 33 فیصد تک اضافہ کر دیا

پی ٹی اے کی منظوری کے بعد کمپنیوں نے 500 روپے تک اضافہ کیا ہے، تفصیلات ویب سائٹ پر جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کی منظوری سے موبائل کمپنیوں نے کال اور ڈیٹا پیکجز کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق موبائل پیکجز کی قیمتوں میں سالانہ بنیادوں پر 19 سے 33 فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ ماہانہ کال اور ڈیٹا پیکجز 500 روپے تک مہنگے کر دیے گئے۔ اسی طرح 15 روزہ کال اور ڈیٹا پیکجز کی قیمتوں میں 300 روپے تک اضافہ ہوا، جبکہ (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

آئل ٹینکرز اور کنٹریکٹرز کا مطالبات کی منظوری کیلئے 72 گھنٹوں کا الٹی میٹم، پہیہ جام ہڑتال کی دھمکی

72 گھنٹوں میں مسائل حل نہ ہوئے تو ملک بھر میں پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی،

حکومت نے اس پر مجبور کر دیا ہے، مشترکہ پریس کانفرنس

کراچی، پشاور (اے ایف پی) پاکستان آئل ٹینکرز اور کنٹریکٹرز (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی، جام کمال

حکومت برآمدات، ویلیو ایڈیشن اور صنعتی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، وفاقی وزیر جام کمال

وزیر تجارت سے سام سنگ پاکستان کے کنٹری ہیڈ کی وفد کے ہمراہ ملاقات، سرمایہ کاری پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے معروف ٹیک کمپنی سام سنگ کو پاکستان میں تیار ہونے والے موبائل فونز کی برآمدات بڑھانے اور پاکستان کو (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

پاک سعودی کمپنیوں کے درمیان تاریخی معاہدے پر دستخط

ہنرمند پاکستانیوں کیلئے سعودی عرب میں روزگار کا بڑا گیٹ وے کھل گیا، سربراہ سعودی وفد

مفاہمتی یادداشت ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافے اور معیشت کے استحکام کی نوید ہے، شرکاء

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

امریکا ایران کشیدگی، فرانسیسی ایئر لائن نے مشرق وسطیٰ میں پروازیں منسوخ کر دیں

سعودی عرب میں 24 جولائی اور دبئی کے لیے پروازوں کی معطلی 27 جولائی تک برقرار رہے گی، فرانسیسی ایئر لائن

تہران (اے ایف پی) امریکا، ایران حملوں کے باعث فرانسیسی ایئر لائن نے مشرق وسطیٰ میں پروازوں کی منسوخی کا نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ فرانسیسی ایئر لائن کے مطابق سعودی عرب (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

مستونگ میں سیشن جج پر دہشت گردوں کے حملہ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، اعظم نذیر تارڑ

واقعے میں ملوث ہر کردار کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور کسی کو رعایت نہیں دی جائے گی، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے

میر علی حسن زہری

عدلیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے وابستہ افراد کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور ناقابلِ برداشت عمل ہے

ایسے بزدلانہ واقعات صوبے کے امن و امان کو نقصان پہنچانے کی سازش ہیں، جن کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ میر علی حسن زہری

کوئٹہ (بولان بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے نائب صدر اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترجمان میر علی حسن زہری نے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیشن جج اور ان کے گن مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ عدلیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے وابستہ افراد کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور ناقابل برداشت عمل ہے۔ ایسے بزدلانہ واقعات صوبے کے امن و امان کو نقصان پہنچانے کی سازش ہیں، جن کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ میر علی حسن زہری نے شہدا کے درجات کی بلندی، سوگوار خاندانوں (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان ایران کیساتھ تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے تیار ہے، محسن نقوی

محسن نقوی کی ایرانی ہم منصب سے ملاقات، سیکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق

انسداد دہشتگردی اور منشیات اور انسانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے تعاون بڑھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ایران اور پاکستان نے سیکیورٹی، انسداد دہشتگردی، منشیات اور انسانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ ایران کے وزیر داخلہ سکندر مومنی نے اسلام آباد میں وزارت داخلہ کا دورہ کیا، جہاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا، فیڈرل کانسٹیبلری کے چاق و چوبند دستے نے ایرانی وزیر داخلہ کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ایرانی وفد کے اراکین کا وزیر داخلہ محسن نقوی جبکہ پاکستانی وزارت داخلہ کے ذیلی اداروں کے سربراہان کا ایرانی وزیر داخلہ سے تعارف کرایا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی کی ملاقات ہوئی جس کے بعد وفود کی (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

مہاجرین جموں و کشمیر اپنی نشستوں کا حق برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو صرف شیر پر مہر لگائیں، بلال کیانی

مسلم لیگ (ن) واضح طور پر کہتی ہے مہاجرین کی 12 نشستیں برقرار رہنی چاہئیں، وزیر مملکت کا جلسہ سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ مہاجرین جموں و کشمیر اپنی نشستوں کا حق برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو صرف شیر پر مہر لگائیں، مسلم لیگ (ن) واضح طور پر کہتی ہے کہ مہاجرین کی 12 نشستیں برقرار رہنی چاہئیں۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے جموں 6 میں مہاجرین جموں و کشمیر کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

جوہری تنصیبات پر حملہ خطے میں جنگ کے پھیلاؤ کا باعث بنے گا، ترجمان ایرانی فوج

تہران (اے ایف پی) ایران کی فوج کے ترجمان نے خبردار کیا ہے کہ جوہری تنصیبات پر حملہ خطے میں جنگ کے پھیلاؤ کا باعث بنے گا، اگر امریکا نے ایران کی جوہری (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

کراچی بندرگاہ پر ایک اور دیوہیکل جہاز لنگر انداز ہو گیا

بڑے جہازوں کی آمد کراچی پورٹ کی آپریشنل مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے، ترجمان کے پی ٹی

کراچی (این این آئی) کراچی بندرگاہ پر ایک اور دیوہیکل بحری جہاز لنگر انداز ہو گیا، جسے بندرگاہ کی بڑھتی ہوئی استعداد اور عالمی معیار کی سہولیات کا عکاس قرار دیا جا رہا ہے۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے مطابق بحری جہاز MSC DILETTA ساؤتھ ایشیا پاکستان ٹرمینل (SAPT) پر کامیابی سے لنگر انداز ہوا۔ جہاز کی لمبائی 400 میٹر، چوڑائی 67 میٹر جبکہ اس کا وزن 255,288 ٹن (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

تین دن میں پٹرول 11 روپے 32 پیسے، ڈیزل 20 روپے 69 پیسے فی لٹر مہنگا

اسلام آباد (اے ایف پی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ردوبدل عوام پر بھاری پڑ گیا، صرف 3 روز میں ہائی اسپیڈ ڈیزل 20 روپے 69 پیسے فی لٹر مہنگا ہوا۔ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت تین دن میں 354.35 (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

وزارت خزانہ نے کفایت شعاری اقدامات کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کفایت شعاری اقدامات وفاقی محکموں، خودمختار اداروں اور ریگولیٹری اتھارٹیز پر لاگو ہوں گے

اسلام آباد (اے ایف پی) وزارت خزانہ نے رواں مالی سال کے لئے کفایت شعاری اقدامات کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ وفاقی حکومت نے مالیاتی سال 2026-27 کیلئے کفایت شعاری مہم جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت خزانہ نے رواں مالی سال کیلئے کفایت شعاری اقدامات کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ وفاقی کابینہ نے اخراجات کنٹرول کرنے کیلئے کفایت شعاری اقدامات کی منظوری دی (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

چیئرمین نیب نذیر احمد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کارکنوں کی مبینہ ہلاکت، تمام حکومتی شخصیات الزامات سے بری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ماتحت عدالت نے پی ٹی آئی کے 26 نومبر احتجاج کے دوران کارکنوں کی مبینہ ہلاکت پر دائر نجی شکایت خارج کر دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افضل مجوکا نے محفوظ فیصلہ سنا دیا، نجی درخواست چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے دائر کی (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

پاکستان چین کیساتھ مثالی دوستی کو انتہائی اہمیت دیتا ہے، رانا تنویر

رانا تنویر حسین نے فامسن گروپ کو پاکستان میں زرعی سرمایہ کاری اور جدید اناج ذخیرہ گاہوں کے قیام کی دعوت دیدی

جدید ذخیرہ گاہوں کے قیام سے فصلوں کے بعد ہونے والے نقصانات میں نمایاں کمی آئے گی، غذائی تحفظ مضبوط ہوگا، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے فامسن گروپ کو پاکستان میں زرعی سرمایہ کاری اور جدید اناج ذخیرہ گاہوں کے قیام کی دعوت دیدی۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے فامسن گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مسٹر جیک (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایس اینڈ پی نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ منفی بی سے بی کر دی

آئی ایم ایف تعاون سے جاری اصلاحات، اپ گریڈ مالیاتی کارکردگی میں بہتری اور زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں اضافے کی بدولت کیا گیا

وزیراعظم کا عالمی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی ایس اینڈ پی گلوبل کی جانب سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ B سے بڑھا کر B کیے جانے کا خیرمقدم

اسلام آباد (این این آئی) کریڈٹ ریٹنگ کمپنی ایس اینڈ پی گلوبل نے پاکستان کی طویل المدتی کریڈٹ ریٹنگ (B-) مائنس سے بڑھا کر (B) کر دی ہے۔ [illegible] مستقبل کا منظرنامہ مستحکم ہے، پاکستان کی طویل المدتی کریڈٹ ریٹنگ بی مائنس سے بڑھا کر بی کر دی ہے جبکہ قلیل المدتی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کو بی پر برقرار رکھا ہے۔ ایس اینڈ پی کے مطابق یہ اپ گریڈ ادارہ جاتی صلاحیت میں بہتری، آئی ایم ایف تعاون سے جاری اصلاحات، اپ گریڈ مالیاتی کارکردگی میں [illegible] وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ یہ کامیابی حکومت کی موثر معاشی پالیسیوں، مالیاتی نظم وضبط، اصلاحاتی اقدامات اور قومی معیشت کو مستحکم بنانے کی مسلسل کوششوں پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی ادارے کی جانب سے پاکستان کی درجہ بندی میں [illegible] خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، اقتصادی ٹیم اور متعلقہ اداروں کی اس کامیابی کے لیے کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معاشی اصلاحات کے سفر کو پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ جاری رکھے گی تا کہ پاکستان کو پائیدار اور مضبوط اقتصادی بنیادیں فراہم کی جا سکیں۔

تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، بلال وقار خان

تاجر برادری کو ایسے مخلص اور فعال نمائندوں پر فخر ہے جو ہر فورم پر ان کی آواز بلند کرتے ہیں

سکھر (نمائندہ بولان) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے نائب صدر اور سندھ ریجنل چیئرمین بلال وقار خان نے کہا ہے کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، لہٰذا تاجروں کو درپیش مسائل کا بروقت اور موثر حل حکومت اور متعلقہ اداروں کی اولین ترجیح ہونی چاہیے تاکہ کاروباری سرگرمیوں کو فروغ مل سکے اور قومی معیشت مزید مستحکم ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوانِ صدر تجارت وصنعت سکھر کے سابق صدر اور ملک فلاحی جماعت کے بانی ملک محمد رضوان الحق سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ملک محمد رضوان الحق نے بلال وقار خان کو پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے ان کی تاجر برادری کے لیے خدمات کو سراہا۔ ملک محمد رضوان الحق نے کہا کہ بلال وقار خان سکھر کی تاجر برادری کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ شہر کے تاجروں کو جب بھی کسی مسئلے یا مشکل کا سامنا ہوتا ہے تو بلال وقار خان ہمیشہ صفِ اول میں نظر آتے ہیں

ایف پی ایس سی نے سی ایس ایس میں امیدواروں کی تعداد میں 45 فیصد کمی کا تاثر مسترد

اسلام آباد (اے ایف بی) فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے امیدواروں کی تعداد میں 45 فیصد کمی کا تاثر مسترد کر دیا۔ ایف پی ایس سی کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سی ایس ایس میں نوجوانوں کی دلچسپی کم ہونے کا تاثر درست نہیں، مختلف رپورٹس میں سی ایس ایس سے متعلق اعداد و شمار کا غلط موازنہ کیا گیا ہے۔

ٹھٹھہ، ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ سندھ الطاف حسین لغاری ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس میں کھلی کچہری کے دوران سرکاری حاضر سروس ملازمین اور پنشنرز کے مسائل سن رہے ہیں

سیپکو سب ڈویژن کا بجلی چوری ونادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن

بقایا جات کی عدم ادائیگی سمیت کئی کنڈا کنکشن منقطع، ہزاروں میٹر تاریں ضبط

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) سیپکو سب ڈویژن کا بجلی چوری ونادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن، بقایا جات کی عدم ادائیگی سمیت کئی کنڈا کنکشن منقطع، ہزاروں میٹر تاریں ضبط، صارفین کو بل ادائیگی کی ہدایات، تفصیلات کے مطابق سکھر الیکٹرک پاور سپلائی کمپنی سیپکو سب ڈویژن (ون میں اے سی سیپکو عبدالحق سیال، ایس ڈی او رمضان ملک، چیئرمین یونین شجاعت علی گھمرو کی نگرانی میں متعلقہ سب ڈویژن کے عملے نے پولیس اور رینجرز کیساتھ ملکر متعلقہ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں، ریلوے اسٹیشن کالونی، ایوب گیٹ، ٹی بی وارڈ، منور مسجد، بھنگی پاڑہ و دیگر علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف اور نادہندگان کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے ایک ہزار سو سے زائد کنکشن کاٹ کر ہزاروں میٹر تاریں ضبط کرلی جبکہ غیر قانونی چلنے والے کنکشن منقطع کر کے بھاری جرمانہ عائد کیا گیا اور نادہندگان کے کنکشن کاٹ کر انہیں فوری بل کی ادائیگی کی ہدایات دی گئی

کراچی، راشد منہاس روڈ پر چلتی کار میں آگ بھڑک اٹھی، گاڑی مکمل طور پر جل کر خاکستر

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے راشد منہاس روڈ پر لکی ون مال کے قریب ایک کار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گاڑی مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کا عملہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچا اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ اتنی شدید تھی کہ دیکھتے ہی دیکھتے اس نے پوری گاڑی کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

حب۔ سابق وائس چیئرمین ساکران محمد یونس رند کو سر محمد رمضان رل بلوچ آل حب شان ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹبال ٹورنامنٹ آمد کے موقع پر روایتی اجرک پہنا کر ویلکم کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام شاہ اسماعیل شہید یونٹ آلہ آباد کے مجلسِ عمومی کا دستوری اجلاس

اجلاس یونٹ کے امیر حافظ محمد یونس لانگو کی زیرِ صدارت منعقد ہوا

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام شاہ اسماعیل شہید یونٹ آلہ آباد کے مجلسِ عمومی کا دستوری اجلاس یونٹ کے امیر حافظ محمد یونس لانگو کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام ضلع حب کے جنرل سیکرٹری مولانا شاہ محمد صدیقی، سابق ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا محمد یعقوب ساسولی، جے یو آئی تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی، جنرل سیکرٹری حافظ ہدایت اللہ سمیت دیگر ذمہ داران اور کارکنان نے شرکت کی اجلاس میں تنظیمی امور، جماعتی کارکردگی اور موجودہ ملکی وصوبائی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مولانا شاہ محمد صدیقی، مولانا محمد یعقوب ساسولی، مفتی عبدالولی، حافظ ہدایت اللہ، قاری محمد یونس لانگو، حاجی امیر محمد کاکڑ اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے جماعتی نظم وضبط، اتحاد اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں یونٹ کے ذمہ دار منظور احمد کاکڑ نے تنظیمی کارگزاری رپورٹ پیش کی، جس میں یونٹ کی سرگرمیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل سے شرکاء کو آگاہ کیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام ضلع حب کے جنرل سیکرٹری مولانا شاہ محمد صدیقی نے بلوچستان میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں بدامنی کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ حکومت امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام نظر آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام آج عدم تحفظ کا شکار ہیں اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جسے ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ تا کراچی قومی شاہراہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، آئے روز فائرنگ، لوٹ مار اور دیگر جرائم کے واقعات عوام کے لیے شدید پریشانی کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کی شہادت کا افسوسناک واقعہ حکومتی رٹ پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے، جس کی مکمل تحقیقات اور ذمہ دار عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے مولانا شاہ محمد صدیقی نے مطالبہ کیا کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری اور عملی اقدامات کرے، امن و امان کی بحالی کو اپنی اولین ترجیح بنائے اور صوبے میں قانون کی بالادستی قائم کی جائے اس موقع پر مولانا محمد یعقوب ساسولی نے بھی بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امن کا قیام وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن کے بغیر ترقی اور خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا اجلاس میں مولوی عبداللہ، قاری عبدالہادی، مولانا عنایت اللہ، مولوی علی محمد قلندرانی، حافظ ثناء اللہ، کریم بخش لانگو، حافظ حبیب اللہ سمیت کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

موٹروے گینگ ریپ مقدمہ، مجرموں کی سزا کے خلاف اپیلیں مسترد، فیصلہ جاری

لاہور (اے ایف بی) لاہور ہائی کورٹ نے موٹروے گینگ ریپ مقدمہ میں مجرموں کی سزا کے خلاف اپیلیں مسترد کرنے کا فیصلہ جاری کر دیا۔ جسٹس شہباز رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے 17 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا جس میں کہا گیا کہ خواتین کے خلاف ایسے جرائم معاشرے میں خوف اور عدم تحفظ پیدا کرتے ہیں، ایسے سنگین جرائم میں غیر ضروری نرمی انصاف اور قانون کے وقار کے خلاف ہوگی۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ ڈی این اے شواہد سچائی تک پہنچنے کا انتہائی قابل اعتماد ذریعہ ہے، جائے وقوعہ سے ملنے والے خون کے نمونے مجرم عابد علی کے ڈی این اے سے میچ ہوئے،

گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کا کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات، خصوصاً ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس نے ملک بھر میں مال بردار گاڑیوں کے کرایوں میں فوری طور پر 5 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا ہے۔ الائنس نے خبردار کیا ہے کہ اگر حکومت نے ٹرانسپورٹرز کو ریلیف فراہم نہ کیا تو ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹ کی سرگرمیاں معطل کی جا سکتی ہیں۔ پا

جسقم کے کارکن بابر لو بائی پاس پر پریا کماری ایکشن کمیٹی کے رہنماں اور کارکنوں پر مبینہ پولیس تشدد اور گرفتاریوں کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر انسانی حقوق کا ٹھٹھہ میں شکایت سیل کا دورہ

انسانی حقوق سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے، صدام حسین چانڈیو

ٹھٹھہ (رپور واحد شورو) ڈپٹی ڈائریکٹر انسانی حقوق کا ٹھٹھہ میں شکایت سیل کا دورہ بروقت انصاف کی فراہمی پر زور متعلقہ افسران سے ملاقات لیگل ایڈ سیل کی کارکردگی کا جائزہ۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ انسانی حقوق حکومتِ سندھ حیدرآباد ڈویژن، صدام حسین چانڈیو نے ضلع ٹھٹھہ میں محکمہ انسانی حقوق کے قائم کردہ شکایت سیل اور لیگل ایڈ سیل کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے انچارج شکایت سیل الطاف حسین تنیو، ڈسٹرکٹ ہیومن رائٹس کمیٹی کے رکن ایڈووکیٹ سید اعجاز حسین شاہ، میڈم وقار النسا اور دیگر متعلقہ افسران سے ملاقات کے دوران ضلع ٹھٹھہ میں انسانی حقوق کی مجموعی صورتحال عوام کو درپیش مسائل موصول ہونے والی شکایات لیگل ایڈ سیل کی کارکردگی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی روک تھام کے لئے کئے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے عوام کو فوری اور مؤثر قانونی معاونت فراہم کرنے کے طریقہ کار پر بھی غور کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر صدام حسین چانڈیو نے ہدایت کی کہ انسانی حقوق سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے

ترکیہ کے اعلیٰ سطح کے وفد کا اے این ایف ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ

راولپنڈی (اے ایف بی) سیکریٹری جنرل انٹرنیشنل فیڈریشن آف گرین کریسنٹ کی سربراہی میں ترکیہ کے اعلیٰ سطح کے وفد نے اے این ایف ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ کیا، دورے میں وفد کو اے این ایف کے تنظیمی ڈھانچے، نمایاں کامیابیوں، انسدادِ منشیات، بحالی اور آگاہی سے متعلق جاری اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ دورے میں وفد کو اینٹی نارکوٹکس فورس کے بحالی کیلئے قائم ماڈل ایڈکشن ٹریٹمنٹ اینڈ ری ہیبلی ٹیشن سینٹرز کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ علاوہ ازیں اینٹی نارکوٹکس فورس کے ہیڈکوارٹرز کے دورہ کے دوران منشیات سے بچاؤ اور بحالی کے مشترکہ اہداف کے فروغ پر اتفاق کیا گیا،

واٹر سپلائی کی بندش اور صفائی کے ناقص انتظامات کیخلاف شہریوں اور کارکنوں کا احتجاج

مظاہرین نے شہر کے مرکزی کوٹو موٹو چوک پر احتجاجی مظاہرہ کر کے میونسپل انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے خلاف شدید نعرے بازی کی

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) شہدادکوٹ میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی کال پر شہدادکوٹ شہر میں گزشتہ کئی ماہ سے واٹر سپلائی کی بندش اور صفائی کے ناقص انتظامات کے خلاف شہریوں اور کارکنوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرین نے شہر کے مرکزی کوٹو موٹو چوک پر احتجاجی مظاہرہ کر کے میونسپل انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے خلاف شدید نعرے بازی کی اس موقع پر رہنماؤں آصف مگسی الہداد خشک علی گوہر مگسی سکندر خشک اویس خشک فیاض میر جت نصر اللہ سندھی رزاق جونیجو معشوق خشک سجاد سندھی مزمل مگسی ثاقب مگسی جاوید علی ثقلین مگسی سمیر خشک رئیس فہد علی اور دیگر نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے شہری پینے کے صاف پانی سمیت بستعمال کے نہری پانی سے محروم ہیں شہری مجبور ہوکر مہنگا پانی خریدنے پر مجبور انہوں نے شکایت کی کہ واٹر سپلائی پمپنگ اسٹیشنز کے تالاب پائپ لائنوں کی کافی عرصے سے صفائی نہیں کی گئی جس کی وجہ سے اگر پانی آتا بھی ہے تو یہ انتہائی گندا اور استعمال کے قابل نہیں ہے جس سے بیماریاں پھیلنے کا خطرہ بڑھ رہا ہے مظاہرین نے الزام لگایا کہ میونسپل انتظامیہ اور متعلقہ محکمے شہر کے بنیادی مسائل حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں

ملک محمد رضوان الحق بلال وقار احمد خان کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

کونسلر وڈیرہ زبیر احمد گجر کے چچا آچار خان گجر کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری

منظور بلیدی، حسن میروانی قربان میروانی، وڈیرہ جاوید گجر، وڈیرہ عبدالرشید گجر جا کر لواحقین سے فاتحہ خوانی کی

حب (نمائندہ بولان) حب کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت لال خان گجر کے بھائی، کونسلر وڈیرہ زبیر احمد گجر کے چچا آچار خان گجر کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری گذشتہ روز حاجی مراد گجر گوٹھ میں وڈیرہ فقیر محمد ڈگارزئی، وڈیرہ عبدالغنی، حب فلور ملز کے چیف ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد جاوید، لسبیلہ پریس کلب کے صدر راؤ اختر علی راجپوت، صحافی مرتضیٰ شیخ پیپلز پارٹی وندر کے صدر حاجی نوید موندرہ، کونسلر حاجی امین مری، اکرم موندرہ، یوسی ساکران کے چیرمین غلام رسول واھورہ کونسلر زاہد موندرہ، آصف شوکت موندرہ، سابق چیئرمین ضلع کونسل حب ابراہیم دودا، سردار اسلم میروانی، عبدالحکم گرگناڑی، سید الیاس شاہ، حاجی عبدالہادی، حاجی عبدالکریم لانگو، سراج سلیم موندرہ، پی ایس نوابزادہ میر زرین خان مگسی اظہار خان سرمرو، مشتاق رند، کونسلر میر بہادر خان جاموٹ، منظور بلیدی، حسن میروانی قربان میروانی، وڈیرہ جاوید گجر، وڈیرہ عبدالرشید گجر جا کر لواحقین سے فاتحہ خوانی کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء کرے

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش وجرائم پیشہ ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری

منشیات فروش سمیت دو ملزمان گرفتار بھنگ برآمد مقدمہ درج دوسری جانب مسروقہ موٹر سائیکل برآمد مالک کے حوالے کر دیا

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش و جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری منشیات فروش سمیت دو ملزمان گرفتار بھنگ برآمد مقدمہ درج دوسری جانب مسروقہ موٹر سائیکل برآمد مالک کے حوالے کر دیا ایس ایچ او تھانہ بی سیکشن شہدادکوٹ انسپیکٹر طفیل احمد احمدانی بمع اسٹاف کی دوران گشت کارروائی! منشیات فروش ملزم غلام فاروق مستوئی کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے (1000) گرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے دوسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ قمبر سٹی انسپیکٹر علی حسن مغیری بمع اسٹاف کی دوران گشت بائی پاس لاڑکانہ روڈ سے کارروائی تھانہ قمبر سٹی کے کیس میں مطلوب ملزم عبدالخالق پتوجو کو گرفتار کر لیا ہے تیسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ سجاول جونیجو انسپیکٹر عبدالمجید ناریجو بمع اسٹاف نے چھاپا مار کارروائی میں شہری محمد رفیق لغاری کی مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے مالک کے حوالے کر دی ہے جب کہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔ گیارہ ملزمان گرفتار مقدمات درج ایس ایچ او تھانہ قمبر سٹی بمع اسٹاف کی دوران گشت میرو خان بائی پاس سے کارروائی میں تین ملزمان سجاد تونیو غلام محمد تونیو اور غلام محمد مغیری کو گرفتار کر لیا ہے

گزشتہ رات دیر گئے ڈوبنے والے کمسن لڑکے فیاض جاکھرو کی لاش برآمد

ورثا نے ریسکیو ٹیم کی بروقت کارروائی، پیشہ ورانہ مہارت اور انتھک محنت کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مکلی کے قریب جام واہ میں گزشتہ رات دیر گئے ڈوبنے والے کمسن لڑکے فیاض جاکھرو کی لاش تقریباً 12 گھنٹے بعد آج صبح ریسکیو 1122 کی ٹیم نے تلاش کر کے نکال لی۔ ریسکیو 1122 کے شفٹ انچارج نیاز احمد ہیلایو کی قیادت میں ٹیم کے اہلکار رحیم ہیلایو، سلطان احمد، غلام کبیر، معظم علی اور اعجاز احمد نے سرچ آپریشن جاری رکھا۔ مسلسل ایک گھنٹے کی بھرپور کوشش کے بعد ٹیم نے لڑکے کی لاش پانی سے نکال کر ورثا کے حوالے کر دی۔ لاش ملنے کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی۔ ورثا نے ریسکیو ٹیم کی بروقت کارروائی، پیشہ ورانہ مہارت اور انتھک محنت کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا،

سکھر: مہران کمپلیکس کے متاثرہ دکانداروں کی سندھ ہائی کورٹ میں نظرثانی درخواست دائر،

نظرثانی کی آئینی درخواست میں سکھر میونسپل کارپوریشن، میئر سکھر، ڈپٹی کمشنر سکھر اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا ہے

سکھر (نمائندہ بولان) مہران کمپلیکس سکھر کے متاثرہ دکانداروں نے اپنی دکانوں کی مسماری کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ میں نظرثانی کی آئینی درخواست دائر کر دی ہے۔ درخواست متاثرہ دکاندار محمد شریف بندھانی اور دیگر کی جانب سے ایڈووکیٹ ظہیر بابر کے توسط سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست گزاروں کے وکیل ایڈووکیٹ ظہیر بابر کا کہنا ہے کہ سکھر میونسپل کارپوریشن، ڈپٹی کمشنر سکھر اور دیگر متعلقہ انتظامی حکام نے ریونیو ریکارڈ موجود ہونے کے باوجود غیر قانونی طریقے سے مہران کمپلیکس کی 42 دکانیں مسمار کر دی تھیں، جس سے دکانداروں کو شدید مالی نقصان پہنچا۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ وفاقی آئینی عدالت نے نسلہ ٹاور کیس میں سپریم کورٹ کے سابقہ فیصلے کو کالعدم قرار دیا ہے، جس کے بعد اسی عدالتی فیصلے کی روشنی میں سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ میں نظرثانی کی آئینی درخواست دائر کی گئی ہے تاکہ متاثرہ دکانداروں کو قانونی ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

حب۔ آل حب شان ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹبال ٹورنامنٹ کے پہلے میچ کے مہمان خصوصی بی این پی مینگل کے سینئر رہنما سابق وائس چیئرمین ساکران محمد یونس رند سیاپاد، ادبی و علمی شخصیت سر محمد رمضان رل بلوچ اور ڈی ایف اے کے صدر خدا بخش بلوچ کا کھلاڑیوں کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

شہید بابا سکندر خان زہری کے نام سے ڈیجیٹل لائبریری قائم کی جائے، اہلیانِ شہید سکندر آباد کا مطالبہ

منصوبے سے نہ صرف علاقے میں علمی و تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا بلکہ نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری ماحول بھی میسر آئے گا،

سوراب (نامہ نگار) شہید سکندر آباد، سوراب کے عوام، نوجوانوں، طلبہ اور سماجی حلقوں نے نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں شہید بابا سکندر خان زہری کے نام سے ایک جدید اور معیاری ڈیجیٹل لائبریری قائم کی جائے تا کہ نوجوانوں کو جدید تعلیمی سہولیات میسر آ سکیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ موجودہ دور میں تعلیم اور تحقیق کے لیے ڈیجیٹل وسائل ناگزیر ہو چکے ہیں۔ اگر شہید سکندر آباد میں ڈیجیٹل لائبریری قائم کی جائے، جہاں تیز رفتار انٹرنیٹ، کمپیوٹرز، ڈیجیٹل لرننگ سہولیات اور جدید کتب دستیاب ہوں، تو اس سے طلبہ وطالبات کی تعلیمی استعداد میں نمایاں اضافہ ہوگا اور وہ اعلیٰ تعلیم و مسابقتی امتحانات کی بہتر تیاری کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے نہ صرف علاقے میں علمی و تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا بلکہ نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری ماحول بھی میسر آئے گا، جس سے وہ دیگر اضلاع کے طلبہ کے ساتھ تعلیمی میدان میں مؤثر انداز میں مقابلہ کرنے کے قابل بن سکیں گے۔ اہلیانِ شہید سکندر آباد نے امید ظاہر کی کہ نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نوجوانوں کے اس اہم اور عوامی مفاد کے حامل مطالبے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے ترجیحی بنیادوں پر ڈیجیٹل لائبریری کے قیام کے لیے عملی اقدامات کریں گے۔

مستونگ میں معزز جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے سیکیورٹی گارڈ کی شہادت کی شدید مذمت

بلوچستان میں حکومت عوام کے جان ومال کے تحفظ کی اپنی بنیادی آئینی ذمہ داری نبھانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، جے یو آئی

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی، جنرل سیکرٹری قاری عبیداللہ، حافظ ہدایت اللہ، وڈیرہ غلام قادر لانگو، حاجی ثناء اللہ لانگو، مفتی عبدالسلام، حاجی امیر محمد کاکڑ، مفتی شکیل احمد، مولانا عبدالکریم ترمذی، حافظ نعمت اللہ، نصر الدین کاکڑ، حافظ حبیب اللہ، حافظ عبدالباسط، مولانا خان محمد ساسولی، مولانا عبدالرشید سالانی، مولانا عصمت اللہ سالانی، ڈاکٹر محمد جاوید، حمد اللہ مینگل اور دیگر رہنماؤں نے مستونگ میں معزز جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے سیکیورٹی گارڈ کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک سانحہ اس تلخ حقیقت کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان میں حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کی اپنی بنیادی آئینی ذمہ داری نبھانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ رہنماؤں نے شہید جج اور ان کے سیکیورٹی گارڈ کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے، لواحقین کو صبرِ جمیل نصیب فرمائے اور زخمیوں کو جلد از جلد شفائے کاملہ عطا فرمائے مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ صوبائی حکومت کی تمام تر کارکردگی محض بیانات، دعوؤں اور پریس کانفرنسوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہے،

'پرامن احتجاج آئینی حق ہے'، ام رباب چانڈیو

پریا کماری کی بازیابی دھرنے پر پولیس کریک ڈاؤن اور گرفتاریوں کی شدید مذمت

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) سندھ کی بیٹی اور انسانی حقوق کی رہنما ام رباب نے ببرلو بائی پاس پر پریا کماری ایکشن کمیٹی کے پرامن دھرنے پر پولیس کی جانب سے رات کے اندھیرے میں کی جانے والی بزدلانہ کارروائی، تشدد اور وکلا، صحافیوں، سماجی کارکنوں سمیت معصوم بچوں کے والدین کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک اہم ویڈیو پیغام میں ام رباب نے پولیس گردی اور ریاستی جبر کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اپنے جگر کے ٹکڑوں اور معصوم پریا کماری کی محفوظ بازیابی کے لیے پرامن احتجاج کرنے والے شہریوں پر لاٹھی چارج اور ان کی گرفتاری اس نظام کی مکمل ناکامی اور بدترین فاشزم کا ثبوت ہے۔

حکومت کا بنیادی مقصد کاروبار میں آسانی پیدا کرنا ہے، قیصر احمد

حکومت کا بنیادی مقصد کاروبار میں آسانی پیدا کرنا اور سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے، اصلاحات پر عملدرآمد میں تاخیر قابل قبول نہیں،

اگر فیصلوں پر عمل نہ ہو تو کمیٹی کا مقصد متاثر ہوتا ہے، معاون خصوصی ہارون اختر خان کا اصلاحات پر عملدرآمد میں تاخیر پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ حکومت کا بنیادی مقصد کاروبار میں آسانی پیدا کرنا اور سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے، اصلاحات پر عملدرآمد میں تاخیر قابل قبول نہیں۔ وہ کابینہ کمیٹی برائے ریگولیٹری اصلاحات (سی سی او آر آر) کے 12ویں اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان، وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان اور متعلقہ وزارتوں و اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی ایجنڈا کمیٹی کی جانب سے منظور شدہ ریگولیٹری اصلاحات پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔ سرمایہ کاری بورڈ سے جاری پریس ریلیز کے مطابق اجلاس کو بتایا گیا کہ کل 558 اصلاحات میں سے 76 پر عملدرآمد مکمل ہو چکا ہے، 232 اصلاحات پر کام جاری ہے جبکہ 243 اصلاحات مقررہ مدت گزرنے کے باوجود التوا کا شکار ہیں۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے اس بات پر زور دیا کہ سی او آر آر کے فیصلوں کو سنجیدگی سے لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا بنیادی مقصد کاروبار میں آسانی پیدا کرنا اور سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ضابطہ کاری میں نرمی ناگزیر ہے اور تمام اصلاحات باہمی مشاورت سے طے کی گئی ہیں، اس لیے ان پر عملدرآمد میں تاخیر قابل قبول نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب توجہ رکاوٹوں کے حل اور بروقت عملدرآمد کو یقینی بنانے پر مرکوز ہونی چاہیے۔ اجلاس میں معاون خصوصی ہارون اختر خان نے اصلاحات پر عملدرآمد میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر فیصلوں پر عمل نہ ہو تو اس کمیٹی کا مقصد متاثر ہوتا ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ تمام التوا کی شکار اصلاحات کے لیے زیادہ سے زیادہ 30 دن کی مہلت دی جائے جس کے بعد متعلقہ اداروں کو وزیراعظم کے سامنے جوابدہ ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے ریگیمیٹر ڈیلش بورڈ سے متعلق دریافت کیا اور ہدایت دی کہ وزرا کے لیے ایک ایگزیکٹو ڈیلش بورڈ تیار کیا جائے تا کہ پیش رفت کی موثر نگرانی ممکن ہو سکے۔ اجلاس میں مختلف وزارتوں اور اداروں کی زیر التوا اصلاحات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے نوٹ کیا کہ بیشتر اصلاحات طریقہ کار کی سادہ کاری اور ڈیجیٹائزیشن سے متعلق ہیں۔ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے حوالے سے بتایا گیا کہ 19 اصلاحات میں سے صرف ایک پر عملدرآمد ہوا جبکہ 18 تا حال التوا کا شکار ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے سے اس تاخیر پر وضاحت طلب کی گئی۔ کمیٹی نے ہدایت دی کہ سی ڈی اے فوری طور پر ایک فوکل پرسن نامزد کرے اور جامع رپورٹ پیش کرے۔ اسی طرح میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد نے آگاہ کیا کہ اس کی زیر التوا اصلاحات پر پیش رفت ہوئی ہے۔ پاکستان ٹوبیکو بورڈ نے اپنی تین اصلاحات کے حوالے سے موقف پیش کیا اور ٹوبیکو ایکسپورٹ پرمٹ کے خاتمے کی تجویز پر اعتراض کیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا

کراچی، اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، دو مبینہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان ہونے والے مقابلے کے نتیجے میں دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق کارروائی تھانہ پاکستان بازار کی حدود میں غازی آباد، جمہوریت بیکری کے قریب کی گئی، جہاں مشتبہ افراد نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس حکام کے مطابق جوابی کارروائی میں دونوں مبینہ ڈاکو زخمی ہو گئے، جنہیں گرفتار کر لیا گیا۔

ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ الطاف حسین لغاری کی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس ٹھٹھہ میں کھلی کچہری

سرکاری ملازمین، ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز کے مسائل سنے گئے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ الطاف حسین لغاری کی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس ٹھٹھہ میں کھلی کچہری، سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے مسائل کے فوری حل کی ہدایت صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ کی ہدایات پر ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ الطاف حسین لغاری نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس ٹھٹھہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں سرکاری ملازمین، ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز کے مسائل سنے گئے اور ان کے فوری اور قانونی حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ کھلی کچہری میں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر یاسر علی چنہ، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر عثمان خالد، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر یامین دلو، اکاؤنٹس اعجاز راہپوتہ، شاہد جمالی، آل سندھ ٹریژری ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر میر عبدالرزاق تراب، گل محمد مری، عمران جمالی سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران، فوکل پرسنز، سرکاری ملازمین اور پنشنرز نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران شرکا نے تنخواہوں، پنشن اور ٹریژری سے متعلق درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ الطاف حسین لغاری نے ہر درخواست گزار کے مسائل توجہ سے سنے اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام جائز شکایات کا قانون کے مطابق فوری ازالہ یقینی بنایا جائے تا کہ متاثرہ افراد کو بروقت ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

سکھر، بجلی چوروں کیخلاف گرینڈ آپریشن کیا جا رہا ہے

گاؤں عارب سولنگی میں پولیس آپریشن، متعدد مکانات مسمار

پولیس کارروائی کے خوف سے کئی مرد گاؤں چھوڑ گئے جبکہ خواتین اور بچے کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہو گئے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گاں عارب سولنگی میں پولیس آپریشن، متعدد مکانات مسمار، دیہاتیوں کے لوٹ مار اور زیادتیوں کے الزامات گاں عارب سولنگی میں گزشتہ رات کے آخری پہر اے ایس پی ٹھٹھہ عبداللہ افضل کی سربراہی میں ضلع کے مختلف تھانوں سے آئے دو سو سے زائد پولیس اہلکاروں نے بھاری مشینری کے ساتھ آپریشن کیا، جس کے دوران دیہاتیوں کے مطابق متعدد مکانات مسمار کر دیے گئے۔ یاد رہے کہ دو روز قبل عدالتی احکامات پر پہنچنے والی پولیس اور ریونیو انتظامیہ کو دیہاتیوں کی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا تھا، جس کے بعد ایک سو سے زائد افراد، جن میں خواتین بھی شامل تھیں، کے خلاف سرکاری ڈیوٹی میں مداخلت اور پولیس پر حملے سمیت مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ متاثرین کا الزام ہے کہ آپریشن کے دوران پولیس نے ہوائی فائرنگ کر کے علاقے میں خوف و ہراس پھیلایا اور متنازع زمین کے علاوہ تقریباً 80 سال پرانے گاں کے متعدد مکانات بھی گرا دیے۔ ان کے مطابق سندھ حکومت کی پیپلز ہاسنگ اسکیم کے تحت تعمیر شدہ گھر بھی مسمار کیے گئے، جبکہ سینئر صحافی اور سماجی شخصیت حاجن سولنگی کی قائم کردہ لائبریری بھی منہدم کر دی۔ گئی

یوکرینی صدر نے فوج کے کمانڈر اِن چیف کو عہدے سے ہٹا دیا

کیف (این این آئی) یوکرینی صدر ولودیمیر زیلنسکی نے فوج کے کمانڈر اِن چیف اولیکسینڈر سرسکی کو عہدے سے ہٹا دیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے ملک کے چیف آف آرمی اسٹاف اولیکسینڈر سرسکی کو عہدے سے برطرف کر دیا اور میخائیلو ڈراپاٹی کو نیا کمانڈر ان چیف مقرر کر دیا۔ ان کی برطرفی چند روز قبل وزیر دفاع میخائیلو فیڈوروف کو عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد سامنے آئی ہے، جس کے خلاف ملک بھر میں عوامی احتجاج بھی ہوا تھا۔

حب۔ مولانا شاہ محمد صدیقی، مفتی عبدالولی اور مولانا یعقوب ساسولی سمیت دیگر جمعیت علماء اسلام شاہ اسماعیل شہید یونٹ آلہ آباد کے مجلس عمومی کا دستوری اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سکھر: سول ڈیفنس روہڑی کی جانب سے سال 2026 کی کارکردگی رپورٹ پیش

ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سکھر نادر شہزاد خان کی جانب سے سینئر پوسٹ وارڈن آغا جبار خان اور ان کی ٹیم کو خراجِ تحسین

سکھر (نمائندہ بولان) سول ڈیفنس روہڑی کی جانب سے سال 2026 کی کارکردگی رپورٹ ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سکھر نادر شہزاد خان کو پیش کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سکھر نادر شہزاد خان نے سینئر پوسٹ وارڈن آغا جبار خان اور ان کی ٹیم کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ نادر شہزاد خان نے کہا کہ سول ڈیفنس روہڑی کی پینتیس سالہ خدمات قابلِ تعریف ہیں۔ سول ڈیفنس روہڑی کو یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ اس کے رضا کاروں نے 1965 اور 1971 کی پاک بھارت جنگوں کے دوران پاک افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کام کیا، متعدد زخمیوں کی جانیں بچائیں اور انہیں ہسپتالوں اور ریلیف کیمپوں تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ تفصیلات کے مطابق سول ڈیفنس روہڑی کی جانب سے سینئر پوسٹ وارڈن آغا جبار خان نے سال 2026 کی پرفارمنس رپورٹ ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سکھر نادر شہزاد خان کو پیش کی۔ اس موقع پر سول ڈیفنس روہڑی کے انچارج ڈپٹی کنٹرولر شفیق احمد سومرو اور انسپکٹر امتیاز بھٹو بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سکھر نادر شہزاد خان نے پرفارمنس رپورٹ کا جائزہ لیتے ہوئے سول ڈیفنس روہڑی کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ سول ڈیفنس کے عالمی دن کے موقع پر موٹروے پولیس اور ریسکیو 1122 کے تعاون سے ایم فائیو موٹروے سے سفر کرنے والے مسافروں میں قرآن پاک کے نسخے بطور ہدیہ تقسیم کرنا کسی عبادت سے کم نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ محرم الحرام کے دوران روہڑی میں تعزیہ کربلا معلیٰ کے مقام پر زخمی عزاداروں کے لیے فرسٹ ایڈ کیمپ قائم کرنا، زخمی عزاداروں کو بروقت طبی امداد فراہم کرنا، انہیں کیمپوں تک پہنچانا اور شدید زخمیوں کو ایمبولینس کے ذریعے ہسپتالوں تک منتقل کرنا سول ڈیفنس کے رضا کاروں کی قابلِ تحسین خدمات ہیں۔ ان رضا کاروں کی عوامی خدمت پر جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ نادر شہزاد خان نے کہا کہ ان شاء اللہ روہڑی کے ساتھ ساتھ صالح پٹ، بنو عاقل اور دیگر علاقوں میں بھی سول ڈیفنس کو فعال کیا جائے گا، تا کہ ہنگامی حالات میں عوام کو بروقت امداد اور ضروری خدمات فراہم کی جا سکیں۔ دوسری جانب سینئر پوسٹ وارڈن آغا جبار خان نے کہا کہ سول ڈیفنس روہڑی کے رضا کار ریسکیو، فائر فائٹنگ اور فرسٹ ایڈ میں مہارت رکھتے ہیں۔ اسی نیک کام کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے نئے وارڈنز کی بھرتی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں، کالجز، این جی اوز، سرکاری ونجی اداروں، فیکٹریوں اور دیگر مقامات پر بھی سول ڈیفنس کی جانب سے خصوصی تربیتی پروگرام منعقد کیے جائیں گے

فرانس میں 15 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر پابندی عائد

پیرس (این این آئی) فرانس کی پارلیمنٹ نے بچوں کی صحت اور سلامتی کے حوالے سوشل میڈیا کے منفی اثرات کے پیش نظر 15 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی کا قانون منظور کر لیا اور یہ قانون بنانے والا پہلا یورپی ملک بن گیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق فرانس کے جونیئر وزیر اے آئی اینے لے ہنیف نے کہا کہ فرانس یورپ میں ڈیجیٹل میچورٹی اپنانے والا پہلا ملک بن کر اس عمل کے لیے راہ ہموار کر رہا ہے

امریکی وزیر جنگ کی سینیٹ کی کمیٹی میں پیشی کے دوران مظاہرین کا احتجاج، پولیس بلانا پڑ گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کی سینیٹ کی فنڈز مختص کرنے والی کمیٹی میں پیشی کے دوران مظاہرین نے نعرے لگاتے ہوئے کہا کہ ایران اور فلسطین میں ہمارے بچوں پر بمباری بند کرو، یہ غیر قانونی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مظاہرین نے کہا کہ جنگ ایرانی عوام کے خلاف ہے، تمہارے ہاتھ 17 امریکیوں کے خون سے رنگے ہیں۔

حب۔ بیروٹ پولیس کی کارروائی میں غیر قانونی طور پر "ڈنکی" کے ذریعے بیرونِ ملک جانے کی کوشش کرنے والے 15 افراد حراست میں ہیں

آل حب شان ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ

مہمان خاص بی این پی مینگل کے سینیئر رہنماء سابق وائس چیئرمین ساکران محمد یونس رند سیاپاد تھے

حب (نمائندہ بولان) آل حب شان ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ میں مگسی ایف سی کی اے آر ایم اکیڈمی کے خلاف 1-4 سے کامیابی۔ آزاد بلوچ کلب ساکران کے بینر تلے ڈی ایف اے حب کی نگرانی میں ہائی اسکول ساکران گراؤنڈ میں جاری ایونٹ کا آج پہلا میچ کھیلا گیا مہمان خاص بی این پی مینگل کے سینیئر رہنماء سابق وائس چیئرمین ساکران محمد یونس رند سیاپاد تھے۔ جنہیں گراؤنڈ پہنچنے پر چیف ارگنائزر واحد قومی نے پرتپاک استقبال کیا۔ انھیں روایتی اجرک ادبی و علمی شخصیت سر محمد رمضان رل بلوچ نے پہنائی انکے ہمراہ ڈی ایف اے کے صدر خدا بخش بلوچ، ہیڈ ماسٹر محمد طاہر سیاپاد، محمد خان رند سیاپاد، بھاول خان رند سیاپاد، مینگل برادری کے شاہ نزر مینگل، حافظ عبیداللہ مینگل، وزیر خان کیازئی نزر محمد بلوچ عظیم اللہ سیاپاد، محمد حسن میروانی، قادر میروانی ودیگر ہمراہ تھے ٹورنامنٹ کا پہلا میچ مگسی ایف سی حب اور اے آر ایم اکیڈمی بھوانی کے درمیان کھیلا گیا، جس میں مگسی ایف سی کے شہزاد نے شاندار ہیٹرک کر کے اپنی ٹیم کو 4-1 سے کامیابی دلائی۔ اے آر ایم اکیڈمی نے بھرپور مقابلہ کیا مگر اسکور ایک گول سے آگے نہ بڑھ سکی مہمانِ خصوصی نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے ملاقات کی، ان کی حوصلہ افزائی کی

کراچی، دوست ہی چور نکلا، پولیس نے 36 لاکھ روپے برآمد کر لیے

کراچی (این این آئی) کراچی کے ضلع ویسٹ پولیس نے نقب زنی کی ایک بڑی واردات کا سراغ لگاتے ہوئے مدعی کے قریبی دوست کو گرفتار کر لیا اور اس کی نشاندہی پر چوری ہونے والے 36 لاکھ روپے نقد برآمد کر لیے۔ پولیس کے مطابق ملزم نے لوٹی گئی رقم اپنے گھر میں ریتی اور بجری کے نیچے چھپا رکھی تھی، جسے کامیاب کارروائی کے دوران قبضے میں لے لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کے ترجمان کے مطابق مدعی مقدمہ فیاض خان، جو پیشے کے اعتبار سے موبائل فون کے تاجر ہیں، نے پولیس کو اطلاع دی تھی

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جمعہ 24 جولائی 2026، بمطابق 9 صفر 1448ھ

وزیراعلیٰ سندھ نے کراچی کیلئے 50 ملین گیلن یومیہ اضافی پانی مانگ لیا

چیئرمین واپڈا سے ملاقات میں کے 4 منصوبے کی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال، آر بی او ڈی کے معاملات حل کرنے کیلئے ماہرین کی کمیٹی بنانے پر بھی اتفاق

واپڈا آر بی او ڈی پر خرچ کیے گئے پیسے حکومت سندھ کو واپس کرے، کے 4 منصوبے پر 53 فیصد کام مکمل، وزیراعلیٰ سندھ نے حصے کے ساڑھے 8 ارب جاری کرنے کی ہدایت کردی

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کراچی کیلئے حب ڈیم سے 50 ملین گیلن یومیہ اضافی پانی مانگ لیا۔ چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی سے وزیراعلیٰ ہاس میں ملاقات کے دوروان کے فور منصوبے اور آر بی او ڈی سمیت کئی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیر بلدیات سعید غنی، وزیر آبپاشی جام خان شورو، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف، سیکریٹری آبپاشی ظریف کھیڑو اور کے فور منصوبے کے پروجیکٹ ڈائریکٹر عامر مغل نے شرکت کی۔ ملاقات کے ابتدا میں مراد علی شاہ نے کہا کہ حکومت سندھ کراچی کو پانی کی سپلائی بڑھانے کیلئے متوازی کینال بنا رہی ہے۔ انہوں نے کراچی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے یومیہ 50 ملین گیلن اضافی پانی مختص کرنے پر زور دیا۔ چیئرمین واپڈا نے وزیراعلیٰ کو تجویز دی کہ وہ واٹر بورڈ سے کہیں کہ اس سلسلے میں تحریری درخواست جمع کرائے جس پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ تحریری درخواست پہلے ہی جمع کرائی جا چکی ہے۔ چیئرمین واپڈا نے وزیراعلیٰ سندھ کو بتایا کہ حب کینال کی مرمت کے سلسلے میں واٹر بورڈ پر واپڈا کے 1 ارب روپے واجب الادا ہیں، وزیراعلیٰ نے جواب دیا کہ ان کی حکومت واپڈا کے واجبات کا معاملہ حل کرے گی۔ انہوں نے وزیر بلدیات سعید غنی کو سمری پیش کرنے کی ہدایت کی۔ کراچی کو یومیہ 260 ملین گیلن پانی کی فراہمی کے میگا منصوبے (کے 4) فیز (1 کے کینجھر جھیل سے کراچی میں تین اختتامی پوائنٹس ہیں جن میں پپری، نیک اور منگھوپیر شامل ہیں۔ پروجیکٹ واپڈا بنا رہی ہے اور تکمیل کی تاریخ جون 2026 ہے۔ واپڈا کی جانب سے جو تعمیرات کی جا رہی ہیں ان میں کینجھر جھیل پر 650 ملین گیلن یومیہ کا انٹیک اسٹرکچر، کینجھر پمپنگ کمپلیکس کو جانے والے 650 ملین گیلن یومیہ گریویٹی چینل، کمپلیکس میں 130 ایم جی ڈی کی 2 پمپنگ اسٹیشنز ہوں گی۔ اس کے علاوہ 260 ایم جی ڈی کی پائپ لائن اور فلٹریشن پلانٹ کے ساتھ 3 آبی ذخائر کی تعمیر بھی منصوبے کا حصہ ہے۔ دوسری جانب حکومت سندھ تقسیم اور توسیع کے نظام پر کام کر رہی ہے۔ 50 میگاواٹ پاور سپلائی کے انتظامات بھی کیے جا رہے ہیں اور راستے میں منصوبے کے لیے درکار زمینیں حاصل کی جارہی ہیں۔ چیئرمین واپڈا نے کے 4 منصوبے پر پیش رفت کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ منصوبہ قومی اور بین الاقوامی کنٹریکٹرز کے ذریعے 8 مختلف ٹھیکوں کی صورت میں مکمل کیا جا رہا ہے۔ انٹیک اسٹرکچر، پمپنگ اسٹیشنز، واٹر سپلائی کے نظام، پانی کے ذخائر اور فلٹریشن پلانٹس سمیت تمام منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ مجموعی طور پر منصوبے پر 53 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ بات چیت میں حکومت سندھ کے حصے کے ساڑھے 8 ارب روپے کا اجرا بھی زیر بحث آیا جس پر وزیراعلیٰ سندھ نے وزیر بلدیات سعید غنی کو ہدایت کی کہ وہ سندھ حکومت کے حصے کے پیسے جاری کرنے کیلئے سمری تیار کریں۔ راستے کی 5 کلومیٹر زمین اور عدالتی مقدمات کے سلسلے میں وزیراعلیٰ سندھ نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کو ہدایت کی کہ اسٹے آرڈرز ختم کرائیں تاکہ منصوبے پر کام کو آگے بڑھایا جاسکے۔ اس کے علاوہ آر ڈی 78 پر ایک اور زمین کے تنازعے پر وزیراعلیٰ نے سینئر ممبر بورڈ آف ریوینو کو ہدایت کی کہ معاوضے کی ادائیگی کا معاملہ حل کیا

فیصل آباد، قاتلانہ حملوں میں گولیاں لگنے سے خاتون سمیت 4 افراد لہولہان

فیصل آباد (این این آئی) نشاط آباد کے علاقہ سلطان نگر میں گھریلو جھگڑے پر قریبی عزیز ملزم وقاص نے فائرنگ کر کے 22 سالہ عشا نور نشاط آباد کے علاقہ غلام محمد آباد نمبر 2 کا رہائشی عبداللہ اپنے ماموں کے ختم پاک میں شرکت کیلئے جا رہا تھا کہ معمولی جھگڑے پر مسلح افراد نے گولیاں مار کر بری طرح زخمی کردیا۔

خاران میں جیولر کی دکان پر ڈکیتی، مزاحمت پر دکاندار زخمی

ڈاکو لاکھوں روپے کے زیورات اور نقدی لوٹ کر فرار، پولیس نے تحقیقات شروع کردیں

خاران (یو این اے) خاران کے سٹی شاپنگ بازار میں واقع جیولر کی دکان پر تین نقاب پوش مسلح ڈاکوں نے دن دہاڑے واردات کرتے ہوئے لاکھوں روپے کے زیورات اور نقدرقم لوٹ کر فرار ہو گئے۔ مزاحمت کرنے پر دکاندار کاشف جمیل لوراجہ کو ڈاکوؤں نے بندوق کی بٹ سے زخمی کر دیا۔ دکاندار کے مطابق ڈاکوؤں نے اس کے ساتھ بدسلوکی کرتے ہوئے دکان میں موجود تمام قیمتی سامان لوٹ لیا۔ پولیس کو اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کردی اور تحقیقات کا آغاز کردیا۔

سولر پینل درآمد کی آڑ میں 106 ارب کی منی لانڈرنگ بے نقاب

منی لانڈرنگ مافیا کیخلاف ایف بی آر کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سولر پینل کی درآمد میں اربوں روپے کے ٹیکس گھپلے کا اسکینڈل پکڑا گیا۔ 7 جعلی کمپنیوں نے سولر پینل کی درآمدات کی آڑ میں 106 روپے کی منی لانڈرنگ کی

۔حکام کے مطابق منی لانڈرنگ کے خلاف شواہد کی بنیاد پر کارروائیوں سے منی لانڈرنگ کے بدنام زمانہ کارٹیل کو کامیابی کے ساتھ ختم کردیا گیا ہے جس نے 7 جعلی کمپنیوں کے ذریعے 106 ارب روپے کی منی لانڈرنگ کی

تحقیقات کے دوران مذکورہ 7 جعلی درآمد کنندگان اوور انوائسنگ اور سولر پینل کی درآمدات کے عوض 106 ارب روپے کے منی لانڈرنگ میں ملوث پائے گئے حالانکہ درآمد کیے جانے والے سولر پینل کی مجموعی مالیت انکم ٹیکس ڈیکلریشن کے مطابق 11 کروڑ 90 لاکھ روپے تھی

ان بوگس کمپنیوں کی 85 ارب روپے کی تمام مقامی فروخت غیر رجسٹرڈ اور ناقابل شناخت افراد کے نام پر ظاہر کی گئی۔ تحقیقات کے دوران اس بات کے واضح ثبوت ملے ہیں کہ درآمدی مرحلے پر بڑے پیمانے پر اوور انوائسنگ کی نشاندہی ہوئی ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 106 ارب روپے کی منی لانڈرنگ بے نقاب کرتے ہوئے اسکینڈل میں ملوث 7 جعلی کمپنیوں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق منی لانڈرنگ مافیا کیخلاف ایف بی آر کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سولر پینل کی درآمد میں اربوں روپے کے ٹیکس گھپلے کا اسکینڈل پکڑا گیا۔ 7 جعلی کمپنیوں نے سولر پینل کی درآمدات کی آڑ میں 106 روپے کی منی لانڈرنگ کی۔ حکام کے مطابق منی لانڈرنگ کے خلاف شواہد کی بنیاد پر کارروائیوں سے منی لانڈرنگ کے بدنام زمانہ کارٹیل کو کامیابی کے ساتھ ختم کردیا گیا ہے جس نے 7 جعلی کمپنیوں کے ذریعے 106 ارب روپے کی منی لانڈرنگ کی۔ تحقیقات کے دوران مذکورہ 7 جعلی درآمد کنندگان اوور انوائسنگ اور سولر پینل کی درآمدات کے عوض 106 ارب روپے کے منی لانڈرنگ میں ملوث پائے گئے حالانکہ درآمد کیے جانے والے سولر پینل کی مجموعی مالیت انکم ٹیکس ڈیکلریشن کے مطابق 11 کروڑ 90 لاکھ روپے تھی۔ ان بوگس کمپنیوں کی 85 ارب روپے کی تمام مقامی فروخت غیر رجسٹرڈ اور ناقابل شناخت افراد کے نام پر ظاہر کی گئی۔ تحقیقات کے دوران اس بات کے واضح ثبوت ملے ہیں کہ درآمدی مرحلے پر بڑے پیمانے پر اوور انوائسنگ کی نشاندہی ہوئی ہے۔ برآمد کنندہ ملک چین کی اصل کمرشل انوائس کے مطابق سولر پینلز کی حقیقی قیمت 0.15 سینٹ فی واٹ تھی، بعدازاں پاکستان میں 0.35 سے 0.70 امریکی ڈالر فی واٹ کی ویلیو کے تناسب سے درآمد کیے گئے جو 235 فیصد سے 500 فیصد کے درمیان بڑے پیمانے پر اوور انوائسنگ کو ظاہر کرتا ہے۔ خصوصی ٹیموں کے متحرک ہونے اور تحقیقات میں تیزی کے ساتھ، ایف بی آر تمام مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے پرعزم ہے۔ ایف بی آر کی کوششوں نے اس بدنام زمانہ نیٹ ورک کو ختم کر دیا ہے اور اس سنڈیکیٹ کا خاتمہ مالیاتی جرائم کے خلاف جنگ میں ایک اہم پیشرفت کی نشاندہی کرتا ہے۔

گرین ہاوس گیس اخراج کو کم کرنے کے اقدامات، اے ڈی بی نے پائلٹ اسٹڈی شروع کردی

پاکستان میں کاربن مارکیٹ کے اقدامات کے لیے ضروری ڈیٹا فراہم کریں گے، ایشیائی ترقیاتی بینک

اسلام آباد (انٹر نیوز) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان میں پانی کی پیداواری صلاحیت بہتر کرنے کے لیے شیخوپورہ اور اوکاڑہ میں پائلٹ اسٹڈی شروع کردی گئی ہے جس میں زمین کو گیلا اور خشک کرنے کے لیے متبادل طریقہ کار کے ٹرائلز کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق شیخوپورہ اور اوکاڑہ میں چاول کی فصل پر متبادل طریقہ کار کے ٹرائلز کا نفاذ کیا گیا، متبادل طریقہ کار سے چاول کی پیداوار پر اثرات کا تجزیہ کیا جارہا ہے

اے آئی ٹیکنالوجی وقت کی ضرورت، کامیابی کا ایجنڈا طے کرنا ہوگا، ملک محمد احمد خان

دیہات کی کسمپرسی کا احساس ہے میں موجودہ حکومت کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ترقیاتی کاموں کا رخ دیہات کی طرف موڑ دیا

تعلیم کا بجٹ دس سے تین فیصد رہ گیا ہے تو اسے کم از کم پانچ فیصد کرنا ہوگا، اسپیکر پنجاب اسمبلی کا انٹرنیشنل کانفرنس مینجمنٹ سائنسز کی تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے لاہور گیریژن یونیورسٹی میں منعقدہ پانچویں انٹرنیشنل کانفرنس مینجمنٹ سائنسز کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے آئی ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت ہے، ہمیں اپنی کامیابی کا ایجنڈا طے کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہم نے اے آئی کو زندگی میں شامل نہ کیا تو دنیا سے پیچھے رہ جائیں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ دیکھنا یہ ہے کہ ہم نے اپنے ملک میں اے آئی کو کیسے لانا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ انسانوں نے ہمیشہ ایسی ٹیکنالوجی بنائی جسے بعد میں کنٹرول نہیں کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ ماضی اپنی ایجادات کے باعث برباد ہوا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے قانون سازی کے عمل میں ٹیکنالوجی کی شمولیت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے معزز ممبران اسمبلی جو قانون سازی کرتے ہیں، وہ اے آئی ٹیکنولوجی سے نا آشنا ہیں، ہمیں اے آئی کے متعلق شعور پیدا کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے آئی کے متعلق پاکستان کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے اور واضح کیا کہ آپ مشین کو لیڈر شپ کردار ادا کرنے کا حق نہیں دے سکتے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے زور دیا کہ حکومت، سیاسی جماعتیں، ادارے، عدلیہ اور عسکری بازو سب کی توجہ دیہاتوں کی طرف ہونی چاہیے۔ دیہات کی کسمپرسی کا احساس ہے اور میں موجودہ حکومت کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ترقیاتی کاموں کا رخ دیہات کی طرف موڑ دیا ہے۔ نوجوانوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ نوجوان ہمارے ملک کی آبادی ہیں لیکن پالیسی بنانے والا کوئی نہیں۔ اگر تعلیم کا بجٹ دس سے تین فیصد رہ گیا ہے تو اسے کم از کم پانچ فیصد کرنا ہوگا۔

12970 ارب روپے کا حصول ممکن دکھائی نہیں دے رہا، سینیٹر محمد عبدالقادر

رائٹ سائزنگ کے نام پر گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کے کم تنخواہ دار چھوٹے ملازمین کو نکالا جا رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ حکومت کا یہ کہنا کہ کوئی منی بجٹ نہیں آ رہا لیکن 12970 ارب ... روپے سے زائد کے شارٹ فال کا سامنا کرتا رہا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ حکومت ایف بی آر کی کارکردگی بہتر بنانے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے اور اب حکومت کا یہ کہنا کہ منی بجٹ نہیں آ رہا بہت اچھی خبر ہے عوام اس صورتحال میں حکومت بیان سے اطمنان کا سانس لیں گے لیکن ساتھ ہی 12970 ارب روپے کے ٹیکسوں کی وصولی کا ہدف حاصل کرنے کا حکومتی دعویٰ جھوٹ لگتا ہے حکومت کا یہ دعویٰ کہ پرائمری سرپلس کا ہدف کامیابی سے پورا کیا، ٹیکس وصولیوں کو انفورسمنٹ و دیگر ... رائٹ سائزنگ کا کام مکمل ہوگیا ہے، 5 محکموں میں جاری ہے حکومت رائٹ سائزنگ کے نام پر گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کے کم تنخواہ دار چھوٹے ملازمین کو نکال رہی ہے جبکہ گریڈ 17 سے 22 تک کے افسران جن کی تنخواہیں اور مراعات اصل میں محکموں پر بوجھ ہیں کو رائٹ سائزنگ میں شامل نہیں کیا گیا۔ جو کہ چھوٹے ملازمین کے ساتھ صریحاً ظلم ہے۔

چین میں چھرا گھونپنے کی واردات، طالبعلم نے 8 افراد ہلاک کردیئے

بیجنگ (این این آئی) چین کے مشرقی شہر ووشی میں ہفتے کی شام چاقو گھونپ کر ہلاک کرنے کی بڑی واردات سامنے آئی ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ مقامی ... معمولی مظہر ہے۔ چین کے ایک جنوبی شہر ژوہائی میں بھی محض چند دن قبل 'ہٹ اینڈ رن' کا ایک واقعہ پیش آیا تھا۔ کھیلوں کے مرکز کے باہر ایک کار پر سوار افراد نے لوگوں کے ایک گروپ پر کار چڑھا دی۔ جس کے نتیجے میں 35 افراد ہلاک اور 43 زخمی ہو گئے تھے۔ اب یہ تازہ واقعہ چاقو زنی کا پیش آیا ہے۔ پولیس کی طرف سے کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

پاکستان کو گزشتہ 4 دہائیوں سے اندرونی طور پر اور اب بیرونی طور پر منقطع رہنے کو کون یقینی بنا رہا ہے، مزمل اسلم

پی آئی اے نے پشاور سے پروازیں بند کردی ہیں، پشاور سے لاہور اور ملک کے دیگر حصوں کے لیے کوئی پرواز نہیں

پشاور (این این آئی) مشیر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا برائے خزانہ و بین الصوبائی رابطہ مزمل اسلم نے انتہائی اختصار اور جامع انداز سے پاکستان میں مواصلاتی معذوری یعنی انٹرنیٹ بندش اور مواصلات کی ابتر ہوتی صورتحال پر اپنے تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر ملک کی مواصلاتی معذوری پر بیان جاری کرتے ہوئے مشیر خزانہ مزمل اسلم نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم کہ پاکستان کو گزشتہ 4 دہائیوں سے اندرونی طور پر اور اب بیرونی طور پر منقطع رہنے کو کون یقینی بنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے تو ہم نے ریل نیٹ ورک چھوڑ دیا ہے اور موٹرویز بنانا شروع کردی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں موٹرویز کے خلاف نہیں ہوں لیکن ریلوے نیٹ ورک کو نظرانداز کرنا گناہ تھا۔ انہوں نے مزید تشریح کرتے ہوئے کہا کہ پھر ہم نے تمام ٹریفک (تجارتی، کارگو، مسافر) کو سڑک کی طرف موڑنے کے لیے پاکستان ریلوے کو تباہ کردیا ہے، ریلوے نظام کی تباہی سے ہمارے تیل کے درآمدی بل میں بڑے پیمانے پر اضافہ ہوا۔ مزمل اسلم نے کہا کہ ہم نے اندرون ملک ریلوے کارگو کی حوصلہ شکنی کی ہے، تیل اور گیس کی اندرون ملک پائپ ٹرانسپورٹیشن کے لیے کوئی پائپ لائن نہیں بچھائی، ریلوے نظام کی بربادی کے نقصانات کی جانب اشارہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سے ہمارا روڈ نیٹ ورک تباہ ہوگیا ہے اور دیکھ بھال اور مرمت (M&R) پر بجٹ میں اضافہ ہوا ہے۔

پارلیمانی سیکرٹریز میر محمد خان لہڑی اور میر عبدالصمد خان گورگیج ملاقات کررہے ہیں

عوام شدید مالی پریشانیوں میں مبتلا، غیر معمولی مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، مولانا عبدالواسع

ممتاز تاجر راز محمد کاکڑ کے بیٹے مصور خان کی تاحال بازیابی عمل میں نہ لانا سوالیہ نشان ہے، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی مجلس عاملہ و پارلیمانی گروپ کا مشترکہ اجلاس صوبائی امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان سینٹر مولانا عبدالواسع کی صدارت میں صوبائی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری جمعیت علما اسلام بلوچستان مولانا آغا سید محمود شاہ صوبائی مجلس عاملہ کے تمام اراکین شیخ الحدیث مولانا حافظ محمد یوسف، شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، مولانا کمال الدین، مولانا سرور ندیم، مولانا نظر محمد حقانی، حاجی منظور احمد مینگل، دلاور خان کاکڑ، حاجی محمد نواز کاکڑ، حاجی غوث اللہ اچکزئی، دین محمد سیگ، خالد ولید سیفی میر حسن ساسولی پارلیمانی گروپ کے تمام فضل قادر مندوخیل، حاجی اصغر ترین، ڈاکٹر محمد نواز کاکڑ، سید ظفر اللہ آغا، ودیگر شریک ہوئے۔ اجلاس میں جماعت کی صورتحال، تنظیمی امور پر تفصیلی بحث ہوئی صوبے کی حالات کے حوالے سے جماعت کے معمولات کے حوالے سے اہم فیصلے کئے گئے جسکو صوبائی امیر مجلس شوریٰ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کے زریعے اعلان کرینگے اور صوبائی سرکلر کے زریعے اضلاع کو بھیجے جائیں گے۔ اجلاس میں صوبے کی بگڑتی ہوئی امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا اور ایجنڈے میں بلوچستان کے تمام حالات بیروزگاری کا صوبے میں جاری ترقیاتی کاموں کا، صوبے میں صوبائی حکومت کی کارکردگی کا، صوبے میں امن وامان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی امیر اور صوبائی مجلس عاملہ کے ارکین نے امن وامان کے حوالے سے مختلف اضلاع کے حالات سے صوبائی جماعت کو آگاہ کیا کہ صوبے کے کن کن اضلاع میں امن و امان کے صورتحال خراب ہے۔ اجلاس سے صوبائی امیر نے تمام نقاط پر تفصیلی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام شدید مالی پریشانیوں میں مبتلا ہے غیر معمولی مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی لوگوں کی خرید قوت بالکل ختم ہو کر رہ گئی اشیاء خوردنوش کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گ ء ڈالر کی بڑھتی ہوئی قیمت اور روپے کی گرتی ہوئی قیمت نے روزمرہ کے اشیاء کو ناممکن بنا دیا ہے صوبے کو تاریکی کی طرف دھکیلا جار ہا ہے حکومت نام کی کوئی چیز موجود نہیں ہے صوبے میں باعزت افراد کے ساتھ ناروہ سلوک برداشت نہیں ہے ممتاز تاجر راز محمد کاکڑ کے بیٹے مصور خان کی تاحال بازیابی عمل میں نہ لانا سوالیہ نشان ہے صوبائی دارلحکومت میں اس طرح واقعات کا ہورہی ہے تو باقی صوبے کی کیا حالت ہوں گی زندگی کی بنیادی حقوق پامال کئے جا رہے ہیں ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ ہم روڈوں پر نکلیں اس وقت صوبے میں ہر طرف غیر یقینی صورتحال ہے، حکومت اپنی پوزیشن واضح کرے کہ اس حالت میں وہ اپنی ناکامی تسلیم کریں مدارس کو مختلف حیلے بہانوں سے تنگ کیا جا رہا ہے اس سلسلے میں ان پر بے جا چھاپے مارے جا رہے ہیں حکومت یہ رویہ ترک کرے

مسلم باغ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) مسلم باغ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، لواحقین کا لاش سڑک پر رکھ کر احتجاج، پولیس حکام کے مطابق اتوار کو مسلم باغ کے علاقے مہاجر اڈہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ عبدالواحد محرابزئی نامی شخص جاں بحق ہوگیا۔ فائرنگ کے بعد افراد موقع سے فرار ہوگئے پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔ دریں اثناء مقتول کے لواحقین نے کوئٹہ ژوب قومی شاہراہ پر لاش رکھ کر احتجاج کیا جس سے سڑک پر ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی بعدازاں انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد لواحقین نے احتجاج ختم کر کے قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لئے کھول دیا۔

اسرائیل کو ہتھیاروں کی فروخت اور منتقلی روکی جائے

50 ممالک کا اقوام متحدہ سے مطالبہ

ہم ایسی ریاست سے کیا توقع کرسکتے ہیں جو شر پسندی سے مغلوب ہو کر شر کے محور کی حمایت سے تنازعات بھڑکانے کی کوشش میں مصروف ہو

بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزیوں کے سبب شہریوں کی ہلاکتوں کی حیران کن تعداد جس میں اکثریت بچوں اور عورتوں کی ہے،

جنیوا (اے ایف بی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی میں 50 سے زائد ممالک نے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فروخت اور منتقلی روکنے کیلئے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق ان ممالک کا کہنا ہے کہ اس بات کے شبے کی مناسب وجوہات موجود ہیں کہ یہ عسکری ساز وسامان غزہ اور مغربی جنین میں استعمال کیا جائے گا جو تنازع کا شکار ہیں۔ یہ بات اقوام متحدہ کے زیر انتظام دونوں اداروں اور تنظیم کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کو پیر کے روز بھیجے گئے ایک خط میں کہی گئی ہے، خط میں مذکورہ ممالک نے اسرائیل پر الزام عائد کیا کہ وہ غزہ سمیت فلسطینی اراضی، لبنان اور بقیہ مشرق وسطیٰ میں بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزیاں کر رہا ہے۔ خط کے متن کے مطابق کہ " قابض طاقت اسرائیل کی جانب سے ایک سال سے زیادہ عرصے سے بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزیوں کے سبب شہریوں کی ہلاکتوں کی حیران کن تعداد جس میں اکثریت بچوں اور عورتوں کی ہے، یہ ناقابل برداشت اور ناقابل قبول ہے۔ ہمیں فوری طور پر ایسے اقدامات کی ضرورت ہے جن سے شدید انسانی المیے اور علاقائی عدم استحکام کو روکا جاسکے جو خطے میں ایک وسیع جنگ چھیڑنے کا خطرہ بن سکتا ہے"۔ خط میں سلامتی کونسل پر زور دیا گیا ہے کہ اس المیے سے گریز کے لیے فوری جنگ بندی کا اعلان کیا جائے اور شہریوں کے تحفظ کے لیے سابقہ قراردادوں پر عمل درآمد کے اقدامات کیے جائیں، ساتھ ہی اسرائیل کو ہتھیاروں کی منتقلی روکنے کا واضح مطالبہ جاری کیا جائے۔ ادھر اقوام متحدہ میں اسرائیلی سفیر ڈینی دانون نے اس خط میں ترکی کے کردار پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایسی ریاست سے کیا توقع کرسکتے ہیں جو شر پسندی سے مغلوب ہو کر شر کے محور کی حمایت سے تنازعات بھڑکانے کی کوشش میں مصروف ہو؟" یاد رہے کہ شر کے محور کی اصطلاح پہلی مرتبہ سابق امریکی صدر جارج بش نے ایران، شمالی کوریا اور عراق کی طرف اشارے کے لیے استعمال کی تھی۔

سندھ حکومت کا یوتھ ڈولپمنٹ سینٹر کو سندھ یوتھ کلب میں تبدیل کرنے کا اعلان

یوتھ سٹیزن جرنلسٹ، انٹرنیشنل ایکسچینج، ڈیجیٹل اسکل ٹریننگ اور یوتھ ایمرجنگ سٹار پروگرام بھی شروع کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے یوتھ ڈولپمنٹ سینٹر کو سندھ یوتھ کلب میں تبدیل کرنے کا اعلان اور یوتھ سٹیزن جرنلسٹ، انٹرنیشنل ایکسچینج، ڈیجیٹل اسکل ٹریننگ اور یوتھ ایمرجنگ سٹار پروگرام بھی شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ وزیر کھیل ونوجوانان سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ محکمہ کھیل سندھ نے یوتھ ڈولپمنٹ سینٹر کو سندھ یوتھ کلب میں تبدیل کرنے جا رہا ہے اور یوتھ سٹیزن جرنلسٹ، انٹرنیشنل ایکسچینج، ڈیجیٹل اسکل ٹریننگ، یوتھ ایمرجنگ سٹار پروگرام شروع کرنے اور اسپورٹس کے ایونٹ یونین کانسل اور ڈسٹرکٹ سطح پر شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے، ان خیالات کا اظہار وزیر کھیل سندھ نے محکمہ کھیل کی جانب سے یوتھ گالا فیسٹول کے آخری روز دورہ کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ یوتھ کلب میں لائبریری، ای لائبریری فری لانسر نیسٹ، پوڈ کاسٹ اسٹوڈیو اور دیگر کھیلوں کی سرگرمیاں شامل ہونگی، محکمہ کھیل سندھ نوجوانوں کو سی ایس ایس کی تیاری اور کمپیوٹر کی تربیت بھی دے رہا ہے، جبکہ سندھ 2721 نوجوانوں کو مختلف کھیلوں کی تربیت دے چکے ہیں اور 2679 نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔ سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ یوتھ سٹیزن جرنلسٹ، انٹر نیشنل ایکسچینج، ڈیجیٹل اسکل ٹریننگ اور یوتھ ایمرجنگ سٹار پروگرام بھی شروع کرنے جا رہے ہیں

کویت نے پاکستان کیلئے تیل کریڈٹ کی سہولت میں 2 سال توسیع کردی

حکومت اور وزیراعظم اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر رہے ہیں

،ہم مشکل فیصلے لیتے ہوئے پاکستان کو اس کا کھویا ہوا مقام دلوائیں گے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) کویت نے پاکستان کے لیے تیل کریڈٹ کی سہولت میں 2 سال کی توسیع کر دی۔ یہ سہولت کویت پیٹرولیم کی جانب سے پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کو دی گئی ہے اس ضمن میں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے اسلام آباد میں کویتی سفیر نے ملاقات کی، اس موقع پر علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کویت اور دیگر برادر ممالک کی سپورٹ کی بدولت مشکل معاشی اصلاحات میں کامیابی حاصل کی ہے۔ کویتی سفیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ترقی حاصل کی ہے، ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ پاکستان کے لیے خصوصی رعایت پر کویت کا شکریہ ادا کرتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کویت کے عوام، امیر کویت اور ولی عہد کے لیے بے پناہ محبت اور احترام رکھتے ہیں۔ بعد ازاں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان گزشتہ ماہ کیا گیا، پوری دنیا پاکستان کے مشکل مگر بہتر معاشی فیصلوں کو سراہ رہی ہے، پاکستان کی ریٹنگ عالمی ایجنسی کی جانب سے بڑھائی گئی، پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم عالمی سطح کا ایونٹ بن گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ، حکومت اور وزیراعظم اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر رہے ہیں، ہم مشکل فیصلے لیتے ہوئے پاکستان کو اس کا کھویا ہوا مقام دلوائیں گے، مہنگائی کو لگام ڈال دی گئی ہے، بلوچستان کے عوام کو کراچی سے چمن تک ہائی وے کا تحفہ وفاقی کابینہ نے کل اپنے اجلاس میں دیا، ہر کوئی اس سڑک کو بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لیے اہم قرار دیتا ہے، پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کے بجائے اس رقم سے یہ ہائی وے مکمل کی جائے گی۔

آئی جی پنجاب کی زیر نگرانی صوبہ بھر میں پولیس کے انسداد منشیات آپریشنز جاری

صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 1700 سے زائد چھاپے مارے گئے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل میں رواں سال بھی انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر نگرانی صوبہ بھر میں پولیس کے انسداد منشیات آپریشنز جاری ہیں جس کے تسلسل میں رواں سال کے دوران صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 17 سو سے زائد چھاپے مارے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ منشیات کے دھندے میں ملوث 1031 ملزمان گرفتار کیے گئے اور 1026 مقدمات درج کرتے ہوئے ملزمان کے قبضہ سے 704 کلوگرام چرس، 36 کلوگرام ہیروئن، 03 کلو افیون، 16 کلو آئس اور 15 ہزار لٹر سے زائد شراب بھی برآمد کی گئی ہے جبکہ نشے کی بیماری میں مبتلا 03 افراد کو بحالی کیلئے علاج گاہوں میں داخل کروایا گیا۔

اے سی چمن امتیاز بلوچ شہر میں منشیات فروشوں کیخلاف کاروائی کررہے ہیں

نئی امریکی حکومت کے آتے ہی روس کے ساتھ جنگ ختم ہو جائے گی، یوکرینی صدر

ٹرمپ حکومت جنگ کے خاتمے کو یقینی بنائے گی، ولادیمیر زیلنسکی

کیف (انٹر نیوز) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ مجھے یقین ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امریکی صدارت کا منصب سنبھالنے کے بعد روس کے ساتھ جنگ جلد ختم ہو جائے گی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرینی صدر زیلنسکی نے کہا کہ امریکی صدارتی انتخابات میں کامیابی کے بعد ٹرمپ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کے دوران ان کے ساتھ مثبت تبادلہ خیال ہوا، گفتگو میں روس کے خلاف جنگ کے حوالے سے بات چیت ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا ٹرمپ نے ایسی کوئی بات نہیں سنی جو یوکرین کے موقف کے برعکس ہو، نئی امریکی حکومت جنگ کے خاتمے کو یقینی بنائے گی۔ واضح رہے کہ امریکی انتخابی مہم کے دوران سابق صدر سے نو منتخب صدر بننے والے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بار بار ایک دن میں جنگ ختم کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن انہوں نے ابھی تک یہ نہیں بتایا کہ وہ ایسا کیسے کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ جرمن تحقیقاتی ادارے کیل انسٹی ٹیوٹ فار دی ورلڈ اکانومی کے مطابق امریکہ یوکرین کو اسلحہ فراہم کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔ روس یوکرین جنگ کے آغاز اور جون 2024 کے اختتام تک اس نے 55.5 ارب ڈالر مالیت کے ہتھیار اور ساز وسامان فراہم اور مزید بھیجنے کا وعدہ کیا۔ روس کے خلاف جنگ کے لیے یوکرین کو رواں سال کے اوائل میں امریکی ایوان نمائندگان نے 61 ارب ڈالر کے فوجی امدادی پیکج کی منظوری دی تھی۔

حزب اللہ کا اسرائیل کے پانچ مختلف فوجی اڈوں پر میزائل حملہ

بیروت (انٹر نیوز) حزب اللہ نے اسرائیلی شہر حیفا کے اندر اور قرب و جوار میں قائم پانچ مختلف فوجی اڈوں پر میزائل حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں اسرائیلی عبادت گاہ و نقصان پہنچا اور دو افراد زخمی ہو گئے۔ حزب اللہ کی طرف سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی بحریہ کے ایک اڈے میں قائم ایک تکنیکی اڈے 'سٹیلا مارس نیول بیس' اور حیفا کے قریب دو دوسرے اسرائیلی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا گیا ہے، ان میں سے ایک اسرائیلی فوج کا 'فیول ڈپو' بھی ہے، جسے نشانہ بنایا گیا ہے۔ جس میں بیک وقت کئی سالووں میزائل فائر کیے گئے ہیں

خیبر پختونخوا میں سرکاری اداروں میں بھرتیوں کے عمل کو جدید اور شفاف بنانے کے لیے اہم پیش رفت

WSSP پشاور میں مختلف آسامیوں پر بھرتی کے لیے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ کا کامیاب انعقاد، نتائج موقع پر ہی جاری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں بھرتی کے عمل کو جدید اور شفاف بنانے کے لیے اہم پیش رفت ہوئی ہے جس کے تحت ایجوکیشنل ٹیسٹنگ اینڈ ایویلیوایشن ایجنسی (ایٹا) کے WSSP کی مختلف آسامیوں پر بھرتی کے لیے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ کا کامیاب انعقاد کیا۔ امتحانی پرچہ خودکار طریقہ سے کمپیوٹر نے تصادفی (Random) طور پر تیار کیا جس سے ہر امیدوار کو ایک منفرد پرچہ ملا۔ WSSP پشاور میں منیجر (ایڈمن اینڈ اکاؤنٹس/کسٹمر کیئر)، اسسٹنٹ منیجر (ایچ آر اینڈ ایڈمن)، اسسٹنٹ منیجر (اکاؤنٹس اینڈ پیمنٹس)، اسسٹنٹ منیجر (ایم آئی ایس)، ایچ آر آفیسر، فلیٹ آفیسر اور ایم آئی ایس اسسٹنٹ کی بھرتی کے لئے امتحان ایٹا کے زیر اہتمام منعقد ہوا۔ تمام امتحانی عمل کمپیوٹرائزڈ طریقہ سے انجام پذیر ہوا۔ کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹنگ نظام کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ امتحانی عمل شفاف، منظم اور وقت اور وسائل کی بچت کے اصولوں پر مبنی ہو۔ اس نظام کے تحت امیدواروں کو امتحان مکمل کرنے کے فوراً بعد ان کے نتائج اسکرین پر دکھا دیے گئے۔ اس پورے عمل میں انسانی مداخلت کو کم سے کم رکھا گیا تاکہ ٹیسٹ کے معیار اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ امیدواروں نے آرام دہ اور منظم ماحول میں امتحان میں حصہ لیا اور اپنی نشست چھوڑنے سے پہلے اپنے نتیجے سے آگاہ ہو کر امتحانی مرکز سے رخصت ہوئے۔

فیصل کریم کنڈی سے سکھ کمیونٹی خیبر پختونخوا کے نمائندہ وفد کی ملاقات

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے سکھ کمیونٹی خیبر پختونخوا کے نمائندہ وفد نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی ہے۔ باباجی گرو پال سنگھ کی قیادت میں وفد نے گورنر کو سکھ کمیونٹی کو درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا۔ سکھ کمیونٹی کے وفد نے گورنر خیبر پختونخوا کو روایتی چادر بھی پہنائی۔ وفد نے شمشان گھاٹ اٹک اور شمشان گھاٹ بارہ روڈز کی تعمیر کیلئے گورنر سے کردار ادا کرنے کی درخواست کی

چین کی ای کامرس مارکیٹ کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ

سپلائی کی صلاحیت اور خدمات کے معیار میں نمایاں بہتری

بیجنگ (این این آئی) چائنا فیڈریشن آف لاجسٹکس اینڈ پرچیزنگ نے دسمبر 2024 کا چائنا ای کامرس لاجسٹکس انڈیکس جاری کیا۔ پورے سال کی ترقی کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ چین کی ای کامرس لاجسٹکس کی مارکیٹ میں مسلسل بہتری آئی، سپلائی کی صلاحیت اور خدمات کے معیار میں نمایاں بہتری اور مارکیٹ کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ دسمبر 2024 کا چائنا ای کامرس لاجسٹکس انڈیکس 112.7 پوائنٹس ہے، جو پچھلے ماہ کے مقابلے میں 2.8 پوائنٹس کم ہے

اسرائیلی وزیراعظم کے گھر پر حملہ، دو لائٹنگ بم گھر کے صحن میں جا گرے

واقعہ کے وقت نیتن یاہو اور ان کے خاندان کے افراد گھر میں موجود نہیں تھے

تل ابیب (انٹر نیوز) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے سیزریا میں گھر پر حملہ، دو لائٹنگ گھر کے صحن میں جا گرے، واقعہ کے وقت نیتن یاہو اور ان کے خاندان کے افراد گھر میں موجود نہیں تھے۔ اتوار کو اسرائیلی سکیورٹی سروسز کے مطابق قیساریہ میں وزیراعظم کے گھر کے قریب دو لائٹنگ بموں کا پتہ چلا، جو ان کے گھر کے صحن میں گرے۔ پولیس فورسز اور جنرل سکیورٹی سروس جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ حادثے کے وقت وزیراعظم اور ان کے خاندان کے افراد گھر پر موجود نہیں تھے یہ واقعہ خطرناک حد تک کشیدگی کا سبب بن سکتا ہے، اسکی تحقیقات کی جائیں گی۔ اس واقعے کے نتیجے میں کوئی نقصان نہیں ہوا۔ دوسری جانب اتوار کو اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا

برطانیہ، طالب علم کے قبضے سے دھماکہ خیز مواد برآمد ہونے پر سکول خالی کرالیا گیا

لندن (این این آئی) برطانیہ کے ایک پرائمری میں موجود طالب علم کے قبضے سے دھماکہ خیز مواد برآمد ہونے کے بعد فوری طور پر سکول کو خالی کرالیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ اساتذہ کو معلوم ہوا کہ ایک طالب علم کے پاس دھماکہ خیز مواد ہے۔

اسرائیلی بمباری سے شام میں فلسطینی اسلامی جہاد گروپ کے دو لیڈر قتل

تل ابیب (این این آئی) فلسطینی مزاحمتی گروپ اسلامی جہاد کے دو سینئر رہنماؤں کو اسرائیلی جنگی طیاروں نے بمباری کر کے شام میں قتل کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات فلسطینی گروپوں سے متعلق ذرائع نے بتائی۔

چین میں مشترکہ مارکیٹ کی تعمیر کے لیے رہنما اصولوں کا اجرا

ایک مشترکہ مارکیٹ کی تعمیر کے لئے پانچ پہلوؤں پر توجہ مرکوز کی جانی چاہیے

بیجنگ (این این آئی) چین نے مشترکہ مارکیٹ کی تعمیر میں آزمائشی نفاذ کے لئے رہنما اصول جاری کر دیئے۔ دستاویز میں نشاندہی کی گئی ہے کہ یہ ایک موثر، معیاری، منصفانہ مسابقت پر مبنی اور مکمل طور پر کھلی مشترکہ مارکیٹ کی تعمیر، وسیع رینج میں وسائل کے ہموار بہاؤ اور موثر تقسیم کو فروغ دینے، مارکیٹ کے لین دین کی لاگت کو کم کرنے، سائنسی و تکنیکی جدت طرازی اور انٹرپرائز کی ترقی کے لئے فائدہ مند ماحول پیدا کرنے کے لئے سازگار ہے۔ مزید یہ کہ یہ لوگوں کے لئے زیادہ اعلیٰ معیار کی مصنوعات اور خدمات فراہم کرنے کے لئے بھی سازگار ہے۔

میرے بیٹوں کا قتل سفاکیت کی انتہاء ہے

دونوں بیٹے مزدور تھے کسی سے کوئی تعلق نہیں تھا، امام علی اور محب علی کی والدہ کا بیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں قتل کئے گئے سگے بھائیوں امام علی اور محب علی کی والدہ نے کہا ہے کہ دہشتگردوں نے میرے ایک بیٹے کو شادی کے پروگرام سے اغوا کیا اور دوسرے بیٹے کو بھائی کو چھڑانے کے بہانے بلایا دہشتگردوں نے میرے دونوں بیٹوں کو بیدردی سے شہید کر کے گھر کے سامنے پھینک دیا۔ یہاں جاری کئے گئے ایک ویڈیو بیان میں امام علی اور محب علی کی والدہ نے کہا کہ 7 نومبر 2024 کو دہشتگرد دوں نے ضلع مستونگ، کانچی کے رہائشی میرے دو بیٹوں امام علی اور محب علی کو قتل کیا

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روزنامہ بولان BOLAN HUB
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد الیاس کبدو نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

عشق باطن

بیاجی کی یہ کتاب نظر سے گزری تو تبصرہ لکھنے پر دی۔ کتابوں میں کتاب کے ایک ڈھیر میں کہیں کھو گئی۔ چند دن پہلے اسٹڈی میں پڑی یہ کتاب عشق باطن دوبارہ نظر آئی، ورق گردانی کی تو کمال شاعری لگی۔ جذب وجدان اور عشق سے گندھے ہوئے لازوال شعر جنہیں پڑھنے سے انسان کو مزہ سا رہ جاتا ہے۔ بیاجی سے ایک تقریب میں پہلی ملاقات ہوئی تھی۔ مگر انھیں دیکھ کر ایسا لگا جیسے بہت پرانی ملاقات ہو۔ برادرم فرحت عباس شاہ نے اس کتاب پر کیا خوب تبصرہ فرماتے ہوئے رقم کیا ہے۔ ویسے بھی میری ان سے فرحت عباس شاہ شاعری کا کمال۔ لوگوں نے عشق کا کا نام ہی سنا ہوگا۔ بیاجی اس عمل سے گزر رہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے دکھوں میں ہر روز نکھار اور شاعری میں گداز بڑھتا جا رہا ہے۔ غزل دیکھیے:

ہجر کے جان گداز موسم میں
کام بگڑے کئی سنوارے ہیں
میری خوشیاں تمہارے دامن میں
میری جھولی میں غم تمہارے ہیں

اب کیا کریں کہ اس سفر کا کہ جو ہمارے عہد کی اکلوتی صوفی شاعرہ بیاجی نے اختیار کیا ہے۔ آغاز تو ہے لیکن انجام کوئی نہیں۔ موڑ اور پڑاو ضرور آتے ہیں لیکن قیام نصیب نہیں ہوتا۔ بیاجی کے سفر عشق کے ایک پڑاو کی کتھا زیر نظر کتاب میں موجود ہے اور اگلی کہانی کا انتظار واشتیاق بڑھ گیا ہے۔ اس لیے کہ یہ کہانی لکھنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ اگرچہ بقول بیاجی:

زندگی کا راز داں ہوتا نہیں
وقت سب پر مہرباں ہوتا نہیں

لیکن مجھے لگتا ہے بیاجی پر مہربان ہو چکا ہے۔

محترم رضا عباس رضا عشق باطن میں لکھتے ہیں: بیاجی کی ذات کا ایک پہلو ہے آج مجھے جس پہلو پر بات کرنا ہے وہ ہے ان کی شاعری۔ میں نے اس کی شاعری سنی بھی ہے اور پڑھی بھی، وہ فراموشی کی زمین میں یاددہانی کے بیج بونے کا ہنر جانتی ہیں۔ وہ غزل اور نظم دونوں میں طبع آزمائی کر چکی ہیں۔ شاعری ذات سے کائنات کا ایک سفر ہے، اس سفر میں اگر عشق مصطفیٰ ﷺ وآل مصطفیٰ ﷺ کی صورت دل سے زبان اور زبان سے تحریر تک آ جائے تو یہ مان لینا چاہیے کہ دین دنیا سے الگ نہیں ہے۔

تاریخ ہے گواہ کہ روئے زمین پر
انسانیت کا مہر درخشاں حضور ﷺ ہیں
علم اونچا امام پاک تیرا
اسی کو میں نے قبلہ کر لیا ہے

بیاجی ہمیں انجانے موسموں کی سیر کراتی ہیں وہ یہ یقین رکھتی ہیں کہ ذات کا تجربہ کائنات کی مشابہت کی بنیاد ہوتی ہے۔ بیاجی کی شاعری دو

زلف در زلف کی کشتی کو پیشانی پر
میرے جذبات کی تحریر کے لکھتا ہے

محترم ڈاکٹر صابر مرزا نے اس کتاب کے بارے میں فرمایا ہے: بیاجی نے ان عشق کی واردات اور رومانی شاعری کے علاوہ بھی معاشرتی ناہمواریوں کے پیدا ہونے والے امتیازات اور عدم مساوات کے مسائل کو دکھ درد کو محسوس کرتے ہوئے ان کو الفاظ کا روپ دے کر اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کیا ہے۔ بیاجی کو اشعار میں اپنے احساسات، خیالات کو بیان کرنے کا سلیقہ وہنر بخوبی آتا ہے۔

میری رائے میں بیاجی کا شمار ادبی دنیا کی چند باصلاحیت خواتین میں ہوتا ہے۔ بیاجی کی اس کتاب یعنی عشق باطن میں غزلیات اپنی جگہ نہایت خوبصورت ہیں لیکن ان کی نظمیں اور کافیاں بھی اپنی مثال آپ ہیں، ان میں کئی جگہوں پر صوفیانہ انداز کی جھلک اور اسلوبیاتی تنوع بھی دکھائی دیتا ہے ایسا لگتا ہے کہ بیاجی نے زیست کے اس سفر میں آنے والی دھوپ اور چھاؤں کا بھرپور طریقے سے ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔ جس نے انھیں خوب سے خوب تر اور کندن بنا دیا ہے۔ نیچے دیے گئے بیا کی عقیدت بھری نعت کے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

تخلیق کائنات کا عنوان حضور ﷺ ہیں
لاریب دو جہان کے سلطان حضور ﷺ ہیں
ذکر رسول ﷺ پاک ہے ذکر خدائے پاک
محبوب حق کے روپ میں یزداں حضور ﷺ ہیں

ڈاکٹر صغیر احمد صغیر رقم طراز ہیں: مشاعرہ جاری تھا، ہر آنے والے شاعر کو واہ واہ کی داد مل رہی تھی۔ کوئی واہ واہ کرتا، کوئی تالیاں بجا کر داد دیتا لیکن مہمان خصوصی کی نشست پر براجمان شخصیت کی طرف سے داد ایک مسکراہٹ کی شکل میں وارد ہو کر آنکھوں کے رستے دل میں اتر جاتی۔

خوبصورت سے کہیں آگے کا ایک پروقار چہرہ چمکدار مسکراتی آنکھیں رکھنے والی وہ خاتون تھیں بیا جی۔ مشاہرہ ختم ہوا اور ہم جیسے کئی بیچارے بیا جی کے ساتھ تصویر بنوانے کی خواہش کا قتل کرتے پائے گئے۔ وجہ؟ سادہ سی وجہ تھی کہ بیاجی کے اندر کا فقیر جو نہ خود نمود و نمائش کو خود پر سوار ہونے دیتا ہے نہ ہی اپنے چاہنے والوں کو۔ بیاجی کی شخصیت کی کئی پرتیں ہیں جو اول تو ہر شخص پر کھلتی ہیں اور کچھ نہ کچھ کھلیں بھی تو مہ و سال لگ جاتے ہیں۔ نام مسکراہٹ قد و قامت مشاغل سے لے کر مصوری اور شاعری سب کچھ پراسرار بلکہ الف لیلوی۔

گولڈن جوبلی

کیا حسن اتفاق ہے کہ 7 ستمبر 1974 کو پاکستان کی پارلیمنٹ نے عقیدہ ختم نبوت کو آئینی تحفظ دیتے ہوئے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا اور آج پچاس سال بعد 7 ستمبر 2024 کو مسلمانوں نے اس تاریخ ساز فیصلے کی گولڈن جوبلی منائی اور تجدید عہد بھی کیا۔

جمعیت علمائے اسلام اور مجلس تحفظ ختم نبوت نے مینار پاکستان کے وسیع گراؤنڈ میں یوم الفتح منانے کے لیے گولڈن جوبلی کانفرنس کا انعقاد کیا جس میں ملک بھر سے لاکھوں عاشقان مصطفیٰ نے جوق در جوق شرکت کر کے ختم نبوت کی چوکیداری کا ثبوت دیا۔ کانفرنس 7 ستمبر کی سہ پہر شروع ہونا تھی لیکن قافلے کئی دن پہلے ہی پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ ریلوے اسٹیشن، بس اڈوں، لاہور کی چھوٹی بڑی شاہراہوں پر عشاق کا ہجوم تھا، ختم نبوت کے جلوس اور ٹولیاں نعروں سے گونج رہی تھیں۔ ہر طرف ختم نبوت کے نعروں سے کو بھی ہوتی محسوس ہو رہی تھیں۔ کانفرنس کے آغاز سے پہلے ہی مینار پاکستان گراؤنڈ کا دامن تنگ پڑ چکا تھا، گرمی اور حبس کے باوجود شمع رسالت کے پروانوں سے کھچا کھچ بھر چکا تھا۔

گولڈن جوبلی کانفرنس کے انتظامات جمعیت علمائے اسلام کی ذیلی تنظیم انصار الاسلام کے ہزاروں رضا کاروں نے سنبھالے اور انتہائی منظم انداز میں کانفرنس کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ان انتظامات کے روح رواں جمعیت علمائے اسلام کے حافظ نصیر احمد احرار اور سیکریٹری اطلاعات مولانا غضنفر صاحب تھے جس کے لیے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ سہ پہر کانفرنس کا آغاز ہوا، تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور قائدین کی آمد کا سلسلہ شروع ہوا جو کانفرنس کے اختتام تک جاری وساری رہا۔ امیر مجلس حافظ ناصر الدین خاکوانی، مولانا عزیز الرحمٰن، مفتی تقی عثمانی، مفتی محمد حسن، پیر ذوالفقار نقشبندی، مولانا فضل الرحیم اشرفی ایسے اکابرین ضعف اور علالت کے باوجود اسٹیج پر جلوہ افروز تھے۔

قائدین کے بیانات کا سلسلہ جاری رہا، لاہور کی فضاں میں تاجدار ختم نبوت کے نعرے گونجتے رہے۔ امیر شریعت سید عطا اللہ شاہ بخاری سے لے کر مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود اور مفتی محمود سے لے کر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن تک عقیدہ ختم نبوت کی چوکیداری کا حق ادا کرنے والے تمام اکابرین کو خراج عقیدت پیش کرنے کا سلسلہ جاری تھا۔ اکابرین کی ولولہ انگیز تقاریر کا سلسلہ سارا دن جاری رہا مگر شمع رسالت کے پروانوں کو جس کا انتظار تھا وہ مولانا فضل الرحمٰن کے خطاب کا منتظر تھا کیونکہ مولانا کا خطاب راہبران عشق کی منزل کی حیثیت رکھتا

تحریر: اشفاق اللہ جان

تھا۔ اس لیے سب کی نظریں مولانا فضل الرحمٰن پر جمی ہوئی تھیں۔ مولانا کو دعوت خطاب دی گئی تو لاکھوں کے مجمعے نے کھڑے ہو کر تکبیر کے نعروں سے ان کا استقبال کیا۔ مولانا ڈائس پر آئے اور خطاب شروع ہوا۔

آج انھوں نے اپنی تقریر کا خطبہ معمول سے ہٹ کر عطا اللہ شاہ بخاری کی طرح مترنم انداز میں پڑھا، دل مضطرب ہو گئے، آنکھوں سے اشک رواں ہو گئے۔ پاکستان میں اسلام کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں۔ ان کا خطاب چار اہم ترین نکات کے گرد گھومتا رہا، پہلا تحفظ عقیدہ ختم نبوت، دوسرا مسئلہ فلسطین، تیسرا تحفظ مدارس دینیہ اور چوتھا نکتہ سودی نظام سے نجات کا تھا۔ ان چاروں نکات پر مولانا کا خطاب پاکستان کے ہر غیور مسلمان کے دل کی آواز اور ترجمانی تھی۔

مولانا نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ 50 سال کے بعد آج کا دن دنیا کو یہ پیغام دے رہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی ختم نبوت پر شب خون مارنے والوں کو اپنی عاقبت کا اندازہ کر لینا چاہیے کہ پاکستان کے عوام اپنے رسول اللہ کی ختم نبوت کے دفاع کے لیے ہر حد پار کر سکتے ہیں۔ 50 سال گزرنے کے باوجود بھی قوم کے عاشقانہ جذبے میں کوئی کمی نہیں آئی اور ان شا اللہ اگلی صدی تک میں اس کی ضمانت دیتا ہوں اللہ کے فضل وکرم پر اور اس پر اعتماد کرتے ہوئے کہ آئندہ صدی بھی آپ کی ہے۔

مولانا کی تقریر کا دوسرا نکتہ امت مسلمہ کا سب سے بڑا مسئلہ، مسئلہ فلسطین تھا، یہ سلگتا ہوا مسئلہ ہر مسلمان کے لیے اضطراب وبے قراری کا سبب ہے، پاکستان میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے باقاعدہ ایک مہم چلائی گئی، جمعیت علمائے اسلام میدان میں نکلی اور مختلف شہروں میں تاریخی ملین مارچ کر کے ملت اسلامیہ کی ترجمانی کا حق ادا کیا۔ مولانا نے اپنے خطاب میں واشگاف الفاظ میں کہا کہ میں دنیائے اسلام کے حکمرانوں کو کہنا چاہتا ہوں اور آپ کی طرف سے پیغام دینا چاہتا ہوں کہ اسرائیل کے وجود کو تسلیم نہیں کیا جاسکتا اور اتنے زیادہ انسانوں کا خون بہانے کے بعد بھی کیا امریکا جس کے ہاتھوں سے فلسطینیوں کا خون ٹپک رہا ہے، جس کے ہاتھوں سے عراقیوں کا خون ٹپک رہا ہے، جس کے ہاتھوں سے افغانوں کا خون ٹپک رہا ہے، جس کے ہاتھوں سے لیبیا کے عوام کا خون ٹپک رہا ہے۔

کیا اس کے بعد بھی امریکا کو انسانی حقوق کی بات کرنے کا حق حاصل ہے؟ امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہوسکتا ہے انسانی حقوق کا علمبردار نہیں ہوسکتا۔ مولانا کی تقریر کا تیسرا نکتہ مدارس دینیہ کا تحفظ تھا، مدارس دینیہ کے حوالے سے جن تحفظات کا اظہار کیا جاتا ہے، اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ ہی نہیں جمعیت علمائے اسلام اور ملک کی دیگر جماعتوں نے بھی ایسے تحفظات کو مسترد کر دیا تھا لیکن مدارس سے وابستہ علمائے کرام تاحال شدید مضطرب ہیں، مولانا نے اپنے خطاب میں دوٹوک الفاظ میں کہا کہ عالمی آقاں کے دبا پر تم ہمارے دینی مدارس پر دباؤ ڈال رہے ہو، تم میرے مدرسے کی ایک اینٹ گراؤ گے، میں تمہارے اقتدار کی پوری عمارت کو زمین بوس کر دوں گا۔ مولانا کا جرات مندانہ موقف ان لاکھوں مضطرب علما وطلبا کے جذبات واحساسات کا ترجمان ہے۔

مولانا نے خبردار کیا کہ کوئی اسلام کو مت چھیڑے، عقیدہ ختم نبوت پر امت مسلمہ کا اجماع اور سود کے خاتمے پر پوری قوم متفق ہے۔ وفاقی شریعت عدالت نے سود کے خاتمے کا فیصلہ کیا، اسٹیٹ بینک اور نیشنل بینک نے اس کے خلاف اپیلیں واپس لیں لیکن کچھ بینکوں نے اپیل دائر کی اور اس پر اسٹے لیا نظر ثانی کے لیے درخواست دی۔ میں نے چیف جسٹس صاحب سے درخواست کی ہے کہ جن لوگوں نے سود کی حرمت کے حوالے سے جو عدالت نے فیصلے دیے ہیں اور اس کے خلاف اپیلیں دائر ہوئی ہیں ان اپیلوں کو فوراً نمٹایا جائے، عدالت نے تمام اداروں کو یہ ہدایت کی تھی کہ پانچ سال کے اندر اندر اپنے مالیاتی نظام کو سود کی آلائش سے پاک کر دیں پھر کسی بینک کے اسٹے کے اوپر کیسے آپ نے اتنا بڑا فیصلہ روکا ہوا ہے! ان شا اللہ اس کے لیے بھی تحریک چلائیں گے، سود کا نظام اللہ اور اس کے رسول سے براہ راست جنگ کا نام ہے، کوئی مسلمان یہ کیسے سوچ سکتا ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرے؟

یوم الفتح کی گولڈن جوبلی کے موقع پر مولانا فضل الرحمٰن کا خطاب ملک بھر کی دینی جماعتوں، علما ومشائخ اور اسلام پسند عوام کیلیے مشعل راہ ہے، انھوں نے ایک گائیڈ لائن دی، نصب العین کا تعین کر کے بتا دیا ہے کہ اگر ہم اسلام کے نام پر حاصل کیے گئے اس ملک میں اسلام کا تحفظ چاہتے ہیں تو اسی نصب العین کے لیے جدوجہد کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ جہاں جاگے بھٹک جاگے اور داستاں بھی نہ ہوگی تمہاری داستانوں میں۔

☆☆☆☆☆☆☆

سیاسی کشیدگی

اسلام آباد کے جلسہ کے بعد سیاسی کشیدگی میں یک دم بہت اضافہ ہوگیا ہے۔ یہ درست ہے کہ تحریک انصاف اور بالخصوص گنڈا پور کی تقریر ناقابل قبول تھی۔ لیکن وہ تو ہمیشہ ایسی ہی زبان میں بات کرتے ہیں۔ ان کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ بدزبانی کرتے ہیں، گالم گلوچ کرتے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ گلگت اور آزاد کشمیر کے انتخابات میں بھی وہ مریم نواز اور اپنے دیگر سیاسی مخالفین کے خلاف اسی قسم کی بدکلامی کرتے تھے۔ لیکن تب وہ ایسی زبان استعمال کرتے تھے تو اسٹبلشمنٹ ان کے ساتھ ہوتی تھی۔ آج نہیں ہے۔ پہلے بھی اور آج بھی لیکن فرق یہ ہے کہ وہ اپنے سیاسی مخالفین کے خلاف تو نازیبا زبان استعمال کرتے آ رہے ہیں۔

تاہم اس جلسہ میں ان کی اسٹبلشمنٹ کے بارے میں زبان نے زیادہ تنازعہ کھڑا کر دیا ہے۔ ان کے سیاسی مخالفین تو ماضی میں ان کی بدزبانی کو نظرانداز کرتے رہے ہیں۔ لیکن اسٹبلشمنٹ نے نظر انداز نہیں کیا۔ جس کی وجہ سے مجھے لگ رہا ہے کہ سیاسی مخالفین نے بھی نظر انداز کرنے کی پالیسی ختم کر دی اور جواب دینا شروع کر دیا ہے۔ شاید علی امین گنڈا پور جس اسٹبلشمنٹ کی طاقت پر سیاسی مخالفین سے بدتمیزی اور بدزبانی کیا کرتے تھے وہ طاقت ختم ہونے سے اب گنڈا پور کے لیے سیاسی اور دیگر مشکلات میں اضافہ نظر آ رہا ہے۔ گنڈا پور کچھ گھنٹے غائب رہے۔ گو کہ اب وہ کہہ رہے ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے اسٹبلشمنٹ کے نمائندوں کو ملنے گئے تھے۔ لیکن وہ کسی کے رابطے میں نہیں تھے۔

اس لیے ان کے ساتھیوں نے ان کے غائب ہونے کے حوالے سے شور مچا دیا۔ تاہم واپس آنے کے بعد انھوں نے ایک معنی خیز خاموشی قائم رکھی ہوئی ہے۔ وہ کوئی بات نہیں کر رہے۔ ان کی بات بالواسطہ سامنے آئی ہے۔ لیکن انھوں نے خود کوئی بات نہیں کی ہے۔ ان کی خاموشی بھی بہت سے سوالات جنم دے رہی ہے۔ بالواسطہ بات میں یہ تاثر دینے کی کوشش کی جا رہی ہے انھوں نے جلسہ میں جو بات کی ہے وہ اس پر قائم ہیں۔ کچھ لوگ یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ ان کی گنڈا پور سے بات ہوئی ہے وہ جلسہ میں کی گئی تمام گفتگو پر مکمل قائم ہیں۔ لیکن واپسی کے بعد گنڈا پور خود یہ بات نہیں کر رہے ہیں۔ وہ خاموش ہیں۔ اس خاموشی نے بہرحال ان کی موجودہ سیاسی پوزیشن کے حوالے سے ابہام پیدا کیا ہے۔

کیونکہ یہ دعویٰ بھی سامنے آیا ہے کہ انھوں نے اپنی گفتگو پر معافی مانگ لی ہے۔ وہ معافی مانگ کر ہی واپس آئے ہیں۔ اسی لیے خاموش ہیں۔ جلسہ کے بعد تحریک انصاف کے ارکان اسمبلی کی گرفتاریاں بھی دیکھنے میں آئی ہیں۔ چند ارکان کی پارلیمان کے اندر سے گرفتاری نے بہت تنازعہ پیدا کیا ہے۔ حکومت پارلیمان کے اندر سے گرفتاریوں کا دفاع نہیں کر سکی ہے۔ اسی لیے اسپیکر قومی اسمبلی نے پارلیمان کے اندر سے گرفتار ارکان کو رہا کروایا ہے۔ لیکن جہاں تک پارلیمان کے تقدس کی بات ہے تو تحریک انصاف کا اپنا ماضی بھی اس حوالے سے کوئی شاندار نہیں ہے۔ آج تحریک انصاف کے لیے پارلیمان کا تقدس بہت اہم نظر آ رہا ہے۔ آج پارلیمان تحریک انصاف کے لیے مقدس نظر آ رہی ہے۔ جلسہ کا یہ اعلان بھی کافی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ کہ اگر بانی تحریک انصاف کو پندرہ دن میں رہا نہیں کیا گیا تو تحریک انصاف انھیں خود رہا کروالے گی۔ اب حکمران اتحاد انھیں چیلنج کر رہا ہے کہ آئیں اور رہا کروا کر دکھائیں۔ مجھے لگتا ہے کہ یہ چیلنج ان کے لیے سیاسی مشکلات بڑھائے گا۔ اگر پندرہ دن بعد بانی تحریک انصاف رہا نہیں ہوتے اور تحریک انصاف کچھ نہیں کرتی تو یقیناً ان کا مذاق اڑایا جائے گا۔ یہ اعلان ہی مضحکہ خیز ہے۔ سیاسی جماعت کو ایسا اعلان نہیں کرنا چاہیے۔ کیونکہ یہ ممکن نہیں۔ بلکہ سیاسی جماعت اور ان کے لیڈروں کی تخریب پسندانہ ذہن کی عکاس ہے۔ سیاسی جماعت کسی بھی لحہ پر قانون توڑنے کی بات اور اس کا اعلان نہیں کرتی۔ تحریک انصاف کے لیے ماضی میں بھی ان کی عسکریت تخریب پسندی نے ایسے مسائل پیدا کیے ہیں جن سے باہر نکلنا آج بھی مشکل نظر آ رہا ہے۔ اس لیے میں نہیں سمجھتا کہ تحریک انصاف سیاسی طور پر ایسی صورتحال میں نہیں ہے کہ دوبارہ کسی مشکل کو گلے لگا سکے۔ یہ درست ہے کہ تحریک انصاف کا کلچر ایسا ہے کہ وہاں بدزبانی بدتمیزی اور دروغ گوئی کے نمبر بہت زیادہ ہے۔

پارٹی میں یہ زبان اور لہجہ پسند کیا جاتا ہے۔ بانی تحریک انصاف بھی ایسا لہجہ اور گفتگو پسند کرتے ہیں۔ اسی لیے جہاں گنڈا پور کی تقریر نے ان کے لیے مسائل پیدا کیے ہیں وہاں بانی تحریک انصاف اس کی توثیق کر رہے ہیں۔ وہ گنڈا پور کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ بلکہ انھوں نے ان سب کو بھی پارٹی چھوڑنے کا کہا ہے جنھیں گنڈا پور کی تقریر پسند نہیں آئی ہے۔ اس طرح ایک طرف تنقید ہے تو دوسری طرف حوصلہ افزائی بھی ہے۔ سیاست کے کئی پہلو ہوتے ہیں۔ گنڈا پور کی ایک تقریر نے انھیں تحریک انصاف کا لیڈر بنا دیا ہے۔ وہ عمران خان کے بعد سب سے مقبول بن گئے ہیں۔ اس سے پہلے جب جلسہ ملتوی کیا گیا تھا تو گنڈا پور پر بہت تنقید ہوئی تھی۔ انھیں اسٹبلشمنٹ کا ایجنٹ کہا گیا۔ تحریک انصاف کے سوشل میڈیا پر انھیں ڈبل ایجنٹ کہا گیا۔ لیکن اس تقریر نے تحریک انصاف کے سب ناقدین کو بھی ان کے حق میں کر دیا ہے۔

وہ تحریک انصاف میں اس وقت بانی تحریک انصاف کے بعد سب سے مقبول لیڈر بن گئے ہیں۔ یہ کوشش بہت سے لیڈرز نے کی ہے لیکن ناکام ہوئے ہیں۔ اس لیے گنڈا پور اس ایک تقریر سے اپنی تحریک انصاف میں پوزیشن کلیئر کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اب انھیں اسٹبلشمنٹ کا ایجنٹ نہیں سمجھا جا رہا ہے۔ سیاسی جلسوں میں سیاسی مخالفین کے خلاف نازیبا گفتگو کوئی نئی بات نہیں ہے۔ ماضی میں اس سے بھی گندی بات ہوتی رہی ہے۔ لیکن یہ دلیل کہ ماضی میں بھی ایسی زبان استعمال ہوتی رہی ہے کوئی اچھی دلیل نہیں۔ ہمیں ماضی سے سبق بھی سیکھنا ہے۔ گنڈا پور کو یہ بھی دیکھنا ہے کہ ماضی میں نازیبا گفتگو کرنے والوں کا انجام کوئی اچھا نہیں ہوا۔ سیاست میں آپ کو ایک تو دوسروں سے ملنا بھی ہوتا ہے۔ اس لیے ایسی گفتگو کرنی چاہیے کہ مل کر بھی بیٹھا جاسکے۔

اجتماع کی آزادی

سینیٹ اور قومی اسمبلی نے اسلام آباد کی حدود میں غیر قانونی اجتماع کرنے کو جرم قرار دینے کا قانون منظور کر لیا۔ صدر آصف علی زرداری نے فوری طور پر یہ قانون اسلام آباد میں نافذ کر دیا۔ سینیٹر عرفان صدیقی کے پیش کردہ قانونی مسودے میں کہا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کی اجازت کے بغیر اجتماع کرنے اور جلوس نکالنے پر تین سال تک قید اور جرمانہ کی سزا ہوسکتی ہے۔

اس قانون کے تحت ڈپٹی کمشنر کو 7 دن قبل اجتماع کی اجازت کے لیے درخواست دینی ہوگی اور صرف حکومت کے طے کردہ مقامات پر ہی کوئی اجتماع ہوسکتا ہے۔ تحریک انصاف کے رہنماں کی گرفتاریوں سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ یہ ایک سیاہ قانون ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ غیر قانونی اقدامات سے دہشت گردی کو تقویت ملتی ہے اور روزمرہ کے معاملات میں فرق پڑتا ہے جس سے عام آدمی کی مشکلات بڑھ جاتی ہیں۔

تاریخی حقائق سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ڈپٹی کمشنر آزادانہ طور پر فیصلہ کرنے کے مجاز نہیں ہوتے۔ اجتماع کا مطلب رائے عامہ کو متاثر کرنا ہوتا ہے، اگر ڈپٹی کمشنر شہر سے بہت دور کسی جگہ پر اجتماع کی اجازت دے گا تو پھر اجتماع کا مقصد ختم ہوجائے گا، اگر کسی ہنگامی صورتحال میں لوگ سڑک پر آئیں گے تو اس کو غیر قانونی قرار دیا جائے گا۔ یہ قانون پاکستان کے آئین کے انسانی حقوق کے باب کی واضح خلاف ورزی ہے۔

پاکستان نے 1948 میں اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے چارٹر پر دستخط کیے۔ اس چارٹر میں ریاستوں کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ شہریوں کے اجتماع کے حق کو تحفظ فراہم کریں۔ یہ قانون اقوام متحدہ کے چارٹر کی بھی شدید خلاف ورزی ہے۔ اقوام متحدہ کے سول و پولیٹیکل رائٹس کنونشنز میں تنظیم سازی اور عوام کے اجتماع کے حق کو تسلیم کیا گیا ہے۔ یوں یہ قانون بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کے مترادف ہوگا۔ انگریز حکومت نے دفعہ 144 کے تحت ڈپٹی کمشنر کو کسی اجتماع کو غیر قانونی قرار دینے کا قانون نافذ کیا تھا۔ یہ قانون انگریز حکومت کی دفعہ 144 کی توسیع قرار دیا جاسکتا ہے۔

برطانیہ میں صنعتی انقلاب کے ساتھ ہی معاشرے کی ہیئت تبدیل ہوگئی۔ کسان اپنے آبائی پیشہ کو چھوڑ کر کارخانوں میں ملازم ہوئے، یوں مزدور طبقہ وجود

تحریر: شفیق تنولی

میں آیا اور متوسط طبقہ ابھرا۔ اس کے ساتھ ہی Urbanization کا عمل بڑھا۔ ہندوستان میں 1854 کی جنگ آزادی کی ناکامی کے بعد ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت ختم ہوئی اور برطانوی ہند کی حکومت قائم ہوئی۔ برطانوی حکومت نے ہندوستان میں جدید انتظامی وعدالتی نظام قائم کیا۔ جدید تعلیمی نظام کی بنیاد ڈالی گئی۔ کلکتہ سے دلی تک ریل گاڑی چلائی گئی، یوں ہندوستان میں سفر آسان ہوا اور لوگوں میں موبیلیٹی بڑھ گئی۔ پھر بجلی آئی اور صنعت کاری کا عمل شروع ہوا، یوں مزدور طبقہ پیدا ہوا اور متوسط طبقے کی بنیاد پڑگئی۔ ایک انگریز نے 1885 میں انڈین نیشنل کانگریس کی بنیاد رکھی۔

مزدور اور کسان تنظیمیں قائم ہونے لگیں اور 1906 میں مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا۔ پہلے انگریز سرکار کے پرتشدد مسلح جدوجہد کار رجحان تھا مگر کانگریس نے پرامن جدوجہد کی بنیاد ڈالی۔ انگریز حکومت نے دفعہ 144 کے تحت ڈپٹی کمشنر کو سیاسی جماعت کے اجتماعات اور مظاہروں پر پابندی لگانے کا اختیار دیا۔ ہندوستان کے مختلف اضلاع میں سیاسی جماعتوں، مزدوروں اور کسانوں کے اجتماعات پر پابندی عائد کی جانے لگی۔ جب کانگریس کی جدوجہد تیز ہوئی تو حکومت نے سیاسی اجتماعات پر پابندی لگانا شروع کر دی تو 13 اپریل 1919 ہندوستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا۔ متحدہ ہندوستان کے صوبہ پنجاب کے دوسرے بڑے شہر امرتسر میں کانگریسی رہنما ڈاکٹر سیف کچلو کی گرفتاری کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے ہزاروں افراد امرتسر کے جلیانوالہ باغ میں جمع ہوئے۔

ضلع انتظامیہ نے اجتماع کو غیر قانونی قرار دیا۔ انگریز پولیس افسر جنرل ڈائر نے اجتماع کو منتشر کرنے کی وارننگ دی۔ ابھی اجتماع کے شرکا جنرل ڈائر کی دھمکی پر احتجاج کے طریقہ پر غور کر رہے تھے کہ جنرل ڈائر نے پولیس کو ہجوم پر براہ راست فائرنگ کا حکم دے دیا۔ اس فائرنگ میں سیکڑوں افراد شہید ہوئے۔ جلیانوالہ باغ میں ہندوستانی شہریوں کے قتل عام پر پورے ہندوستان میں احتجاج ہوا۔ جنگ آزادی کے عظیم ہیرو بھگت سنگھ نے اس قتل عام کے بعد نئی طرز کی جدوجہد کا طریقہ کار وضع کیا۔ جلیانوالہ باغ میں ہندوستانی شہریوں کے قتل عام کے بعد انگریز حکومت نے ہندوستان کو آزاد کرنے پر غور کرنا شروع کیا۔ جب ہندوستان کے بٹوارے کے بعد نئی ریاست پاکستان وجود میں آئی تو انگریزی تربیت یافتہ نوکر شاہی نے دفعہ 144 کے ذریعے سیاسی اجتماعات پر پابندی کا طریقہ استعمال کرنا شروع کیا۔

جنرل ایوب خان سے لے کر جنرل ضیا الحق تک کے ادوار میں عوام سے اجتماع کرنے اور احتجاج کرنے کے حق کو غصب کرنے کے لیے مختلف سیاہ قوانین کے تحت کارروائی کی گئی۔ اس پورے دور میں سیاسی رہنماں، طالب علم، مزدور، کسانوں اور خواتین کے نمائندوں کو تقاریر کرنے اور جلوس نکالنے پر گرفتار کیا جاتا تھا۔

اخبارات میں ان احتجاجیوں کی کوریج پر پابندی لگادی گئی مگر ہر آمر کے خلاف اجتماعات ہوئے اور احتجاجی جلوس نکالے گئے۔ 1968 کی ایوب خان کے خلاف تحریک، 1971 میں جنرل یحییٰ خان حکومت کے خلاف مشرقی پاکستان کے عوام کی تحریک، وزیر اعظم بھٹو حکومت کے خلاف 1977 میں پاکستان قومی اتحاد کی تحریک پھر 1983 میں جنرل ضیا الحق حکومت کے خلاف تحریک بحالی جمہوریت (MRD) کی، 1983 کی تحریکیں سیاسی اجتماعات پر پابندیوں کے خلاف شروع ہوئی تھیں اور ان تحریکوں کے نتیجے میں اس ملک میں جمہوریت بحال ہوئی تھی۔

پاکستان میں برسر اقتدار حکومتوں نے عوام کے اجتماع اور عوام کے پرامن احتجاج کے حق کو تسلیم کر لیا تھا مگر اب پھر جمہوریت کے نام پر قائم ہونے والی حکومت عوام کے اجتماع کے بنیادی حق کو غصب کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

سیاستدان اور جیل

میرا شمار قیدی نمبر 804 کے بدترین ناقدین میں کیا جاسکتا ہے، میں ان کی شخصیت کے سحر میں گرفتار نہیں، ان کے طرز سیاست کو پسند نہیں کرتا، انہیں قوم کا مسیحا یا نجات دہندہ تسلیم نہیں کرتا اور اپنے ان خیالات اور سوچ کو کبھی مخفی نہیں رکھا، برملا اظہار کرتا رہتا ہوں۔ مگر آج مجھے ایک اعتراف کرنا ہے، قیدی نمبر 804 نے مجھ جیسے تجزیہ نگاروں اور نقادوں کو ہی نہیں اپنے سیاسی مخالفین کو بھی غلط ثابت کر دیا ہے۔ جناب آصف زرداری صاحب بتایا کرتے تھے کہ عمران خان چھپکلی سے ڈرتے ہیں۔ خواجہ آصف اور رانا ثنا اللہ کا دعویٰ تھا کہ جب جیل میں انہیں مخصوص دوائی نہیں ملے گی تو یہ ٹوٹ جائیں گے، چند ہفتے بھی جیل میں نہیں گزار سکیں گے۔ ذاتی طور پر میرا بھی یہی خیال تھا کہ شہزادوں کی سی زندگی بسر کرنے والے عمران خان اسیری کے ایام ثابت قدمی سے نہیں گزار سکیں گے۔ مگر اس نے یہ سب تخمینے اور اندازے غلط ثابت کر دیئے۔ سابق وزیراعظم میاں نواز شریف جنہیں سویلین بالادستی کا سرخیل سمجھا جاتا ہے انہوں نے 5 ماہ جیل میں گزارے تھے اور عمران خان اب تک 13 ماہ کی قید کاٹ چکے ہیں۔ میاں نواز شریف کو 6 جولائی 2018 کو ایون فیلڈ ریفرنس میں 10 سال قید کی سزا سنائی گئی، انہوں نے 12 اور 13 اکتوبر کی درمیانی شب لاہور ایئرپورٹ پر گرفتاری دی، 11 ستمبر 2018 کو بیگم کلثوم نواز کی رحلت پر انہیں پیرول پر رہائی ملی جبکہ 18 ستمبر 2018 کو اسلام آباد ہائیکورٹ نے احتساب عدالت کی طرف سے سنائی گئی سزا معطل کر کے انہیں ضمانت پر رہا کر دیا۔ اگر پیرول پر رہائی کو شمار نہ بھی کیا جائے تو مجموعی طور پر وہ 66 دن جیل میں رہے۔ 24 دسمبر 2018 کو احتساب عدالت نے نواز شریف کو العزیزیہ ریفرنس میں 7 سال قید کی سزا سنا دی تو وہ پھر گرفتار ہو گئے اور 26 مارچ 2019 کو عدالت نے انہیں علاج کیلئے بیرون ملک جانے کی اجازت دیدی یعنی دوسری بار ان کی اسیری کا دورانیہ 90 دن پر محیط رہا اور مجموعی طور پر میاں نواز شریف نے 156 دن جیل میں گزارے۔ اگر ہم سابق وزیراعظم عمران خان کی بات کریں تو انہیں 5 اگست 2023 کو لاہور میں انکی رہائش گاہ زمان پارک سے گرفتار کر کے اٹک جیل منتقل کیا گیا اور پھر اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ تب سے اب تک وہ اسی جیل میں قیدی نمبر 804 کے طور پر موجود ہیں۔ انہیں جیل میں 400 دن ہو چکے ہیں اور وہ گزشتہ 13 ماہ کے دوران ایک بار بھی بیمار نہیں ہوئے، کبھی ان کے پلیٹ لیٹس کم نہیں ہوئے، حالت خراب ہونے پر اسپتال منتقل نہیں کیا گیا۔ اب آپ کہیں گے کہ عمران خان کو جیل میں سب سہولتیں میسر ہیں، انہیں باورچی دیا گیا ہے، ورزش کے لئے راہداری اور ایکسر سائز مشین فراہم کی گئی ہے، وہ ہر روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہیں، اپنے وکلا اور پارٹی رہنماؤں سے ملاقاتیں کرتے ہیں، بیرون ملک اخبارات میں ان کے انٹرویوز شائع ہوتے ہیں، بھلا یہ بھی کوئی قید ہے۔ ایک طرف سیاسی مخالفین کا یہ بیانیہ ہے تو دوسری طرف قیدی نمبر 804 کا دعویٰ ہے کہ انہیں قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، کبھی وہ یہ مضحکہ خیز بات کرتے ہیں کہ انہیں سزائے موت کے قیدیوں کیلئے مخصوص سیل میں رکھا گیا ہے، وہ بہت مشکل قید کاٹ رہے ہیں۔ میری دانست میں یہ دونوں بیانیے مبالغہ آرائی اور غیر حقیقت پسندی پر مبنی ہیں۔ عمران خان کو شاید یہ بات معلوم نہیں کہ جیل میں عام قیدی اور بالخصوص سزائے موت کے منتظر قیدی کس طرح کی صعوبتیں برداشت کرتے ہیں۔ انہیں تو اپنی کوٹھڑی میں مرضی سے بلب جلانے کی اجازت نہیں ہوتی، شلوار میں ازار بند استعمال نہیں کرنے دیا جاتا کہ کہیں خودکشی نہ کرلیں۔ جاوید ہاشمی جو آج کل آپ کا مقدمہ لڑ رہے ہیں، موقع ملے تو کبھی ان سے پوچھ لیں کہ جنرل پرویز مشرف کے دور میں جب وہ اسی اڈیالہ جیل میں قید تھے تو انہوں نے ابتلا و آزمائش کا کیسا زمانہ دیکھا۔

دوسری طرف سیاسی مخالفین کی طرف سے جن سہولتوں کا ذکر کیا جاتا ہے وہ اس سطح کے تمام سیاسی قیدیوں کو حاصل ہوتی ہیں۔ بلکہ جب میاں نواز شریف پابند سلاسل تھے تو انہیں جیل میں ایئر کنڈیشنر بھی فراہم کیا گیا تھا لیکن عمران خان کو صرف روم کولر کی سہولت دی گئی۔ حبس کے موسم میں جب گھروں میں پنکھے کے نیچے بیٹھ کر پسینہ آ رہا ہوتا ہے، تب کیا حالت ہوتی ہے اور پھر جو شخص قید ہو، اس کی کیفیت کا تو ہرگز اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ سیاسی مخالفین میں محض رانا ثنا اللہ نے کشادہ دلی اور اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چند روز پہلے یہ اعتراف کیا تھا کہ عمران خان نے ان کے تمام اندازوں کو غلط ثابت کر دیا ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ عمران خان نے جیل کاٹنے میں مزاحمت دکھائی ہے اور وہ کچھ کر دکھایا ہے جس کی انہیں توقع نہیں تھی۔

جلسے کا جواب جلسہ کیوں نہیں؟

تمنا تو یہ ہوتی ہے کہ لہلہاتی فصلیں دکھائی دیں، کارخانے مصنوعات تیار کرتے ملیں۔ زیر زمین ٹرینیں سینکڑوں ہم وطنوں کو گھر سے کارخانے لے جاتی نظر آئیں۔ پیلی اسکول بسیں بچے بچیوں کو اسکول لے جا رہی ہوں۔ بڑی بڑی ایئر کنڈیشنڈ بسیں سڑکوں کے ایک گوشے میں آرام سے مسافروں کو چڑھاتی اترتیں دکھیں۔ بازار صبح سویرے گاہکوں کا خوشدلی سے استقبال کر رہے ہوں۔ مگر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ پولیس کے جوان قومی اسمبلی کے ارکان کو گرفتاری کے لیے گھیرتے، پارلیمنٹ ہاؤس جو ملک میں روشنی کے سرچشمے ہوتے ہیں، وہاں بتیاں بجھائی جا رہی ہوتی ہیں، جلسوں میں شرکت کیلئے جاتے ہم وطنوں پر آنسو گیس کے شیل برسائے جاتے ہیں۔ اعلیٰ مناصب پر اونچی مسندوں پر فائز حاکم ایسے مناظر کی قیادت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ معزز ارکانِ اسمبلی بلوں میں کیوں گھس رہے ہیں۔ چھپ کیوں رہے ہیں، گرفتاری کیوں نہیں دیتے۔

1977 کے کچھ مناظر یاد آتے ہیں۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو جسٹس صمدانی کی طرف سے ضمانت دیے جانے کے بعد 70 کلفٹن میں نوڈیرو جانے سے پہلے پریس کانفرنس کرنے والے ہیں۔ ان کے رفقا انقلاب فرانس کا حوالہ دے رہے ہیں کہ پاکستان اب انقلاب فرانس کے کس مرحلے میں ہے۔؟

اب قریباً نصف صدی بعد ڈرائنگ روموں میں بات ہو رہی ہے۔ بنگلہ دیش کے حالیہ انقلاب کے حوالے سے جس کے بارے میں کچھ تعین نہیں ہے کہ یہ انقلاب بھی ہے یا نہیں۔ یا سفر میں وفاداریاں تبدیل ہوگئی ہیں۔ حسینہ واجد شیخ کے پہلے برسوں میں تو عوامی لیگ، بیوروکریسی، پولیس، فوج سب ایک ساتھ تھے۔ جب خصوصی جنگی عدالتیں بنا کر پاکستان کے حامی بزرگوں کو پھانسیاں تک دی گئیں۔ یہ سب ایک صفحے پر تھے۔ سفا کی قانون وقت بن گئی تھی۔ معزز جج صاحبان، چھوٹی بڑی عدالتوں کے، سخت سے سخت سزائیں دے رہے تھے۔ عالمی ادارے ان دنوں بنگلہ دیش کے اقتصادی اشاریے بہت اچھے بتا رہے تھے۔ ہم جیسے سطحی علم اور ریٹنگ ایجنسیوں کے اعداد وشمار پر یقین رکھنے والے بھی فخریہ کہتے تھے۔ دیکھو بنگالی ہم سے الگ ہو کر کتنی ترقی کر رہے ہیں، کتنے جمہوری ہوگئے ہیں۔ تین سال کی ٹیکنوکریٹ حکومت میں عوامی لیگ سمیت تمام سیاسی جماعتوں نیکر پشن کے خاتمے پر سمجھوتہ کر لیا ہے۔ کسی خبر رساں ایجنسی نے، کسی تحقیقی ادارے نے اس بے چینی کا اظہار نہیں کیا تھا۔ جو وہاں

تحریر: محمود شام

اندر ہی اندر پک رہی تھی۔ پھر ڈھاکہ کی سڑکوں پر وہ مناظر دیکھنے میں آئے جنہوں نے بالآخر حسینہ واجد شیخ کو ملک چھوڑنے پر مجبور کیا۔ اس آخری لمحے کے پس منظر میں کتنے برسوں کے جوڑ توڑ تھے۔ ججوں کا کیا کردار تھا۔ بنگلہ دیش آرمی کی کیا سرگرمیاں تھیں۔ اس کا نہ کسی نے انکشاف کیا اور نہ ہی ہم لکھنے والوں نے جاننے کی کوشش کی۔ ایسی کوئی رپورٹ پڑھنے میں نہیں آئی۔ جو یہ منکشف کرتی کہ آخر کیا ہوا کہ بہت طاقت ور سخت گیر وزیر اعظم بے بس، یکہ وتنہا کیوں ہوگئی۔ اکثریتی حکمراں پارٹی کا طنطنہ کہاں چلا گیا۔

بنگلہ دیش ہی نہیں۔ جنوبی ایشیا میں یہ درمیانی فاصلہ، یہ گیپ ہی اصل محرک ہوتا ہے۔ وقتی تبدیلی کا بھی اور اصل تبدیلی کے نہ آنے کا بھی۔ بنگلہ دیش ہمارا ہی اکثریتی صوبہ تھا۔ وہاں 1971 میں کیا ہوا۔ اب کیا ہو رہا ہے۔ اس میں کچھ پردہ نشینوں کے نام بھی نظر آتے ہیں۔ وہ مرکز سے کیوں الگ ہوا۔ اکثریت میں تھا۔ تو خود مرکز کیوں نہیں بنا۔ ان مناظر میں سرحدوں سے اس پار ہمسایوں کی پالیسیوں کا بھی دخل ہوتا ہے۔ صرف امریکہ کی یہ خواہش نہیں ہوتی کہ خلفشار، جھڑپیں، جنگیں اس کی حدود سے دور ہی واقع ہوں۔ اس مقصد کی تکمیل کیلئے اس کی خفیہ ایجنسیاں عالمی ادارے بھی اس کا ساتھ دیتے تھے۔ سوچنے کی بات تو یہی ہے کہ یہ عالمی ادارے، اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر، عالمی بینک، آئی ایم ایف امریکہ کی حدود میں ہی کیوں ہیں۔ دنیا کے کسی مرکزی علاقے میں کیوں نہیں ہیں۔ سوئٹزر لینڈ میں کیوں نہیں جو ہر جنگ میں غیر جانبدار رہا ہے۔ دنیا کے اکثریتی ممالک کو بحر الکاہل اور بحر اوقیانوس عبور کر کے دور دراز امریکہ کیوں جانا پڑتا ہے۔ پھر ہزاروں میل دور امریکہ کو افریقہ، ایشیا میں جمہوریت کے قیام کی فکر کیوں رہتی ہے۔ وہ سول حکمرانی کے حصول کی خاطر افریقہ، ایشیا میں فوجی قیادتوں کی سرپرستی کیوں کرتا ہے۔ یہی خواہش پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کی بھی ہوتی ہے۔ وہ بھی ہمسایہ ملکوں میں امریکہ کی طرح سازشوں میں مسلسل مصروف رہتا ہے۔

ہمارے ہاں یوٹیوب پر نعرے لگ رہے ہیں۔ بنگلہ دیش کی طرح پاکستان میں بھی طلبہ انقلاب کا ہراول دستہ بن گئے ہیں۔ وہاں کے حالیہ انقلاب میں آرمی چیف کا کردار مرکزی رہا ہے۔ 1979 میں افغانستان میں جب روس کے زیر اثر حکومتیں قائم ہوئیں تو ہمارے ہاں بھی افغانستان کی مثال دے کر نوجوانوں کو حرکت میں لایا جاتا تھا۔ اب جب وہاں طالبان پرامن انقلاب لے آئے ہیں۔ عالمی امداد کے بغیر اقتصادی بحران بھی نہیں ہے۔ تو وہاں کی مثال نہیں دی جاتی۔ وہاں نہیں دیکھا جاتا کہ وہ آئی ایم ایف سے قرض لیے بغیر کیسے آگے بڑھ رہے ہیں۔ اکثر ملکوں نے ان کی حکومت کو تسلیم نہیں کیا ہے۔ پھر بھی وہ اپنے لوگوں کی جان مال کی حفاظت کر رہے ہیں۔ ڈھاکہ کی سڑکوں کی طرف دیکھنے کی بجائے ہم کابل اور قندھار کی شاہراہوں کی طرف کیوں نہیں دیکھتے۔

اتوار کو سنگ جانی میں ایک پرامن سیاسی جلسے کے بعد سیاسی زندگی کو آگے بڑھنا چاہئے تھا۔ سیاسی مخالفت کا جواب سیاسی دلائل سے دیا جاتا۔ قومی اسمبلی میں حکمراں جماعتیں، اظہار خیال کرتیں، مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی اپنی سیاسی طاقت دکھانے کیلئے اسلام آباد کے کسی ویرانے میں اپنا عظیم الشان جلسہ کرتیں۔ پی ٹی آئی نے اپنے کارکنوں کو واہگہ سے گوادر تک متحرک کیا، ویگنوں بسوں میں بھر کر لائے۔ حکمراں پارٹیاں بھی ایسا کرتیں تو سیاسی طور پر ایک پختہ جواب ہوتا اس سے جمہوریت مستحکم ہوتی۔ ہمیں ملک کو آگے لے کر چلنا چاہئے۔ پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی گرفتاریوں سے پی ٹی آئی کے کارکنوں کی ہی نہیں عام لوگوں کی ہمدردیاں بھی پی ٹی آئی کی قیادت کو میسر آرہی ہیں۔ حکمراں پارٹیوں کا گراف نیچے آ رہا ہے۔ جلسے آج تک کبھی وقت پر ختم نہیں ہوئے، ہزاروں لوگوں کی آمد و رفت کا معاملہ ہوتا ہے۔ ہماری فکر یہ ہونی چاہئے کہ پاکستان وہاں نہیں ہے جہاں اکیسویں صدی کی تیسری دہائی میں ہونا چاہئے۔ جنوبی ایشیا، مشرق وسطیٰ، یورپ سب انسانی پیش رفت کے حوالے سے اپنے معاشروں کو آگے لے جا رہے ہیں۔

ویگوڈالے والے

قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے پشاور میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویگو ڈالے والے سیاستدانوں اور صحافیوں کا پیچھا چھوڑیں اور دہشت گردی کی طرف توجہ دیں۔ بہت اچھی بات کی عمر ایوب نے۔ ہونا بھی یہی چاہیے لیکن ویگو ڈالے والوں کو یہاں تک پہنچانیمیں سیاستدانوں کی کتنی ذمہ داری ہے اس بات کا بھی عمر ایوب جائزہ لے لیں۔ عمران خان ویگو ڈالے والوں کے تو بہت قریب رہے، انہی ویگو ڈالے والوں کو اپنے سیاسی مخالفین کو کچلنے کیلئے استعمال کیا، صحافیوں کو ٹارگٹ کیا۔ اب ویگو ڈالے والے عمران خان اور ان کی پارٹی کے خلاف استعمال ہو رہے ہیں اور عمران خان اور تحریک انصاف کے مخالفین اس پر خوش ہیں۔ اس سب کے باوجود عمران خان تو اب بھی ویگو ڈالے والوں کے ساتھ ہی بات کرنا چاہتے ہیں۔ وہ تو سیاستدانوں کے ساتھ بات کرنے کے لیے تیار ہی نہیں۔ عمران خان کی تو کوشش ہے کہ ویگو ڈالے والے ایک بار پھر ان کے ساتھ مل جائیں اور ان کے مخالفین کے ساتھ وہی سلوک کریں جس کا شکار آجکل عمران خان اور پی ٹی آئی ہے۔ چند دن پہلے خان صاحب نے کہا کہ وہ مذاکرات کے دروازے اسٹیبلشمنٹ سمیت سب کیلئے بند کر رہے ہیں۔ ویسے خان صاحب نے سیاستدانوں کے ساتھ مذاکرات کیلئے اپنا دروازہ تو کبھی کھولا ہی نہیں تھا جبکہ وہ اسٹیبلشمنٹ کی منتیں ترلے ہی کرتے رہے کہ مجھ سے

تحریر: انصار عباسی

مذاکرات کر لیں۔ فوج نے صاف صاف کہہ دیا کہ ان کا دروازہ مذاکرات کیلئے بند ہے۔ اور اب عمران خان نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ پر بھی مذاکرات کے دروازے، جو کبھی کھلے ہی نہیں، کو بند کر رہے ہیں۔ عمران خان کو تو سمجھانا شاید ممکن نہیں لیکن عمر ایوب نے جو بات کی اور وہ واقعی چاہتے ہیں کہ ویگو ڈالے والے سیاست سے دور ہو جائیں تو پھر تحریک انصاف کو سیاسی جماعتوں سے بات کرنی پڑے گی، پھر تحریک انصاف کون لیگ، پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم سمیت دوسری سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھنا پڑے گا۔ اگر سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھیں گی نہیں، اگر سیاستدان ایک دوسرے کو ہی جیلوں میں ڈال کر خوش ہوتے رہیں گے اور اس کو جمہوریت کی پہچان کے طور پر دیکھیں گے تو پھر ویگو ڈالے والے ہی مضبوط ہوں گے، اور سیاستدان ایک دوسرے ہی کو نشانہ بناتے رہیں گے۔ عمر ایوب اور تحریک انصاف کے دوسرے رہنماؤں کو چاہئے کہ عمران خان کو سمجھائیں۔ نفرت کی سیاست ختم کریں، دوسروں کے خلاف گھٹیا زبان استعمال کرنے، جھوٹ اور بہتان تراشی سے اجتناب کریں اور سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر اس ملک کو آئین اور قانون کے مطابق چلانیکیلئے اتفاق رائے پیدا کریں۔ سیاست کبھی پاکستان میں قابل فخر نہیں رہی لیکن عمران خان اور تحریک انصاف نے سیاست میں بہت گند پیدا کر دیا، جس کی ایک جھلک تحریک انصاف کے اسلام آباد کے جلسہ میں علی امین گنڈا پور نے دنیا کو دکھائی۔ جو کچھ وہاں کہا گیا، اس کے صحافیوں سے متعلق حصہ پر تو عمر ایوب، بیرسٹر گوہر سمیت کتنے تحریک انصاف کے رہنماؤں نے معافی مانگی جبکہ گنڈا پور کی تقریر کے باقی حصوں پر بھی پہلے ایک دو دن تحریک انصاف کے رہنما معذرت خواہ ہی دکھائی دیے لیکن جیل سے عمران خان نے تو گنڈا پور کی تقریر کی مکمل حمایت کر دی اور یہ کہہ دیا

ترقی کا اللہ سفر

عظیم الشان، حیران کن اور بے حد وبے کراں کائنات جن دو مستقل اور غیر مبدل اصولوں پر چل رہی ہے یا قائم ودائم ہے ان میں سے ایک بنیادی اصول ازواج کا ذکر تو میں اکثر کرتا رہا ہوں یعنی اس کائنات میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے جس کا زوج یا جوڑا نہ ہو۔ اگر وہ منفی ہے تو اس کا مثبت بھی یقیناً موجود ہوگا اور اگر وہ مثبت ہے تو اس کا منفی بھی ہوگا اس بات کا پتہ اہل طبیعات کو تو چند سو سال پہلے لگا ہے جب ایٹم اور اس سے بھی نیچے ذرات میں منفی ومثبت دریافت کیے گئے لیکن قرآن نے پندرہ سو سال پہلے کہا تھا کہ

پاک ہے وہ ذات جس نے سب جوڑے بنائے، زمین کی اگائی ہوئی چیزوں سے اور لوگوں سے اور ان چیزوں سے جن کے بارے میں تم نہیں جانتے (سورہ یسین)

اس آیت میں لفظ کلھا (خلق الازواج کلھا) سے ثابت ہوجاتا ہے کہ ایسی کوئی چیز جو اس خالق نے پیدا کی ہے اس سلسلہ ازواج سے باہر نہیں ہے لیکن یہاں ہم آج اس کائنات کے ایک دوسرے مستقل اصول کا ذکر کرنا چاہتے ہیں اور وہ ہے محوری یا دائروی یا گولائی کا اصول، یعنی اس کائنات میں جو کچھ بھی ہے وہ گولائی میں سفر کر رہا ہے، صرف زمین ہی گول نہیں ہے بلکہ ہر ہر چیز کی پیدائش، افزائش اور رہائش گولائی میں ہے جو شے جہاں سے چلتی ہے وہیں پر جا کر رکتی ہے۔

ہر پیدائش ایک بیج جیسی صورت میں ہوتی ہے اور بیج پر جا کر ختم ہوتی ہے، پانی کو لے لیجیے، بارش ہوتی ہے، پانی مختلف راستوں سے ہوتا ہوا اور مخلوقات کی ضرورتیں پوری کرتا ہوا ندی نالوں اور دریاں کے ذریعے سمندر میں پہنچتا ہے وہاں سے بھاپ بن کر اٹھتا ہے بادل اور پھر وہی بارش یعنی ایک دائرے میں چلتا ہے، کہیں کہیں برف بنتا ہے، زمین میں جذب ہوتا ہے یا زندہ مخلوقات بن جاتا ہے تو وہ بھی کبھی نہ کبھی کسی نہ کسی طرح) کچھ دیر سے سہی (اس

تحریر: سعد اللہ برق

دائرے ہی میں چل رہا ہوتا ہے۔ یہاں ایک نہایت حیران کن نکتہ یہ بھی سامنے آتا ہے کہ یہ پانی دنیا اور خاص طور پر انسان کی پیدا کی ہوئی غلاظتوں کو لے کر سمندر کے فلٹر میں پہنچتا ہے جہاں یہ ساری غلاظتیں فلٹر ہو کر نیچے رہ جاتی ہیں اور پانی ایک مرتبہ پھر معطر اور شفاف ہو کر اپنے کام میں لگ جاتا ہے، یوں ہم سمندروں کو دنیا کا فلٹر بھی کہہ سکتے ہیں۔

اسی طرح ہر ہر مخلوق کی ابتدا بیج سے ہوتی ہے، بیج پھوٹتا ہے، دو پتے تین پتے پھر بہت سارے پتے شاخیں اور آخر کار پھول اور پھر وہی بیج، بیج کو فارسی میں تخم یا ویژہ کہتے ہیں، انگریزی ویجی ٹیبل میں بھی بیج کے معنی اور دیگر بیجوں کے ساتھ ساتھ انڈے کو بھی تخم کہتے ہیں۔ ایران، افغانستان وغیرہ میں جب گاہک دکاندار سے انڈہ مانگتا ہے تو یک تخم کہتا ہے۔ انڈے کا لفظ ان سے مشتق ہے جو ہر بڑی چیز کے چھوٹے سے حصے کو کہتے ہیں چنانچہ ہمہ اقسام کے غلہ جات کو ان کہتے ہیں، پانی کے قطرے کو بھی ان یا اند کہتے ہیں۔

بارش کا دیوتا اسی وجہ سے ان در ہے اس ان سے انڈہ یا انڈے کا ذکر تو ہو گیا ہے چنانچہ کائنات کو برھمانڈ) برھما کا انڈہ (کہا جاتا ہے۔ ہندی عقیدے کے مطابق جب برھما پیدا ہوا تو اس کے پیٹ میں ہرنیہ گربا انڈہ موجود تھا جس سے اس نے کائنات بنائی۔ فرشتوں اور ملائیکہ کے لیے بولا جانے والا لفظ انجل بھی دراصل انگ ایل ہے یعنی ایل کے اعضا۔ یہی بیج یا ان عربی میں بیض یا بیضہ ہوجاتا ہے اور چونکہ تخم یا انڈہ سفید ہوتا ہے اس لیے سفید رنگ اور بیضوی شکل کے لیے بھی بولے جانے لگا، جیسے ہم گوشتی، کلیجی اور آسمانی رنگ بولتے ہیں۔ یوں ہم اس بیضوی کائنات کی بنیاد بھی بیج سمجھ سکتے ہیں، دیکھا جائے تو بگ بینگ کا ذرہ بھی ایک بیج تھا جو پھوٹا تو اس سے کائنات کا شجر وجود میں آیا، جو طبیعات والوں کے مطابق اب بھی پھیل رہی ہے لیکن ایک وقت آئے گا جب اس کا پھیلنا) انتشار (رک جائے گا اور سمٹنے یا سکڑنے) ارتکاز (کا عمل شروع ہوجائے گا اور سکڑتے سکڑتے پھر ایک ذرے میں یہ پوری کائنات مرتکز ہوجائے گی لیکن ٹھہرا تو اس کائنات میں ہے ہی نہیں بقول علامہ اقبال

سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

چنانچہ کائنات کا وہ ذرہ بھی سمٹتے سمٹتے سکڑاو کی انتہا کو پہنچ جائے گا تو پھر پھٹ پڑے گا اور ایک نئی کائنات کا ایک نیا شجر پھوٹ کر پھیلنے لگے گا، یہاں پر ایک نکتے کی بات یہ ہے کہ اہل طبیعات یا اہل سائنس اپنے تمام تر علم کے باوجود یہ معلوم نہیں کرنے پائے ہیں کہ کائناتوں کی پیدائش اور فنا یا بگ بینگوں کا یہ سلسلہ کب سے چل رہا ہے اور کب تک چلے گا یعنی اس سے پہلے کتنے بگ بینگ ہوئے ہیں، کائناتیں وجود میں آئی ہیں اور فنا ہوئی ہیں اور نہ ہی یہ بتا سکتے ہیں کہ آئندہ یہ سلسلہ کب تک چلتا رہے گا۔ ویسے ہماری یہ موجودہ کائنات جس میں ہم زندہ ہیں اس کی عمر اندازاً بیس ارب سال ہو چکی اور یہ ادھیڑ عمری کی حالت میں ہے یعنی ممکن ہے کہ دس بیس ارب سال اور چلے پھر سکڑتے سکڑتے وہی ذرہ اور وہی بگ بینگ۔

اگلا سال بھی ضائع ہوگا

پاکستان کو بدترین معاشی صورتحال اور جس طرح کی دہشت گردی وبدامنی کا سامنا ہے اس میں سیاسی مصلحتوں اور ذاتی مفادات حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کا بڑا ہاتھ ہے۔ ملک اس وقت سیاسی مصلحتوں کو بالائے طاق رکھ کر قومی یکجہتی کے فروغ اور یکجا ومتحد ہونے کا طالب ہے۔ پاکستان کو درست سمتوں کے تعین میں ہر پاکستانی اور ہر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے جامع اور مضبوط کردار میں متعین ہے۔ سب کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا۔ معاملات کی سنجیدہ نوعیت کے تناظر میں فیصلے بھی متفقہ اور جراتمندانہ لینے کی ضرورت ہے۔ کسی بھی ملک کی سپاہ اس ملک کے تحفظ کی ضامن ہوتی ہے اور قوم کا ساتھ اس ملک سے محبت کی نشانی ہوتی ہے۔ آج کے حالات کے پس منظر کو دیکھا جائے تو ہماری سب سے مضبوط عسکری قوت پہ دشمن قوتیں اپنی پراکسیز کے ذریعے حملہ آور ہیں۔ بیانیے اور پروپیگنڈے کی اس جنگ میں دشمن قوتوں کے بیانیوں کو پھیلا کر قوم میں بدگمانیاں پیدا کرنے کی بھرپور کوششیں کر کے قوم اور افواج کے درمیان تقسیم پیدا کر کے ملک کو کمزور کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ قوم کو اپنے اداروں کے ساتھ کھڑے ہونے اور ان کی

تحریر: مظہر عباس

قربانیوں کی قدر کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کی یہ قربانیاں اور شہادتیں اس ملک اور اس قوم کے تحفظ اور امن کیلئے ہیں۔

ملک انتشار اور فساد کی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا تمام اسٹیک ہولڈر ملکی سیاسی ومذہبی جماعتوں کو ملکی مفاد میں متحد ہو کر سیاسی مصلحتوں کو بالائے طاق رکھ کر پاکستان کے مفادات کو ترجیحی بنیادوں لینے کی ضرورت ہے۔ قائد کا

پاکستان آج مشکل حالات اور نازک دور سے گزر رہا ہے اور ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ملک اور اپنی آزادی کی قدر کریں۔

ملک کو درپیش مسائل حل طلب ہیں صرف کاوشوں میں مخلصی ضروری ہے۔ قوم اپنی آپسی رنجشوں کو نفرت کے بیجوں سے نہ بھریں۔

یہ ملک تمام قوموں جو ملک میں بستی ہیں ان کو ان کے برابر حقوق کا ضامن ہے ریاست کی عملداری کو چیلنج کرنے والے ملک دشمنوں کے ہاتھوں میں کھیل رہے ہیں۔ پاکستان میں ترقی اور میگا پروجیکٹس کے منصوبوں پہ دہشت گردانہ حملے اس ریاست کی عملداری کو چیلنج کرنے کی کوشش ہے جو پاکستان کی خوشحالی وترقی سے خائف ہیں ایسے عناصر سے بحیثیت قوم نمٹنے کی ضرورت ہے۔

ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملکی مسائل اور چیلنجز کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے۔

تمام سیاسی جماعتیں، مذہبی جماعتیں اور جمہوری قوتوں کو قائد کے ویژن اتحاد، یقین اور تنظیم کی پاسداری کرنے اور اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی ضرورت ہے۔

خطے کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں ایک قوم بننے کی ضرورت ہے جو نفاق، تقسیم اور انتشار سے دور ہو جس کے سامنے ملکی مفادات اولین ترجیح ہوں۔

دہشت گردی اور بدامنی کے ناسور نے اس ملک اور قوم کو بے تحاشا نقصان پہنچایا ہے معصوم پاکستانیوں اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں و آفیسرز کی شہادتیں ہوئیں ہیں۔ ہمارے شہداء ہمارا فخر ہیں۔ اب اس دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ ضروری ہے تاکہ پاکستان آگے بڑھ سکے اور ترقی وخوشحالی کا دور آنیوالی نسلوں کا منتظر ہو۔

☆☆☆☆☆☆

آر ٹی ایس حکومت

پی ٹی آئی موجودہ وفاقی حکومت کو غیر قانونی اور فارم 47 کی حکومت قرار دیتی آئی ہے، جس نے اپنے قیام کے پہلے 6 ماہ مکمل کر لیے ہیں اور پی ٹی آئی رہنما روزانہ ہی بیانات دے رہے ہیں کہ آنے والے چند ہفتوں میں یہ حکومت ختم ہوجائے گی۔ پی ٹی آئی کے اسیر بانی تو یہاں تک دعویٰ کر رہے ہیں کہ اکتوبر میں چار حلقے کھلیں گے اور موجودہ حکومت خود گر جائے گی۔ بانی پی ٹی آئی کا یہ دعویٰ اپنے رہنماؤں سے بھی بڑھ کر ہے کہ ہماری درخواستیں زیر سماعت آئیں گی اور موجودہ وزیر اعظم عہدے سے اترا تو وہ بھی اغوا ہوسکتا ہے۔

پاکستان میں آج تک کوئی وزیر اعظم عہدے سے اترتے ہی کبھی گرفتار نہیں ہوا تو اغوا کیسے ہوسکتا ہے؟ ہوسکتا ہے کہ ان کے خود ساختہ موکلوں نے ایسا بتایا ہو، کیونکہ جیل ہو یا اپنا گھر خواب تو ہر جگہ دیکھا جاسکتا ہے اور وزیر اعظم کے اترتے ہی ان کے اغوا کا خواب اڈیالہ جیل ہی میں قید رہنما کو یا کسی اور کو نظر آیا ہو اور اپنی حکومت کے ختم ہونے تک ملک میں اپنے جلسوں کے انعقاد کا ریکارڈ قائم کرنے والے سابق وزیر اعظم کو نظر آیا ہو جس کی خبر انھوں نے میڈیا کو دے دی اور اب وہ اکتوبر میں اپنے مجوزہ خواب کی تکمیل کا انتظار کر رہے ہوں۔

پی ٹی آئی کے وزیر اعظم کی عہدے سے چوالیس ماہ کے بعد آئینی برطرفی کے بعد شہباز شریف 16 ماہ وزیر اعظم

محمد سعید آرائیں

رہے اور سابق وزیر اعظم بھی 16 ماہ بعد نئی حکومت کے بہ مشکل ہاتھ آئے تھے کیونکہ پنجاب اور اسلام آباد پولیس کو 16 ماہ تک سابق وزیر اعظم نے اپنی لاہور کی رہائش گاہ زمان پارک کے قریب نہیں آنے دیا تھا جس میں سابق وزیر اعظم کی گرفتاری سے محفوظ رہنے کی کامیاب حکمت عملی بھی شامل تھی یا کوئی خود ساختہ روحانی طاقت مگر آخر 16 ماہ بعد وہ گرفتار کر ہی لیے گئے اور اب اڈیالہ جیل میں ایک سال تو خیر سے گزار ہی چکے ہیں۔

)ن (لیگ کے رہنما زندگی میں پہلی بار ایک سال قید رہنے والے سابق وزیر اعظم کی دہائی کے جواب میں کہہ رہے ہیں کہ وہ تو جیل میں فائیو اسٹار ہوٹل جیسی سہولیات کے حامل ہیں جنھیں ہماری طرح تنگ کمرہ نہیں بلکہ نوے میٹر لمبا سیل ملا ہوا ہے جن کا کھانا بھی اسلام آباد ریسٹورنٹ سے جاتا ہے اور ان کے لیے جیل ماسی ویڑہ بنی ہوئی ہے جہاں انھیں دیسی مرغی، مکھن بریڈ اور من پسند کھانے مفت میں مل رہے ہیں مگر پھر بھی وہ سہولتیں نہ ملنے کی شکایتیں کر رہے ہیں۔

2018 میں جب پی ٹی آئی کو آر ٹی ایس کے ذریعے انتخابی نتائج میں رات گئے تبدیلی کر کے سب سے زیادہ نشستیں دلائی گئی تھیں جو حکومت بنانے کے لیے کم تھیں تو دیگر جماعتوں کی حمایت دلا کر پی ٹی آئی کا وزیر اعظم منتخب کرایا گیا تھا اور پنجاب میں جہاں مسلم لیگ)ن (کی نشستیں زیادہ تھیں وہاں بھی)ق (لیگ کو اسپیکری دے کر پی ٹی آئی کی بزدار حکومت بنوائی گئی تھی، کیونکہ وزیر اعظم نے پنجاب میں بھی اپنی حکومت کی فرمائش کی تھی۔

2018 میں وزیر اعظم کی مرضی کے خلاف شہباز شریف اپوزیشن لیڈر بن گئے تھے تو وہ جلد جیل بھی بھیج دیے گئے تھے اور پیپلز پارٹی نے وزیر اعظم کو سلیکٹڈ کا خطاب دیا تھا جو وزیر اعظم کو بہت ہی برا لگتا تھا اس لیے نیب کے من پسند چیئرمین کے ذریعے)ن (لیگ اور پی پی کے تمام ہی مرکزی رہنماؤں کو جیل بھجوا دیا گیا تھا جس میں سابق صدر، سابق وزیر اعظم اور سابق وزرا ہی نہیں بلکہ سابق صدر کی بہن اور سابق وزیر اعظم کی بیٹی بھی شامل تھی کیونکہ یہ سب قومی اسمبلی کو آر ٹی ایس کی پیداوار اور اس کے وزیر اعظم کو سلیکٹڈ قرار دیتے تھے، اس لیے سب جیل گئے اور عدالتوں سے ضمانت پر رہا ہوئے تھے۔ جس طرح 2018 کے الیکشن کو آر ٹی ایس کا الیکشن)ن (لیگ، پی پی اور جے یو آئی قرار دیتی تھی، اسی طرح اب پی ٹی آئی اور اس کے حامی موجودہ قومی اسمبلی کو فارم 47 کے ذریعے لائی گئی جعلی اسمبلی قرار دیتے آرہے ہیں۔

بھارتی ریاستوں پر قبضے کے بیان پر بنگلہ دیش حکومت نے وضاحت جاری کردی

بیان بھارت کی اندرونی بے چینی اور علاقائی حکمت عملی پر یہ بیان گہرا اثر ڈال چکا ہے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف کسی ممکنہ فوجی کارروائی کی دھمکیوں کے بعد بنگلہ دیش کے سابق آرمی افسر اور موجودہ عبوری حکومت کے قریبی ساتھی میجر جنرل (ر) اے ایل ایم فضل الرحمٰن نے ایک چونکا دینے والا بیان جاری کیا ہے جس میں انہوں نے تجویز دی ہے کہ اگر بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو بنگلہ دیش کو چین کے ساتھ مل کر بھارت کے شمال مشرقی علاقوں پر قبضے کی حکمت عملی اپنانی چاہیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بیان فیس بک پر بنگلہ زبان میں منگل کو پوسٹ کیا گیا جس میں جنرل فضل الرحمٰن نے لکھا، اگر بھارت پاکستان پر حملہ کرتا ہے تو بنگلہ دیش کو سات شمال مشرقی بھارتی ریاستوں پر قبضہ کر لینا چاہیے۔ میرے خیال میں ہمیں چین کے ساتھ مل کر ایک مشترکہ فوجی انتظام کی بات چیت شروع کرنی چاہیے۔ جنرل فضل الرحمٰن کو دسمبر 2024 میں محمد یونس کی سربراہی میں قائم عبوری حکومت نے نیشنل انڈیپنڈنٹ کمیشن کا چیئرمین مقرر کیا تھا، جس کا مقصد 2009 میں بنگلہ دیش رائفلز (BDR) میں بغاوت اور اس کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں کی تحقیقات کرنا تھا۔ گو کہ بنگلہ دیش کی وزارت خارجہ نے سرکاری طور پر اس بیان سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے، مگر بھارت کی اندرونی بے چینی اور علاقائی حکمت عملی پر یہ بیان گہرا اثر ڈال چکا ہے۔

واہگہ بارڈر پر پرچم کشائی، پاکستان زندہ باد کے نعرے گونجتے رہے

پاکستان رینجرز کی ولولہ انگیز پریڈ دیکھ کر حاضرین کا جذبہ حب الوطنی مزید بڑھ گیا

لاہور (این این آئی) واہگہ بارڈر پر پرچم اتارنے کی ولولہ انگیز تقریب میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا جبکہ شرکاء ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے۔ پنجاب رینجرز کی پریڈ، بالخصوص خواتین اہلکاروں کی شرکت نے شرکا کے جذبے کو دوچند کر دیا۔ فضاء پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونجتی رہی۔ واہگہ بارڈر پر پرچم اتارنے کی روایتی تقریب میں وطن سے محبت اور افواجِ پاکستان سے یکجہتی کا فقید المثال مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ ہزاروں افراد پر مشتمل عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے دشمن کو واضح پیغام دیا کہ قوم متحد ہے اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا جس کے ساتھ ہی فضا میں ملی نغمے گونجنے لگے۔ شرکا نے ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے نعرہ تکبیر، پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگا کر ماحول کو وطن پرستی سے بھر دیا۔ پنجاب رینجرز کے ولولہ انگیز مارچ پاسٹ نے شرکا کا لہو گرما دیا،

مردان، کمشنر ڈویژن نثار احمد موسمی صورتحال اور ممکنہ بارشوں کے پیش نظر حساس مقامات کا دورہ کر رہے ہیں

مودی دہشتگرد ہے واشنگٹن میں بھارتی سفارتخانے کے باہر احتجاجی مظاہرہ

بھارت سکھوں اور کشمیریوں کے حقوق دبا رہا ہے اور مقبوضہ وادی میں بے گناہ لوگوں کو قتل کر رہا ہے، مقررین کا خطاب

واشنگٹن (این این آئی) فرینڈز آف کشمیر کی کال پر واشنگٹن میں بھارتی سفارتخانے کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں پاکستانی، کشمیری اور سکھ کمیونٹی نے شرکت کی۔ احتجاج میں مظاہرین نے مودی سرکار کے خلاف نعرے بازی کی اور مودی کو دہشت گرد قرار دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا میں مقیم پاکستانی، کشمیری اور سکھ کمیونٹی نے واشنگٹن کے بھارتی سفارتخانے کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاجی مظاہرے کی کال فرینڈز آف کشمیر کی چیئرپرسن غزالہ حبیب نے دی تھی، جس میں اوورسیز پاکستانی، کشمیری تنظیمیں اور خالصتان تحریک کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے مودی دہشت گرد ہے، مودی کا پہلگام ڈراما، کشمیر کی آزادی تک تحریک جاری رہے گی، بن کے رہیگا خالصتان کے نعرے لگائے گئے۔ مظاہرین نے پلے کارڈز اور بینرز بھی اٹھا رکھے تھے جن پر مودی سرکار کیخلاف نعرے درج تھے۔ اس موقع پر فرینڈز آف کشمیر کی چیئرپرسن غزالہ حبیب، سکھ فار جسٹس کے مرکزی رہنما بلوندر سنگھ چٹھا، کشمیری کمیونٹی رہنما محمد زبیر خان، ڈاکٹر عاشر حسین مظہر چغتائی، زاہدہ خان اور دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پہلگام واقعہ دراصل بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا فالس فلیگ آپریشن تھا، جو وقت کے ساتھ ثابت ہو رہا ہے۔ ہم بھارتی حکومت اور بھارتی انٹیلیجنس ایجنسی کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں۔ دنیا جان گئی ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے سے کس کو فائدہ ہوا۔ احتجاج میں شامل مقررین کا مزید کہنا تھا کہ مارچ 2000 میں صدر کلنٹن کے دورے کے دوران بھی بھارتی ایجنسیوں نے قاتلانہ ڈراما رچایا تھا۔ چٹی سنگھ پورہ میں 35 سکھوں کا قتل عام کر کے پاکستان کیخلاف پروپیگنڈہ کیا گیا۔

فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر درخواست گزاروں کے مختلف محکموں سے متعلقہ مسائل سن رہے ہیں

NOTICE INVITING TENDER

The Senior Assistant Director Local Government & Rural Development, Kech (Turbat), invites sealed percentage rate tenders based on composite schedule of rates, 2026 Govt; of Balochistan amended up-to-date from interested contractors/Firms for the following works given below under Balochistan Special Development Initiative Programme (BSDI Phase-III), 2026-27. The procurement shall be carried out in accordance with BPPRA Rules 2014. Bid security 2%. Completion Period 12 Month. Bid validity period 90 days.

S No	Name of Scheme	E/Cost (Million)
1	Provision of Furniture for GGHS Shahabad BMIS Code 15868. **(TSE-2627071132941)**	5.0
2	Construction of Toilet for Staff of Girls Degree College Turbat. **(TSE-2627071132473)**	1.60
3	Repair/Reh: and Solarization of Baby Care Centre at Government Girls Degree College Turbat. **(TSE-2627071132483)**	5.0
4	Uplift GBPS Tasht Bazar BMIS Code 09042. **(TSE-2627071132543)**	4.0
5	Solarization of GBHS Tolagi Dasht BMIS Code 06208. **(TSE-2627071132593)**	6.0
6	Renovation/Installation of Water Bore and Solar System for GGHS Koshk Buleda BMIS Code 11196. **(TSE-2627071132633)**	5.0
7	Uplift/Renovation of Examination Hall and C/r for GBHS Bit Buleda BMIS Code 5982. **(TSE-2627071132663)**	4.0
8	Renovation, DD Bore Installation of Solar System for GBHS Menaz BMIS Code 5898 **(TSE-2627071132723)**	7.0
9	Supply and Installation of Solar System for Teaching Hospital Turbat. **(TSE-2627071132783)**	29.90
10	Construction of Bore No.2 for WSS Phullabad Hoshab. (TSE-2627071132923)	5.0
11	Supply and Installation of Solar Street Light at Tehsil Turbat. (TSE-2627071132823)	25.0
12	Solarization of Pak Sweet Home Orphanage Turbat. (TSE-2627071132843)	7.0
13	Provision and Installation of Solar System for Culture Centre Turbat. (TSE-2627071132853)	6.0
14	Solarization of Deputy Commissioner Office Kech at Turbat. (TSE-2627071132873)	10.0
15	Repair and Renovation of BHU Gokhdan. (TSE-2627071132893)	4.0
16	Tuff Tilling of 2 KM Ali Abad Koshkalat. (TSE-2627071132903)	7.0
17	Supply and installation of Solar Street Lights at Gokdan. (TSE-2627071132913)	10.0

Eligibility: - The contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-6 and above where applicable) and discipline and registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and sales Tax Department), where applicable. **Method of Procurement: - Sr. No. 1 (**Single stage, Two envelope). And **SR No. 2 to Sr. 17 (**Single stage, one envelope) **Bidding/tender Documents: - (1) Issuance: -** Tender Forms / documents will be issued from the date of advertisement published in newspapers up to submission date & time on presentation of requisite documents. **(a)** Tender Fee Rs.1000/- (Non-refundable) **(b)** Bid security / earnest money 2 %, **(c)** Valid Pakistan Engineering Council Certificate in relevant / required category, **(d)** income tax certificate (NTN), BRA & (GST) etc. **(e)** firm must done minimum 3 Nos similar nature of work etc. **(f)** turn over of last 3 years **(2) Submission: -** the Last date of submission of documents is **07-08 -2026** at **11:00 AM**. **(3) Opening: -** The sealed tenders will be opened on **07-08 -2026** at **12:00 PM**. **(4) Place of issuance, submission, inquiries and opening will be: - Address: -** Office of the Senior Assistant Director Local Govt: Kech at Turbat.
Telephone No. Ph# 0852-418614 Terms and Condition: The Other detailed terms & conditions are attached with the tender/bidding documents.

Senior Assistant Director,
Local Government & Rural Development,
District Kech at Turbat

DPRQ/PRQ No.353/23-07-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

راولپنڈی، سی پی او خالد ہمدانی کھلی کچہری کے دوران سائلین کی شکایات سن رہے ہیں

سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس اختتامی مرحلے میں داخل

ملزمان منہاج قاضی اور محبوب غفران کے بیان ریکارڈ کر لئے گئے، وکلا کو پیر کے روز حتمی دلائل دینے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس اختتامی مرحلے میں داخل ہو گیا، شاہد حامد کو 1997 میں قتل کیا گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی کی عدالت میں سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس کی سماعت ہوئی، ہائی پروفائل کیس اختتامی مرحلے میں داخل ہو گیا۔ پراسیکیوشن نے بتایا کہ ملزمان منہاج قاضی اور محبوب غفران کے بیان ریکارڈ کر لئے گئے ہیں، سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد کو 1997 میں قتل کیا گیا تھا۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر وکلا طرفین سے حتمی دلائل طلب کر لئے اور وکلا کو پیر کے روز حتمی دلائل دینے کی ہدایت کر دی۔ یاد رہے سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس کے چوتھے ملزم محبوب نے دورانِ تفتیش ہوشربا انکشافات کیے تھے۔ گرفتار ملزم محبوب عرف غفران عرف اطہر نے ابتدائی تفتیش میں اپنے اقبالی بیان میں دیگر تین ساتھیوں کے مل کر جولائی 1997 میں ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد کو قتل کرنے کا اعتراف کیا۔ ملزم محبوب نے اپنے اقبالی بیان میں انکشاف کیا تھا کہ قتل کے احکامات بانی ایم کیو ایم نے جاری کیے تھے جس پر عمل کرتے ہوئے ایم کیو ایم لندن کے کنونیر ندیم نصرت نے شاہد حامد کے قتل کا ٹاسک صولت مرزا کو دیا اور ملزم نے صولت مرزا، منہاج قاضی کے ہمراہ فائرنگ کر کے ایم ڈی کے ای ایس سی کو ہلاک کر دیا تھا۔ خیال رہے شاہد حامد قتل کیس کے مرکزی ملزم صولت مرزا کو 2015 میں پھانسی دی جا چکی ہے

چالان کی رقم 5 ہزار سے 1 لاکھ روپے تک مقرر کرنے کی تجویز ہے، پیر محمد شاہ

بھاری گاڑیوں میں 4 کیمرے نصب کریں گے، 7 ہزار گاڑیوں میں ٹریکر نصب کر چکے، ڈی آئی جی ٹریفک

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے کہا کہ کراچی میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کو صرف جرمانوں سے نہیں، بلکہ عوامی شعور، قانون پر عملدرآمد، اور باہمی تعاون سے ہی حل کیا جا سکتا ہے۔ جون سے جرمانے بڑھا کر موٹر سائیکل کیلئے 5 ہزار، گاڑیوں کیلئے 10 ہزار، بسوں کیلئے 20 ہزار، اور ہیوی گاڑیوں کیلئے 25 ہزار روپے تک کرنے کی تجویز ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر جنید نقی، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر اعجاز شیخ، نائب صدر سید طارق حسین، سابق صدر و چیئرمین فرخ مظہر، طارق ملک، ایس ایس پی ٹریفک کورنگی علی رضا سمیت دیگر صنعتکار و ممبران بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ نے مزید کہا کہ حادثات پہلے بھی ہوتے تھے لیکن اب میڈیا کی نشاندہی اور کوریج کی بدولت یہ زیادہ نمایاں ہو رہے ہیں، جبکہ ٹریفک حادثات کی ایک بڑی وجہ اوور لوڈنگ ہے۔ ڈمپر کی صلاحیت 27 ٹن ہے، مگر وہ 80 ٹن اٹھاتے ہیں، ٹریلر 57 ٹن کی جگہ 120 ٹن مال لے جا رہے ہیں، جو بریک فیل ہونے کے باعث حادثات کا سبب بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہیوی گاڑیوں میں کیمرے اور ٹریکرز لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور 7 ہزار سے زائد گاڑیوں میں یہ سسٹم نصب بھی کیا جا چکا ہے، جبکہ ڈرائیوروں کے ڈوپ ٹیسٹ کیلئے جدید لیب قائم کی جا رہی ہیں جس میں 6 مختلف اقسام کے ٹیسٹ کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس کی یومیہ چالان کی حد 4 ہزار ہے، جبکہ لاہور میں یہ تعداد 17 ہزار تک ہے۔ سندھ میں جرمانے کم ہیں، جس کی وجہ سے قوانین پر عملدرآمد کمزور ہے۔ پیر محمد شاہ نے کہا کہ ون وے ڈرائیونگ اقدام قتل کے مترادف ہے، رانگ سائڈ گاڑی چلانے والے خودکشی کے زمرے میں آئیں گے اور ان پر جون سے اس پر ایک لاکھ روپے تک جرمانے کی تجویز دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "فیس لیس ٹکٹنگ سسٹم" آئندہ ماہ سے متعارف کرایا جا رہا ہے، جس کا آغاز شاہراہ فیصل، صدر اور آئی آئی چندریگر روڈ جیسے اہم کوریڈورز سے ہوگا۔ ہیوی گاڑیوں میں 4 کیمرے نصب کرنے کی تجویز ہے، جس میں ڈرائیور کی حرکات و سکنات پر لائیو فیڈ کے ذریعے نظر رکھی جائے گی۔ کیمرے نہ لگانے والوں پر جرمانے کئے جائیں گے۔

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے نام پر پارکوں پر قبضے وتجارتی استعمال نہیں ہونے دیں گے، منعم ظفر خان

کلفٹن کے مختلف پارکوں کو قابض مافیا سے بچانے کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے، ادارہ نورحق میں کلفٹن کے مکینوں کے وفد سے گفتگو

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت کی سرپرستی میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے نام پر کھیل کے میدانوں اور پارکوں پر قبضے و تجارتی استعمال ہرگز نہیں ہونے دیں گے۔ کلفٹن کے مختلف بلاکس میں موجود پارکوں کو قابض مافیا سے بچانے کے لیے ہر ممکن آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد کریں گے، عدالتی فیصلے کے باوجود پارکوں کا تجارتی استعمال توہین عدالت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلفٹن بلاک 2 عمر شریف پارک پر قبضے و تجارتی استعمال کے حوالے سے ادارہ نورحق میں آنے والے علاقہ مکینوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں احمد فہیم مغل، رضیہ سیال، امین فہیم فضل الرحمٰن، عبید الرحمٰن، عالمگیر، انس خان، محمد سلمان و دیگر شامل تھے۔ ملاقات میں نائب امیر کراچی و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈوکیٹ، امیر ضلع جنوبی سفیان دلاور، ڈپٹی سیکریٹریز ابن الحسن ہاشمی، یونس بارائی بھی موجود تھے

صحافت جمہوریت کا ستون اور عوام کی آواز ہے، سید اویس قادر شاہ

کراچی (این این آئی) اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے یوم آزادی صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ صحافت جمہوریت کا ستون اور عوام کی آواز ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار اور صحافت کی آزادی بنیادی جمہوری اصول ہیں جن کے بغیر کوئی معاشرہ شفاف نہیں ہو سکتا

سوات میں مینگورہ جنرل بس اسٹینڈ کو دوبارہ شہر کے اندر منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال

سوات (این این آئی) سوات میں مینگورہ جنرل بس اسٹینڈ کو دوبارہ شہر کے اندر منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف قمبر بائی پاس کے تاجروں، ہوٹل مالکان اور دیگر کاروباری افراد نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کرتے ہوئے شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین نے حکومت کے خلاف نعرے بازی کی اور فوری طور پر فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے احتجاجی مظاہرے کے دوران ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر اپنے مطالبات کے حق میں نعرے درج تھے۔ اس موقع پر تمام کاروباری مراکز بند رہے جس سے علاقے میں کاروباری سرگرمیاں مفلوج ہو کر رہ گئیں۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر بابوزئی طارق خان نے مظاہرین سے مذاکرات کیے جس کے بعد مظاہرین نے پیر کے روز تک کی مہلت دے دی۔ بعدازاں قمبر بائی پاس پر ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملاکنڈ ڈویژن ٹریڈرز فیڈریشن کے صدر عبدالرحیم، قمبر بائی پاس ٹریڈرز یونین کے صدر بخت زیب خان، تاجر رہنما حاجی مدثر، بلدیاتی نمائندوں چیئرمین انگروڈھیرئی شعیب خان، چیئرمین قمبر ریاض خان، چیئرمین رحیم آباد بخت منیر اور دیگر نے کہا کہ حکومت نے چند سال قبل ہی بس اڈے کو شہر سے بائی پاس پر منتقل کیا تھا، جس پر تاجروں نے اربوں روپے کی سرمایہ کاری کی

پروفیسر ساجد میر کی پوری زندگی اسلامی مشن کو پورا کرنے میں گذری، حافظ عبدالرحمٰن سلفی

مرحوم کی دینی خدمات اہلحدیث کے حلقوں میں ہمیشہ زندہ جاوید رہیں گی، مرکزی امیر جماعت غرباء اہلحدیث

کراچی (این این آئی) جماعت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی امیر حافظ عبدالرحمٰن سلفی نے مرکزی دارالامارت محمدی مسجد برنس روڈ کراچی میں پروفیسر ساجد میر کے انتقال کے موقع پر ان کے دفتر میں آئے ہوئے پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر ساجد میر مرکزی امیر اہلحدیث کی زندگی کا آخری ناشتہ ان کی رحلت کا سبب بنا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم میری عیادت اور صحت یابی کی دعا کیلئے میرے دفتر آئے، انہوں نے جس محبت، پیار کا اظہار کیا میں اسے تادم زیست بھلا نہیں سکوں گا۔ مرحوم نے ملاقات کے دوران کہا کہ میں پاکستان اور سعودی عرب کے مابین محبتوں اور رفاقتوں کا سفر جاری کرنے لگا ہوں جو اس سے پہلے ناپید تھا۔ مولانا سلفی نے کہا کہ ہمارے اسلاف مولانا عبدالوہاب محدث دہلوی، مولانا عبدالستار محدث دہلوی اور مرکزی جمعیت اہلحدیث بھارت کے اکابرین نے جو دینی کارہائے نمایاں سرانجام دیئے وہ جماعت اہلحدیث کی تاریخ کا حصہ بن گئے ہیں۔ پروفیسر ساجد میر نے پوری زندگی اسلامی مشن کو پورا کرنے میں گذاری، اور اپنے آخری ایام تک اپنی جماعت سے وابستہ رہے، اور رحلت سے کچھ دن قبل وہ ساتویں بار مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی امیر منتخب ہوئے۔

پنجاب بھر میں آؤٹ سورس سکولوں کے لیے نان سیلری بجٹ کی فراہمی روک دی گئی

فیز 2 میں آؤٹ سورس ہونے والے سکولوں کو اس سال نان سیلری بجٹ جاری نہیں کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں آؤٹ سورس کیے جانے والے سکولوں کے لیے نان سیلری بجٹ کی فراہمی روک دی گئی، فیز 2 میں آؤٹ سورس ہونے والے سکولوں کو اس سال نان سیلری بجٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جانب سے صوبہ بھر کے سرکاری سکولوں کو ساڑھے 3 ارب روپے کے فنڈز جاری کیے گئے ہیں جن میں سے لاہور کے سرکاری سکولوں کے لیے 12 کروڑ 90 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں تاہم یہ فنڈز دوسرے مرحلے میں آؤٹ سورس ہونے والے 4,789 اسکولوں کو نہیں دیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 5,686 سکول پہلے مرحلے (فیز 1) میں آؤٹ سورس کیے جا چکے ہیں۔ سکولوں کے سربراہان کا کہنا ہے کہ نئے مالی سال سے قبل فنڈز کی فراہمی ناگزیر ہے تاکہ تدریسی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں۔

ملک میں جمہوریت کا فروغ صحافیوں کے بغیر ممکن نہیں، کراچی پریس کلب

عالمی پریس فریڈم انڈیکس میں پاکستان کا 152 سے 158 درجے پر آنا انتہائی تشویشناک ہے، فاضل جمیلی، سہیل افضل خان

کراچی (این این آئی) کراچی پریس کلب کے صدر فاضل جمیلی، سیکرٹری سہیل افضل خان اور مجلس عاملہ نے کہا ہے کہ صحافی برادری کی فکری و قلمی آزادی زندہ قوموں کا شعار ہے، ملک میں جمہوریت کا فروغ صحافیوں کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ شہدائے صحافت کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے لہو سے حریت فکر کی شمع کو فروزاں رکھا ہے۔ آزادی اظہار رائے کے تحفظ کے لیے پیکا ایکٹ کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔ عالمی یوم صحافت پر کراچی پریس کلب سے جاری اپنے پیغام میں کراچی پریس کلب کے عہدیداروں نے قلم کی حرمت کیلئے لازوال قربانیاں دینے والے صحافیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آزادیِ اظہار مہذب جمہوری معاشرے کی اساس اور انسان کا بنیادی حق ہے۔ حق اور سچ کی آواز کو بلند کرنے کیلئے صحافی برادری کا کردار قابل تحسین ہے۔ صحافت کے بغیر جمہوریت نامکمل ہے۔ آزادانہ پریس معاشروں میں جمہوری رویوں کو فروغ دینے کے لئے لازمی ہے، صحافیوں کی قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، سوال پوچھنے پر میڈیا کی تضحیک نہ کی جائے، اقتدار سے سوال کرنا ہی آزادی صحافت کی نشانی ہے جب بھی آزادی صحافت کیخلاف بات ہوگی کراچی پریس کلب اس کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صحافت کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اپنی اہمیت اور افادیت کی وجہ سے عصرِ حاضر میں میڈیا کو ریاست کا چوتھا ستون مانا جاتا ہے۔ آزادی صحافت کیلئے صحافتی برادری نے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آزادی صحافت کا عالمی دن کے منانے کا مقصد آزادیِ صحافت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ایسے اقدامات اٹھانا ہے جس سے آزادیِ صحافت کی راہ میں پیش آنے والی رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگیوں میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے صحافیوں کی قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ کراچی پریس کلب کے عہدیداروں نے کہا کہ عالمی پریس فریڈم انڈیکس میں پاکستان کا 152 سے 158 درجے پر آنا انتہائی تشویشناک ہے۔ آزادی صحافت پر لگنے والی قدغنیں تنزلی کی اہم وجہ ہیں

کوئٹہ، امداد چوک پر مزدور نالی پر کام کر رہے ہیں

حنا پرویز بٹ کا گھریلو تشدد کا شکار متاثرہ لڑکی عائشہ سے اس کی رہائشگاہ پر ملاقات

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی و رکن پنجاب اسمبلی حنا پرویز بٹ نے کاہنہ کے علاقے گجومتہ میں گھریلو تشدد کا شکار لڑکی عائشہ سے اس کے گھر ملاقات کی، جسے اس کے والد ثاقب نے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا۔ ایف آئی آر کے مطابق واقعہ 26 اپریل کی صبح 7 بجے پیش آیا جب ثاقب نے جھگڑے کے دوران اپنی 19 سالہ بیٹی عائشہ پر چائے کی دیگچی پھینک دی، جس سے اس کی گردن اور کمر جھلس گئیں۔ بعدازاں اسے دھکا دے کر چولہے پر بھی گرا دیا گیا۔ متاثرہ کی والدہ اور بہن جویریہ نے بیچ بچاؤ کی کوشش کی تو انہیں بھی تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور ان کے کپڑے پھاڑ دیے گئے۔

منشیات سے پاک پنجاب، ایس ایچ او الہ آباد کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

قصور (این این آئی) وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق منشیات سے پاک پنجاب اور ڈی پی او قصور محمد عیسی خان کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او الہ آباد غلام صابر چھینہ کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن بونگی کلیاں کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش ارشاد اور چادو سے 1450 گرام چرس اور 380 روپے وٹک کی رقم برآمد ہوئی ملزم ارشاد کے مطابق یہ چرس عابد ولد اقبال سکنہ بونگی کلی کی فروخت کرتا ہے پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو حوالات میں بند کر دیا اور پولیس نے دوسری کامیاب کاروائی کرتے ہوئے بونگی کلیاں کے رہائشی عبدالجبار ولد خوشی محمد سے 600 سو گرام چرس اور رقم وٹک 440 روپے برآمد کر لئے

کراچی، سہراب گوٹھ میں کباڑ کے مختلف گوداموں میں آتشزدگی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ بڑے میدان میں کباڑ کے مختلف گوداموں میں آگ لگ گئی۔ علاقہ مکین کا کہنا ہے کہ بڑے میدان میں استعمال شدہ اشیاء کے مختلف گودام ہیں، گودام میں استعمال شدہ کپڑا، پلاسٹک اور دیگر اشیاء رکھی جاتی ہیں۔ گودام مالکان نے الزام لگایا ہے

فیصل آباد چک جھمرہ، پولیس کی بروقت کارروائی، فائرنگ میں ملوث 5 ملزمان گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد چک جھمرہ کے علاقے 186 ڈوگرنوالہ، محلّہ رسول پورہ میں فائرنگ کے واقعے میں ملوث 4 سے 5 افراد کو پولیس نے حراست میں لے لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزمان نے ایک مقامی گھر پر آتشیں اسلحہ سے حملہ کیا تھا واقعے کی اطلاع ملنے پر چک جھمرہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا، جس سے علاقے میں پھیلنے والے خوف و ہراس پر قابو پایا گیا پو

مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کا 132 واں یوم پیدائش 31 جولائی کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) تحریک پاکستان کی نامور رہنما، مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کا 132 واں یوم پیدائش 31 جولائی کو منایا جائے گا۔ تحریک پاکستان کی عظیم رہنما اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح کے یوم پیدائش کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ سمیت مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقاریب منعقد کی جائیں گی۔ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح 31 جولائی 1893 کو کراچی میں پیدا ہوئیں

ملک بھر میں یوم شہدائے پولیس 4 اگست کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) ملک بھر میں یوم شہدائے پولیس 4 اگست کو منایا جائے گا اس موقع پر وطن عزیز میں امن و استحکام، دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عوام کے جان و مال کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے پولیس فورس کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس دن کی مناسبت سے پولیس فورس کی خدمات کے اعتراف میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں پولیس ہیڈکوارٹرز میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔

رحیم یار خان، ڈی ایس پی ٹریفک محمد ساجد اور سیف سٹی اتھارٹی کی جانب سے ای چالان بارے آگاہی واک کی جا رہی ہے

نوشہرہ میں پولیس قبضہ مافیا کی پرائیویٹ سکیورٹی ایجنسی بن گئی

قبضہ مافیا دولت کی زور پر کسی بھی شہری کی ملکیتی اراضی پر پولیس کے زور پر قبضہ کرنے لگی

نوشہرہ (این این آئی) نوشہرہ میں پولیس قبضہ مافیا کی پرائیویٹ سکیورٹی ایجنسی بن گئی، قبضہ مافیا دولت کی زور پر کسی بھی شہری کی ملکیتی اراضی پر پولیس کے زور پر قبضہ کر لیتی ہے، پیرسباق میں ملکیتی اراضی پر قبضہ مافیا اور پولیس کی ملی بھگت سے قبضہ کیلئے قانون کی دھجیاں اڑا دی گئیں، عمائدین علاقہ نے مقتدر قوتوں اور انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخوا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، اس سلسلے میں نوشہرہ کلاں کے رہائشی نوجوان انجینئر فہد حسین ولد ممتاز حسین نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ نوشہرہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوشہرہ کے علاقہ موضع پیرسباق میں میری پدری ملکیتی 42 کنال اراضی ہے جس کی دیکھ بھال کے لئے گذشتہ روز گیا تو چند لینڈ قبضہ مافیا جن میں سرفہرست زاہد خان نامی شخص ہے نے مجھے اور میرے ساتھیوں کو اسلحہ کی نوک پر زدوکوب کر کے ہمیں گالی گلوچ دیئے اور ہماری ہی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں البتہ میں نے 23 اپریل کو اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ کو نشاندہی کے لیے درخواست گزاری ہے انہوں نے مزید کہا کہ جب واقعہ کی اطلاع پیرسباق پولیس چوکی کو ملی تو انہوں نے ہمیں تحفظ فراہم کرنے کی بجائے ہمارے دو ساتھیوں کو حراست میں لے کر ان کو حوالات میں بند کر دیا جبکہ ہم سے ہمارا لائسنس یافتہ اسلحہ لے لیا ہے

ایبٹ آباد، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ثناء فاطمہ ہرنو کے دورہ کے موقع پر ہدایات جاری کر رہی ہیں

کراچی، کورنگی میں ڈکیتی مزاحمت پر ایک اور نوجوان قتل

کراچی میں رواں سال ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے افراد کی مجموعی تعداد 36 ہو گئی ہے

کراچی (این این آئی) شہر میں ڈاکوؤں کی خون ریز کارروائیاں تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہی ہیں اور کورنگی میں موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے مزاحمت پر فائرنگ کر کے ایک اور نوجوان کی جان لے لی جبکہ دوسرے نوجوان کو زخمی کر دیا۔ کراچی کے علاقے کورنگی ساڑھے پانچ نمبر اویس قرنی مسجد کے قریب موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے گھر کے باہر بیٹھے ہوئے 18 سالہ ثاقب کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا جو اسپتال لے جاتے ہوئے زخموں کی تاب نہ لا کر دم توڑ گئے۔ ڈاکوؤں نے واردات کے دوران شور مچانے پر مقتول کے ساتھ موجود 19 سالہ احتشام کو بھی فائرنگ کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا، بعدازاں واقعے کی اطلاع ملنے پر زمان ٹاون پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی۔ جناح اسپتال میں موجود مقتول کے رشتے دار نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ثاقب رشتے میں میرا بھانجا لگتا تھا جو کہ میرے پاس کام کرتا تھا، لوگ مارے جا رہے ہیں، وارداتیں عام ہو گئی ہیں اور انسانی جانیں جانوروں سے بھی بدتر ہو گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس بھتہ لینے میں مصروف ہے، شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ مقتول کے ماموں نے مزید بتایا کہ ثاقب کو ایمبولینس میں اسپتال لے جا رہے تھے

جنرل ہسپتال شعبہ ڈرماٹالوجی کے زیر اہتمام سٹیم سیل کی افادیت پر سمپوزیم کا انعقاد

جلد کی خوبصورتی اور زخم بھرنے میں خلیات انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں، پروفیسر الفرید ظفر

لاہور (این این آئی) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ انسانی جسم کی صحت اور جلد (سکن) کی خوبصورتی میں سٹیم سیل (خلیات) انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں جو نہ صرف زخموں کے تیزی سے بھرنے میں مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں بلکہ ٹشوز کی مرمت اور جلد کو صحت مند رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر شخص کو اپنے جسم کے اندرونی صحت، جلد اور اسے خوبصورت بنانے پر بھی خصوصی توجہ دینا چاہیے تاکہ وہ مختلف جلدی امراض سے محفوظ رہ سکیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال شعبہ ڈرماٹالوجی کے زیر اہتمام زخموں کو جلد بھرنے اور سکن کو خوبصورت بنانے میں سٹیم سیل کی اہمیت و افادیت کے حوالے سے منعقدہ آگاہی سمپوزیم کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پروفیسر آف ڈرماٹالوجی ڈاکٹر عاطف شہزاد، ڈاکٹر سعدیہ صدیقی، ڈاکٹر طاہر کمال، ڈاکٹر وجیہہ سعید، ڈاکٹر ایمہ شاہین اور ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے بھی سمپوزیم سے متعلق شرکا کو مفید معلومات فراہم کیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ میڈیکل سائنس میں جلد کی صحت یابی کے حوالے سے سٹیم سیل کی اہمیت کو بہت زیادہ اجاگر کیا جا رہا ہے

عوام کا تحفظ کرنے والے خود عوام کی جان، مال اور عزت کے دشمن بن گئے ہیں، امیر جماعت اسلامی سندھ

قانون کے طالب علم شہباز خاصخیلی کو تشدد کا نشانہ بنانے والے اہلکاروں کو گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے، کاشف سعید شیخ

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ نے ڈیفنس کراچی پولیس کی جانب سے شہداد پور سے تعلق رکھنے والے قانون کے طالب علم شہباز خاصخیلی پر وحشیانہ تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف انکوائری کر کے ملوث ایس ایچ او سمیت پولیس اہلکاروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے اور سخت سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایڈوکیٹ اصغر خاصخیلی کے بیٹے شہباز پر ایس ایچ او ڈیفنس اسرار برڑو کی جانب سے وحشیانہ تشدد اور قاتلانہ حملہ کر کے جناح اسپتال کراچی میں شدید زخمی حالت میں پھینکنے کے واقعے نے پولیس میں موجود کالی بھیڑوں کے کالے کرتوتوں کو عیاں کر دیا ہے،

مقامی کاٹن مارکیٹ میں گزشتہ ہفتے کے دوران روئی کے بھاؤ میں مجموعی طور پر تیزی رہی

کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کی اسپاٹ ریٹ کمیٹی نے اسپاٹ ریٹ فی من 16700 روپے کے بھاؤ پر مستحکم رکھا

کراچی (این این آئی) مقامی کاٹن مارکیٹ میں گزشتہ ہفتے کے دوران روئی کے بھاؤ میں مجموعی طور پر تیزی رہی ضرورت مند ملز نے کوالٹی اور پیمنٹ کنڈیشن کے حساب سے فی من 15500 تا 17500 روپے کے بھاؤ پر طے پائے۔ کاروباری حجم نسبتا بہتر رہا۔ نیویارک کاٹن کے بھاؤ میں ملا جلا رجحان تیزی کا عنصر غالب رہا۔ صوبہ سندھ و پنجاب میں کوالٹی اور اور پیمنٹ کنڈیشن کے حساب سے روئی کا فی من بھاؤ 15500 تا 17500 روپے چل رہا ہے۔ کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کی اسپاٹ ریٹ کمیٹی نے اسپاٹ ریٹ فی من 16700 روپے کے بھاؤ پر مستحکم رکھا۔ کراچی کاٹن بروکرفورم کے چیئرمین نسیم عثمان نے بتایا کہ بین الاقوامی کاٹن کے بھاؤ میں ملا جلا رجحان رہا نیویارک کاٹن کے وعدے کا بھاؤ میں اتار چڑھا کے بعد تیزی کا رجحان رہا بھاؤ فی پاؤنڈ 68.41 تا 69.91 امریکن سینٹ کے درمیان چل رہا ہے

انفراسٹرکچر کی بہتری سے نصیر آباد ترقی کی جانب گامزن ہوگا، ایگزیکٹو انجینئر عبدالرحمٰن کاکڑ

چھتر (این این آئی) انفراسٹرکچر کی بہتری سے ضلع نصیرآباد ترقی کی جانب گامزن ہوگا ضلع کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے یہ پسماندہ علاقے ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہونگے اور ان کا رابطہ شہروں سے ہوگا محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیرآباد کے تمام آفیسران ضلع بھر کے ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مقررہ وقت سے بھی پہلے مکمل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے رہے ہیں تاکہ ضلع نصیرآباد کے دورافتادہ علاقوں کے عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں

لاہور، خطرناک ڈکیت گینگ کا سرغنہ پولیس مقابلے میں ہلاک، دیگر ساتھی فرار

ملزم سیف علی نے 2017 میں دوران پولیس مقابلہ کانسٹیبل کو فائر مار کر شہید کر دیا تھا، ترجمان سی سی ڈی

لاہور (این این آئی) خطرناک ڈکیت گینگ کا سرغنہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہو گیا جبکہ دیگر ساتھی فرار ہو گئے۔ ترجمان سی سی ڈی کے مطابق کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ ماڈل ٹاؤن کی جانب سے خطرناک اشتہاری اور ڈکیت گینگ کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ پولیس مقابلے کے دوران خطرناک اشتہاری سیف علی ہلاک ہو گیا۔ ملزم پولیس کو قتل، اقدام قتل، ڈکیتی سمیت بہت سے سنگین جرائم میں مطلوب تھا اور علاقے میں خوف کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ سی سی ڈی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر تھانہ نشتر کالونی کی حدود میں اشتہاری کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا۔ پولیس پارٹی کے پہنچنے پر ملزم سیف علی اور اس کے ساتھیوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس مقابلے کے دوران ملزم سیف علی موقع پر ہلاک ہو گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم نے 2017 میں دوران پولیس مقابلہ کانسٹیبل کو فائر مار کر شہید کر دیا تھا۔ ملزم نے علاقہ تھانہ اسلام پورہ میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر دوکاندار کو بھی فائر مار کر زخمی کر دیا تھا۔ ہلاک ہونے والا ملزم سیف علی لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں سنگین جرائم کی متعدد وارداتوں میں اشتہاری اور ریکارڈ یافتہ تھا۔

نارووال لڑکی کو ملنے کیلئے آنے والا نوجوان مبینہ طور پر قتل

نارووال (این این آئی) پنجاب کے شہر نارووال کے علاقے منڈی خیل میں لڑکی کو ملنے کے لیے آنے والا نوجوان مبینہ طور پر قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی لڑکی سے فون پر دوستی ہوئی تھی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مقتول کو زہر دیا گیا تھا جو دوران علاج دم توڑ گیا۔

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Building, CWPP&H Department District Lasbela invites sealed tenders based on composite schedule of rates, 2026 GOB from interested contractors/firms for the works listed below.

Under (BSDI) Balochistan Special Development Initiative Program (PHASE-III)
Tender Fee 2000/-, Earnest Money 4% and Time limit 06 Months for each work

S #	DESCRIPTION OF WORKS	Estimated Cost	Last Date and Time Bid Submission	Tender Opening
1.	CONSTRUCTION OF SHELTERLESS SCHOOLS AT GBPS USMAN SINYA GOTH KUNDI UC KHATORE; SARDAR REHMAN GOTH (16755) DISTRICT LASBELA. TSE-2627071136153	18,573,787	11 August 2026 11:00 AM	12:00 PM
2.	CONSTRUCTION OF SHELTERLESS SCHOOLS AT GBPS JAROOKH KHASKHELI (12802) DISTRICT LASBELA. TSE-2627071136143	18,573,787	11 August 2026 11:00 AM	12:00 PM
3.	CONSTRUCTION OF SHELTERLESS SCHOOLS AT GPBS DANDIAL SEREESH PAT (15801) DISTRICT LASBELA. TSE- 2627071136123	18,573,787	11 August 2026 11:00 AM	12:00 PM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627071136153, TSE-2627071136143, TSE-2627071136123) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. Address: Office of The Executive Engineer (Building) CWPP&H Department District Lasbela at Uthal Phone no: 0300705842 Email: eeiiuthal@gmail.com.

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDINGS
CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT
LASBELA AT UTHAL

DPRQ/PRQ No.373/23-07-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SPORTS سپورٹس

45 سالہ وینس ولیمز کی ٹینس کورٹ میں واپسی

ٹینس سے 16 ماہ دور رہنے کے بعد واشنگٹن اوپن میں خواتین کے ڈبلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے ٹاپ ایٹ راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی بین الاقوامی شہرہ آفاق ٹینس سٹار، 7 گرینڈ سلام کی فاتح وینس ولیمز نے 45 سال کی عمر میں شاندار واپسی کرتے ہوئے واشنگٹن اوپن ٹینس میں خواتین کے ڈبلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کردیا۔ 45 سالہ امریکن ٹینس سٹار وینس ولیمز نے ٹینس سے 16 ماہ دور رہنے کے بعد واشنگٹن اوپن میں خواتین کے ڈبلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے ٹاپ ایٹ راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ امریکا کی سابق عالمی نمبرون وینس ولیمز نے ٹورنامنٹ کے لیے وائلڈ کارڈ پر انٹری حاصل کی، وہ مارچ 2024 میں میامی اوپن کے بعد سے کسی ٹینس ایونٹ میں شریک نہیں ہوئی اور آخری بار اگست 2023 میں سنسناٹی اوپن ٹینس کا ٹائٹل جیتا تھا۔ امریکا کے دارالحکومت واشنگٹن میں ڈبلیو ٹی اے کا ایونٹ شروع ہو چکا ہے جس میں شائقین ٹینس کو دلچسپ مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ خواتین کے ڈبلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میچ میں امریکا کی وینس ولیمز اور ان کی ہم وطن ٹینس کھلاڑی ہیلی بپٹسٹ نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کینیڈا کی حریف ٹینس کھلاڑی یوجینی بوچارڈ اور ان کی امریکی جوڑی دار کلروی نگونیو کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 1-6 سے شکست دے کر نہ صرف ایونٹ کا فاتحانہ آغاز کردیا بلکہ کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ میچ میں کامیابی کے بعد وینس ولیمز نے بتایا کہ ٹینس کورٹس سے دور ہونا متاثر کن تھا۔

میرپور، پاکستان ٹیم کے بولر فہیم اشرف بنگلہ دیش کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ کے دوران بولنگ کررہے ہیں

جرمن فٹ بالر اینٹون سٹاچ کا لیڈز یونائیٹڈ کیساتھ معاہدہ

لیڈز کلب کا مقصد انگلش پریمیئر لیگ میں خود کو دوبارہ قائم کرنا ہے

لندن (این این آئی) جرمن بین الاقوامی نامور مڈفیلڈر اینٹون سٹاچ آئندہ چار سال تک برطانوی فرنچائز لیڈز یونائیٹڈ کی نمائندگی کریں گے۔ لیڈز یونائیٹڈ نے باضابطہ طور پر تصدیق کی ہے کہ ان کا جرمن کلب ہوفن ہائیم سے مڈفیلڈر اینٹون سٹاچ کو سائن کیا ہے۔ 26 سالہ نامور جرمن مڈفیلڈر اینٹون سٹاچ کا تقریباً 2 کروڑ 35 لاکھ امریکی ڈالر کے معاہدے کے تحت لیڈز یونائیٹڈ میں شمولیت اختیار کی ہے۔ اینٹون سٹاچ نے چار سال کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں اور یہ لیڈز کا موسم گرما کے لئے چھٹے کھلاڑی سے معاہدہ ہے کیونکہ کلب کا مقصد انگلش پریمیئر لیگ میں خود کو دوبارہ قائم کرنا ہے۔ 26 سالہ کھلاڑی جرمنی کی قومی ٹیم کیلئے دو بار کھیل چکے ہیں اور گزشتہ سیزن میں ہوفن ہائیم کی نمائندگی کرتے رہے ہیں۔ معاہدہ سائن کرنے کے بعد، اینٹون سٹاچ نے کلب کی ویب سائٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سب سے پہلے میں لیڈز یونائیٹڈ کے ساتھ اس معاہدے کے طے پانے پر واقعی بہت خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ میں اتنی اچھی پریمیئر لیگ ٹیم میں شامل ہونے کے لئے پرجوش ہوں، اور میں آئندہ سیزن کا بے تابی سے منتظر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش ہوگی کہ اپنی عمدہ کارکردگی کی بنیاد پر اپنی ٹیم کو

ورلڈ جونیئر اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کا مایوس کن آغاز

پاکستان کے چار میں سے تین کھلاڑیوں کو پہلے ہی راؤنڈ میں شکست کا سامنا

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ جونیئر اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کا مایوس کن آغاز ہوا، ایونٹ میں شریک پاکستان کے چار میں سے تین کھلاڑیوں کو پہلے ہی راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا، صرف عبداللہ نواز پہلا راؤنڈ جیت سکے، انس علی شاہ، یحییٰ خان اور عمیر کو شکست ہوئی۔ عبداللہ نواز نے راؤنڈ آف 128 میں مکاؤ کے کھلاڑی کینگ لیونگ کو شکست دی، عبداللہ نواز کی جیت کا اسکور گیارہ۔ سات، گیارہ۔ صفر اور گیارہ۔ چار رہا۔ عمیر عارف کو پہلے راؤنڈ میں امریکا کے ہارٹ رائنسن نے تین۔ صفر سے ہرایا۔ یحییٰ خان کو امریکا کے محمد حق نے پہلے راؤنڈ میں تین۔ ایک سے شکست دی۔

ڈیلاس، یوایس جونیئر ایمیچور چیمپئن شپ میں ڈیلان ڈانگ شاٹ کھیل رہے ہیں

ورلڈ انڈر 21 اسنوکر چیمپئن شپ پاکستان کے حسنین اختر اور احسن رمضان ناک آؤٹ راؤنڈ میں داخل

منامہ (این این آئی) بحرین میں جاری آئی بی ایس ایف ورلڈ 6 ریڈ اور ورلڈ انڈر 21 اسنوکر چیمپئن شپ میں انڈر 21 میں حسنین اختر اور احسن رمضان ناک آؤٹ راؤنڈ میں پہنچ گئے جبکہ 6 ریڈ کے ایونٹ میں محمد آصف، شاہد آفتاب اور احسن رمضان نے اگلے راؤنڈ تک رسائی حاصل کی ہے۔ بحرین میں آئی بی ایس ایف ورلڈ ماسٹرز اور ورلڈ انڈر 17 کے بعد ورلڈ انڈر 21 اور ورلڈ 6 ریڈ اسنوکر چیمپئن شپ میں بھی پاکستان کی پیش قدمی جاری ہے۔ ورلڈ انڈر 21 میں پاکستان کے حسنین اختر نے مسلسل تیسرا میچ بھی جیت لیا۔ حسنین اختر نے گروپ کے تیسرے میچ میں رومانیہ کے ڈیوڈ نستور کو تین۔ صفر سے شکست دی۔ گروپ کے تینوں میچز جیتنے کے بعد حسنین اختر انڈر 21 چیمپئن شپ کے ناک آؤٹ راؤنڈ میں پہنچے اور براہ راست راؤنڈ آف 16 میں جگہ پکی کی۔ احسن رمضان نے بھی ناک آؤٹ راؤنڈ میں جگہ بنالی ہے۔

ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹی ٹونٹی میچ آج کھیلا جائے گا

جمیکا (این این آئی) ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچ ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا میچ (آج) بدھ کو سبینا پارک، کنگسٹن، جمیکا میں کھیلا جائیگا، آسٹریلیا کی مردوں کی قومی کرکٹ ٹیم ویسٹ انڈیز کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان ٹیم کے خلاف 3 ٹیسٹ اور 5 ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلی جاچکی ہے جس میں مہمان آسٹریلوی ٹیم نے میزبان ویسٹ انڈیز ٹیم کے خلاف 0-3 سے کلین سویپ کیا تھا۔ ٹی ٹونٹی سیریز کا ایک میچ کھیلا جا چکا ہے جو آسٹریلوی ٹیم نے 3 وکٹوں سے جیت لیا تھا یوں مہمان کینگروز ٹیم کو ٹی ٹونٹی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہو چکی ہے۔

مچل اوون نے ٹی 20 ڈیبیو پر منفرد ریکارڈ اپنے نام کرلیا

جنوبی افریقا کے ریسی وان ڈیر ڈوسن کا سولہ سالہ پرانا ریکارڈ بھی توڑ دیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹر مچل اوون نے ٹی 20 ڈیبیو پر منفرد ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہوں نے ویسٹ انڈیز سے سیریز کے پہلے میچ میں شائی ہوپ کی اہم وکٹ لینے کے بعد ففٹی بھی بنائی، وہ کسی فل ممبر ٹیم کے خلاف ڈیبیو ٹی 20 میں یہ کارنامہ سرانجام دینے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ آسٹریلوی کھلاڑی نے جنوبی افریقا کے ریسی وان ڈیر ڈوسن کا 16 سالہ پرانا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔ مچل اوون کسی بھی فل ممبر ملک کے خلاف چھٹے یا نچلے نمبر پر ڈیبیو پر ففٹی بنانے والے دوسرے کھلاڑی ہیں۔ واضح رہے کہ ان سے قبل فل سالٹ نے ویسٹ انڈیز کے خلاف 2022 میں 24 گیندوں پر 57 رنز اسکور کیے تھے، سابق کپتان رکی پونٹنگ اور ڈیوڈ وارنر کے بعد مچل اوون ٹی 20 انٹرنیشنل ڈیبیو پر ففٹی بنانے والے تیسرے آسٹریلوی کرکٹر ہیں۔

گانزو، وکٹر چائنا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں یان یوئی میچ کے دوران شاٹ کھیل رہی ہیں

ژینگ کنوین کہنی کی سرجری کے بعد یو ایس اوپن سے دستبردار

مجھے امید تھی کہ اس مشکل سے نجات حاصل کرنے کیلئے کافی ٹائم درکار ہوگا، گفتگو

نیویارک (این این آئی) چین کی نامور ٹینس سٹار اور اولمپک گولڈ میڈلسٹ ژینگ کنوین فٹنس مسائل کے باعث رواں سال کے چوتھے اور آخری گرینڈ سلام یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں شرکت نہیں کرپائیں گی۔ چین کی ٹینس سٹار ژینگ کنوین کی حال ہی میں دائیں کہنی کی سرجری ہوئی ہے جس کے باعث وہ یو ایس اوپن میں شرکت نہیں کرسکیں گی۔ ژینگ کنوین خواتین کے سنگلز مقابلوں کی عالمی درجہ بندی میں چھٹے نمبر پر موجود ہیں۔ ژینگ کنوین کو کہنی میں درد کی وجہ سے گزشتہ ماہ ومبلڈن اوپن ٹینس میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں ہی شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ چین سے تعلق رکھنے والے دائیں ہاتھ کی 22 سالہ ٹینس سٹار نے سوشل میڈیا پر کہا کہ گزشتہ چند ماہ سے، میں ٹریننگ اور میچوں کے دوران اپنی دائیں کہنی میں مسلسل درد کو برداشت کررہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ درد کے علاج کے لئے میں نے کافی کوشش کی مگر تکلیف کبھی مکمل طور پر دور نہیں ہوئی۔ ژینگ کنوین نے کہا کہ مجھے امید تھی کہ اس مشکل سے نجات حاصل کرنے کے لئے کافی ٹائم درکار ہوگا۔

نیوکاسل یونائیٹڈ کے لیجنڈ نولبرٹو سولانو آئندہ ماہ پاکستان فٹبال ٹیم کے ہیڈ کوچ عہدہ سنبھالیں گے

اسلام آباد (این این آئی) نیوکاسل یونائیٹڈ کے سابق اسٹار نولبرٹو سولانو اگلے ماہ پاکستان کی سینئر اور انڈر۔ 23 فٹبال ٹیموں کے ہیڈ کوچ کا عہدہ سنبھالیں گے، یہ تقرری حال ہی میں منتخب ہونے والی پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کی قیادت کی جانب سے پہلا بڑا قدم ہے۔ پی ایف ایف کے صدر محسن گیلانی نے بتایا کہ انہیں توقع ہے کہ پیرو کے سابق ونگر نولبرٹو سولانو پاکستان کی قومی ٹیم کو نئی بلندیوں تک پہنچانے میں مدد دیں گے۔ محسن گیلانی نے کہا کہ وہ قومی ٹیم میں خاص طور پر کھیلنے کے انداز میں توانائی اور جوش لائیں گے، انہوں نے سولانو کے بطور پیرو کی قومی ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ تجربے کو بھی اہم قرار دیا۔ سابق فٹ بالر سولانو نے ریکارڈو گاریسا کے معاون کے طور پر 7 سال تک خدمات انجام دیں ہیں۔

موباڈالہ سٹی ڈی سی اوپن ٹینس، ڈین ایوانز اور کیمرون نوری مینز سنگلز دوسرے راؤنڈ میں داخل

واشنگٹن (این این آئی) انگلینڈ کے نامور ٹینس سٹار ڈین ایوانز اور انگلینڈ کے ہی کیمرون نوری اے ٹی پی موباڈالہ سٹی ڈی سی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ ڈین ایوانز نے مینز سنگلز کے ابتدائی راؤنڈ میں بیلجیئم کے حریف کھلاڑی زیزو برگس کو شکست دی جبکہ کیمرون نوری نے ہم وطن حریف کھلاڑی بلی ہیرس کو شکست دے کر دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ موباڈالہ سٹی ڈی سی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا 56 واں ایڈیشن امریکا میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ انگلینڈ کے نامور ٹینس سٹار ڈین ایوانز نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے بیلجیئم کے حریف کھلاڑی زیزو برگس کو 6-3، 4-6 اور 3-6 سے شکست دی۔

ڈبلیو ڈبلیو ای کے ریسلر بروک لیسنر کو بین کرنیکا انکشاف

ڈینئیل کورمیر نے اس خیال کو مسترد کیا کہ وہ بروک لیسنر کا مقابلہ کرنیوالے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ہیوی ویٹ چیمپئن ڈینئیل کورمیر نے انکشاف کیا ہے کہ بروک لیسنر کو بین لسٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ اب یو ایف سی کے سابق ہیوی ویٹ چیمپئن ڈینئیل کورمیر نے انکشاف کیا ہے کہ بروک لیسنر کو بین لسٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران ڈینئیل کورمیر نے اس خیال کو مسترد کیا کہ وہ ڈبلیو ڈبلیو ای رنگ میں بروک لیسنر کا مقابلہ کرنے والے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بروک لیسنر کا نام بین لسٹ میں ہے، مگر یہ وضاحت نہیں کی کہ ایسا ڈبلیو ڈبلیو ای، یو ایف سی یا دونوں کی سرپرست کمپنی ٹی کے او میں سے کس کی جانب سے کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ ڈبلیو ڈبلیو ای کو یو ایف سی نے خرید لیا تھا اور پھر ایک سرپرست کمپنی ٹی کے او کو قائم کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بروک ابھی بین لسٹ میں شامل ہیں، وہ بہت زیادہ مشکل میں ہیں، میں یہاں آپ کو نہیں بتاسکتا کہ بروک لیسنر نے کیا کیا، مگر وہ بہت زیادہ مشکل میں ہیں۔ اب بروک لیسنر کی ڈبلیو ڈبلیو ای میں جلد واپسی مشکل نظر آتی ہے کیونکہ ڈبلیو ڈبلیو ای یا ٹی کے او میں سے جس نے بھی انہیں بین کیا ہو، ان کا کیریئر متاثر ہوگا۔ آخری بار بروک لیسنر ڈبلیو ڈبلیو ای کے رنگ میں اگست 2023 میں نظر آئے تھے جب انہوں نے سمرسلیم ایونٹ میں روڈی رہوڈز نے مقابلہ کیا تھا۔ بعد میں خیال کیا جارہا تھا کہ وہ جنوری 2024 میں رائل رمبل مقابلے میں واپسی کریں گے مگر ایسا نہ ہوسکا کیونکہ ڈبلیو ڈبلیو ای کی ایک سابق خاتون عہدیدار Janel Grant نے ڈبلیو ڈبلیو ای کے سابق چیئرمین ونس میکموہن کے خلاف مقدمہ دائر کیا تھا۔

بی سی بی کا ایئرفورس طیارہ حادثے پر ایک روزہ سوگ کا اعلان

کھلاڑی اور آفیشلز نے بازؤں پر سیاہ پٹی باندھ کر میدان میں اترنے کا فیصلہ کیا

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) نے ایئرفورس طیارہ حادثے پر ایک روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔ بی سی بی نے بتایا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں کھلاڑی اور آفیشلز نے بازؤں پر سیاہ پٹی باندھ کر میدان میں اترنے کا فیصلہ کیا۔ میچ سے قبل ایک منٹ کی خاموشی اختیار جبکہ میچ کے دوران میوزک نہیں چلایا گیا۔

آسٹریلیا، بالارات ریسنگ ٹریک پر گھڑسوار اختتامی پوائنٹ کی جانب بڑھ رہے ہیں

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SHOWBIZ شوبز

نجیبہ فیض کے چہرے میں نمایاں تبدیلیوں سے مداحوں حیران

انسٹاگرام اور ٹک ٹاک پر لاکھوں مداح ہیں، جس میں پشتون فالوورز کی بڑی تعداد شامل ہے

پشاور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی باصلاحیت اداکارہ اور میزبان نجیبہ فیض پشتو نشریات سے لے کر اردو ڈراموں تک میں اپنی پہچان بنا چکی ہیں، ان دنوں سوشل میڈیا پر اپنے بدلے ہوئے انداز کے باعث توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں۔ نجیبہ فیض نے سنگِ مرمر، سنگِ ماہ، میری شہزادی اور میسنی جیسے مقبول ڈراموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے، ان دنوں وہ نجی ٹی وی کے مقبول سیریل شراکت میں مرکزی کردار نبھا رہی ہیں۔ پشتون ناظرین میں نجیبہ فیض کو ان کے روایتی، سادہ اور قدرتی انداز کے باعث خاص پسند کیا جاتا ہے، ان کے انسٹاگرام اور ٹک ٹاک پر لاکھوں مداح ہیں، جس میں پشتون فالوورز کی بڑی تعداد شامل ہے، صرف ٹک ٹاک پر ان کے 47 لاکھ سے زائد فالوورز ہیں۔ نجیبہ فیض کی حالیہ تصاویر اور ٹی وی پر موجودگی نے ان کے مداحوں کو حیران کردیا ہے، سوشل میڈیا صارفین کا کہنا ہے کہ وہ اب پہلے جیسے قدرتی انداز میں نظر نہیں آتیں، ان کے چہرے کے خدوخال میں نمایاں تبدیلی دیکھی جارہی ہے، تصاویر میں ان کا چہرہ واضح طور پر بوٹوکس کے اثرات سے متاثر دکھائی دے رہا ہے، جبکہ لبوں میں فلرز بھی نمایاں محسوس کیے جارہے ہیں، جس کی وجہ سے ان کے چہرے کا تاثر کافی حد تک بدل گیا ہے۔ اگرچہ شوبز انڈسٹری میں اس قسم کی تبدیلیاں عام ہوچکی ہیں، تاہم نجیبہ فیض کے مداح ان کے قدرتی حسن کے مداح تھے اور اسی وجہ سے یہ تبدیلی ان کے لیے باعثِ حیرت بنی ہے۔ ابھی تک نجیبہ فیض کی جانب سے اس حوالے سے کوئی باضابطہ وضاحت یا ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔

مجھے بدنام کرنے کے لیے پیسے خرچ کیے گئے، علیزے شاہ

کبھی بھی شوٹنگ سیٹ پر اپنے میک اپ روم میں سگریٹ نوشی نہیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ علیزے شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ پیسے خرچ کرکے انہیں بدنام کیا گیا جب کہ شوٹنگ سیٹ پر ان کے ساتھ بدتمیزیاں ہوئیں لیکن سینئرز نے مہم کے تحت ان پر الزامات لگائے۔ علیزے شاہ نے انسٹاگرام اسٹوریز میں متعدد ویڈیوز شیئر کیں، جن میں انہوں نے پہلی بار اپنے کے خلاف لگائے گئے الزامات پر بھی بات کی۔ اداکارہ نے کسی کا نام لیے بغیر کہا کہ انہیں بدنام کرنے کے لیے پیسے خرچ کیے گئے، سوشل میڈیا پیجز کو پیسے دے کر ان کے خلاف مہم چلائی گئی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ شوٹنگ سیٹس پر ان کے ساتھ بدتمیزی ہوتی تھی لیکن انہیں خاموش رہنے کی ہدایت کی جاتی اور بعد میں ان کے خلاف ہی الزامات لگائے جاتے۔ ان کے مطابق منصوبہ بندی کے تحت ان پر شوٹنگ سیٹ پر توڑ پھوڑ اور بدتمیزی کرنے کے الزامات لگائے گئے، ان کے ساتھ بدتمیزی ہوتی تھی، وہ اپنے ساتھ ناانصافی پر مقدمہ دائر کروانا چاہتی تھیں لیکن انہیں روکا گیا،

رائل اوپیرا ہاؤس میں فنکار کی فلسطین سے اظہارِ یکجہتی، انتظامیہ نے اقدام کو نامناسب قرار دیدیا

لندن (این این آئی) لندن کے رائل اوپیرا ہاؤس میں ایک فنکار کی جانب سے اسٹیج پر فلسطینی پرچم لہرانے پر انتظامیہ نے ردعمل دیتے ہوئے اسے غیر مناسب اقدام قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق لندن کے رائل اوپیرا ہاؤس میں ایک فنکار کے اسٹیج پر فلسطینی پرچم لہرانے کے اقدام کو مکمل طور پر نامناسب قرار دیا گیا۔ سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ اسٹیج کے کنارے پر مختصر سی ہاتھا پائی ہوئی، جہاں ایک شخص، جو شرٹ اور ٹائی میں ملبوس تھا، فنکار کو روکنے کی ناکام کوشش کرتا ہے۔ یہ واقعہ لندن میں جوزپے وردی کی چار ایکٹ پر مشتمل اوپیرا ایل ٹروویٹورے کے 11 روزہ سلسلے کے اختتامی شو کے دوران اس وقت پیش آیا جب پردہ گرنے سے قبل فنکاروں نے سلامی دی۔ ایک شخص، جس نے دعویٰ کیا کہ وہ تماشائیوں میں شامل تھا، اس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ رائل اوپیرا ہاس میں آج رات غیر معمولی مناظر دیکھنے کو ملے، ایل ٹروویٹورے کے اختتام پر پس منظر میں کام کرنے والے ایک فنکار نے اسٹیج پر آکر فلسطین کا پرچم لہرایا، وہ بس وہیں کھڑا رہا، نہ جھکا اور نہ کچھ بولا۔ اس نے مزید لکھا کہ اسٹیج کے پیچھے سے کوئی مسلسل اس سے پرچم چھیننے کی کوشش کرتا رہا اور یہ سب بہت ہی حیران کن صورتحال تھی۔ کوونٹ گارڈن میں واقع رائل بیلے اینڈ اوپیرا کے ترجمان کا کہنا تھا کہ فنکار کی جانب سے یہ اقدام بغیر اجازت کے کیا گیا تھا۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب متعدد فنکار اس سال کے گلاسٹن بری میوزک فیسٹیول میں غزہ کے عوام کے لیے یکجہتی کے پیغامات دے چکے ہیں، ان فنکاروں میں نی کیپ، باب وائلن، وولف ایلس اور ایمیل اینڈ دی اسنفیرز شامل ہیں۔ خیال رہے کہ پولیس اب بھی مشہور جوڑی باب وائلن کے خلاف تحقیقات کررہی ہے جن کے مرکزی گلوکار نے فیسٹیول کے دوران اسرائیلی فوج کے خلاف نعرے بازی کی تھی۔

ہر شخص احترام کا حقدار ہے، ساحر لودھی کی نقالی ویڈیوز پر مہوش حیات کا ردعمل

کراچی (این این آئی) اداکارہ مہوش حیات نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ساحر لودھی کی نقالی ویڈیوز پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر انسان بنیادی عزت کا حقدار ہے اور کسی کے انداز پر تنقید کرتے ہوئے شائستگی اور نرمی کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے۔ میزبان و اداکار ساحر لودھی کی پاپرازی ویڈیوز ان دنوں سوشل میڈیا پر گردش کررہی ہیں جو ان کے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپ لوڈ ہورہی ہیں۔ ان ویڈیوز کی وجہ سے ساحر لودھی سوشل میڈیا پر خوب مقبول ہورہے ہیں کیونکہ ویڈیوز میں وہ یہ ظاہر کرتے ہیں جیسے انہیں معلوم نہیں کہ کوئی ان کی ویڈیو بنانے آرہا ہے، جب کہ کیمرہ مین بھی ان کا اپنا ہے اور یہ ویڈیوز بھی انہی کے پیج پر اپ لوڈ ہورہی ہیں۔

شاہ رخ کی شوٹنگ کے دوران زخمی ہونے کی خبریں بے بنیاد

فلم ''کنگ'' کی ریلیز 2026 کے اکتوبر سے دسمبر کے درمیان متوقع ہے

ممبئی (این این آئی) فلم کنگ کی شوٹنگ کے دوران بولی وڈ بادشاہ شاہ رخ خان کے زخمی ہونے کی افواہیں سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں، تاہم حالیہ رپورٹس کے مطابق ان خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ گزشتہ روز ایسی خبریں سامنے آرہی تھیں کہ شاہ رخ خان ممبئی میں بننے والی ایکشن فلم کنگ کی شوٹنگ کے دوران زخمی ہوگئے اور علاج کے لیے پہلے امریکا اور پھر مستقل طور پر صحت یابی کے لیے برطانیہ منتقل ہورہے ہیں۔ رپورٹس میں بتایا جا رہا تھا کہ شاہ رخ خان کی انجری کے باعث ان کی فلم کی شوٹنگ کا شیڈول بھی متاثر ہوگا۔ تاہم این ڈی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ان تمام خبروں میں کوئی صداقت نہیں، اگرچہ شاہ رخ خان کو ماضی میں مختلف فلموں کی شوٹنگ کے دوران معمولی چوٹیں لگتی رہی ہیں اور بعض اوقات وہ تکلیف دوبارہ محسوس ہوسکتی ہے، لیکن وہ باقاعدگی سے اپنے علاج کے لیے امریکا جاتے رہتے ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ شاہ رخ خان جولائی کے دوسرے ہفتے میں امریکا روانہ ہوئے تھے اور وہ مہینے کے آخر تک واپس آجائیں گے۔ ایسا پہلی بار نہیں کہ شاہ رخ خان کے زخمی ہونے کی جھوٹی خبریں انٹرنیٹ پر وائرل ہوئی ہوں، اس سے قبل بھی ایسی افواہیں گردش کرچکی ہیں کہ وہ کسی شوٹ کے دوران ناک پر چوٹ لگنے سے زخمی ہوگئے، حالانکہ حقیقت یہ تھی کہ انہوں نے ایک معمولی نزلہ وزکام سے متعلق ناک کی سرجری کروائی تھی، نہ کہ کسی حادثے کا شکار ہوئے تھے۔ کنگ ایک ایکشن سے بھرپور تھرلر فلم ہوگی، جس میں شاہ رخ خان ایک بار پھر پٹھان کے ہدایتکار سدھارتھ آنند کے ساتھ کام کریں گے۔ فلم کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں شاہ رخ خان کی بیٹی سوہانا خان بھی بڑے پردے پر اپنا ڈیبیو کریں گی، اس سے قبل وہ او ٹی ٹی فلم دی آرچیز (2023) میں جلوہ گر ہوچکی ہیں، کنگ میں وہ اپنے والد کے ساتھ اسکرین شیئر کرتی نظر آئیں گی، جو فلم کا اہم پہلو ہوگا۔ فلم کی ریلیز 2026 کے اکتوبر سے دسمبر کے درمیان متوقع ہے۔

بھارتی اداکار کی کار ریس کے دوران خوفناک حادثے کا شکار

بدقسمتی سے حادثہ ریس کے دوران کھڑی کار سے ٹکرانے پر پیش آیا

روم (این این آئی) اٹلی میں ہونے والی جی ٹی 4 یورپین سیریز کے دوران بھارت کے معروف اداکار اور ریسنگ کے شوقین اجیت کمار کی کار ایک حادثے کا شکار ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ میزانو (Misano) ریسنگ ٹریک پر اس وقت پیش آیا جب اجیت دوسری راؤنڈ کی ریس میں حصہ لے رہے تھے۔ خوش قسمتی سے اداکار کو کسی قسم کی چوٹ نہیں آئی، لیکن انہیں مقابلے سے باہر ہونا پڑا۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب اجیت کی کار ریس کے دوران ایک کھڑی کار سے ٹکرائی۔ رفتار تیز ہونے کے باوجود اجیت نے اپنی مہارت اور تجربے سے ایک بڑے حادثے کو ٹال دیا۔ ریس کے بعد منظر عام پر آنے والی ایک ویڈیو میں اجیت کو ٹریک پر موجود عملے کے ساتھ ملبہ صاف کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ایک کمنٹیٹر نے ویڈیو میں کہا، اجیت کمار کار سے باہر آگئے ہیں، ریس سے باہر ہوگئے ہیں۔ یہ پہلا بڑا حادثہ ہے جس کا وہ اس سال شکار ہوئے ہیں۔ لیکن وہ ایک بہترین چیمپیئن ہیں۔ ملاحظہ کریں کہ وہ خود جا کر مارشلز کے ساتھ ملبہ صاف کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔ ایسا ہر ڈرائیور نہیں کرتا۔ اجیت کمار کا شمار نہ صرف تمل سینما کے سپر اسٹارز میں ہوتا ہے بلکہ وہ ایک ماہر ریسنگ ڈرائیور بھی ہیں۔ انہوں نے 2003 میں ریسنگ کا آغاز کیا، اور 2010 میں فارمولہ 2 چیمپیئن شپ میں بھی حصہ لیا۔ جرمنی، ملائیشیا اور اب یورپ سمیت کئی ملکوں میں ریسنگ میں شرکت کی ہے۔ وہ حال ہی میں ایک دہائی کے وقفے کے بعد دوبارہ بھرپور انداز میں ریسنگ میں واپس آئے ہیں۔ اجیت کو حال ہی میں بھارتی حکومت کی جانب سے پدما بھوشن سے بھی نوازا گیا، جو ان کے فلمی اور ریسنگ کیریئر میں نمایاں خدمات کا اعتراف ہے۔

ہمایوں سعید کے دی کراؤن میں کردار، شوٹنگ کے تجربات اور معاوضے پر اہم انکشافات

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے ممتاز اداکار ہمایوں سعید اپنی جاذب نظر اسکرین پرفارمنس اور ہمہ جہت اداکاری کے باعث مداحوں میں بے حد مقبول ہیں، حال ہی میں جیو ٹی وی کے پوڈکاسٹ میں میزبان مبشر ہاشمی کے ساتھ گفتگو کرتے نظر آئے۔ پوڈکاسٹ میں گفتگو کے دوران ہمایوں سعید نے نیٹ فلکس کی معروف سیریز TheCrown میں ڈاکٹر حسنات کا کردار حاصل کرنے کے مراحل پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے اپنے دوست نادر جو ایک ہدایت کار ہیں، سے کہا کہ وہ میرا آڈیشن شوٹ کرے، یہ ایک رومانوی سین تھا، اس وقت مجھے کورونا وائرس تھا، نادر نے ماسک پہن کر میرا آڈیشن ریکارڈ کیا، پہلے سین کے بعد انہوں نے مجھے دوسرا سین بھیجا، وہ بھی منظور ہوگیا پھر ایک اور آڈیشن ہوا جو زوم پر ہوا اور اس میں ڈائنا کا کردار ادا کرنے والی اداکارہ کے ساتھ میرا سین تھا، یہ آڈیشن بھی انہیں پسند آیا، آخر میں، میں 2 امیدواروں میں رہ گیا، تب میں نے انہیں کہا کہ اگر مجھے کردار نہیں دینا تو مجھے کال نہ کرنا پھر 20 دن تک خاموشی رہی اور پھر اچانک کال آئی، مبارک ہو، آپ کو کردار مل گیا۔ ہمایوں سعید نے مزید کہا کہ انہیں مغرب میں کام کرنے کا کبھی شوق نہیں تھا لیکن دی کراؤن میں ایک پاکستانی شخصیت کو پیش کرنا ان کے لیے باعثِ فخر تھا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ایک اور نیٹ فلکس سیریز کی پیشکش بھی ہوئی تھی مگر میں نے اس پر کوئی توجہ نہیں دی۔ دی کراؤن میرے لیے اس لیے خاص تھا کیونکہ یہ ایک پاکستانی کردار تھا اور میں نے چاہا کہ اسے پاکستانی ہی ادا کرے۔ ہمایوں سعید نے اس سیریز میں اپنے رومانوی سین (کسنگ سین) کے حوالے سے بتایا کہ میں اس پر کافی نروس تھا، میں نے اپنی کو اداکارہ کو بتایا کہ ہمارے ہاں ڈراموں میں ایسے سین نہیں ہوتے،

لندن میں چھٹیاں مناتے عالیہ اور رنبیر کی رومانوی ویڈیو وائرل

لندن (این این آئی) بالی وڈ کی مقبول اداکارہ عالیہ بھٹ نے لندن میں اپنے شوہر اداکار رنبیر کپور کے ساتھ رومانوی لمحات بیتاتے ہوئے دلکش ویڈیو شیئر کردی جس نے سوشل میڈیا صارفین کے دل جیت لیے۔ اس مختصر مگر خوبصورت ویڈیو میں عالیہ اپنے شوہر رنبیر کپور کے ساتھ لندن کی مختلف خوبصورت لوکیشنز پر خوشگوار لمحات گزارتی نظر آتی ہیں۔ ویڈیو میں رنبیر کپور کو عالیہ کا ہاتھ تھامے، انہیں گھماتے اور ان کی مسکراہٹوں کو نکھارتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ویڈیو میں عالیہ کو مختلف ڈریسز میں دیکھا جاسکتا ہے، ایک منظر میں وہ ایک گرم سوئیٹر پہنی دیکھی جاسکتی ہیں، دوسرے منظر میں سفید ٹی شرٹ جبکہ ایک اور منظر میں انہیں ٹیوب ٹاپ میں ملبوس دیکھا جاسکتا ہے، علاوہ ازیں ایک سین میں وہ رنبیر کا کیپ پہنی بھی نظر آتی ہیں۔ مداحوں نے بالی وڈ کی اس فیورٹ جوڑی کی دلچسپ ویڈیو کو بیحد سراہا اور تبصروں میں اپنے جذبات کا اظہار کیا۔

کوشش کرتی ہوں تنقید سے کسی کا دل نہ دکھے، مرینہ خان

ڈراموں پر تبصرہ کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھتی ہوں کہ کسی کا دل نہ دکھے

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ وہدایت کارہ مرینہ خان نے کہا کہ وہ ڈراموں پر تنقید کرتے وقت ہمیشہ کوشش کرتی ہیں کہ کسی کے جذبات مجروح نہ ہوں، جب کہ ان کی ساتھی فنکارہ عتیقہ اوڈھو کھل کر رائے دیتی ہیں، جس کے باعث اکثر لوگ ان سے ناراض ہوجاتے ہیں۔ مرینہ خان کا شمار پاکستان کی نامور شوبز شخصیات میں ہوتا ہے، انہوں نے تنہائیاں، دھوپ کنارے اور جیکسن ہائٹس سمیت متعدد ڈراموں سے شہرت حاصل کی۔ اداکارہ نے حال ہی میں احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔ مرینہ خان آج کل مختلف ڈراموں کی ہدایت کاری بھی کررہی ہیں، ان کے مطابق اب پروڈکشن کا معیار کچھ کمزور ہوگیا ہے، اب پروڈکشن کا زیادہ تر بجٹ اداکاروں کو دیا جاتا ہے، اس لیے اچھا اور معیاری کام نہیں ہو پا رہا۔ پوڈکاسٹ کے دوران انہوں نے اداکاروں کی اس شکایت پر بھی بات کی کہ انہیں وقت پر ادائیگی نہیں کی جاتی، ان کا کہنا تھا کہ یہ شکایت بالکل درست ہے۔ ہدایت کارہ کے مطابق وہ ایک ایسی یونین بنانے کی کوشش کررہے ہیں جو اداکاروں کے حقوق کے لیے کام کرے اور اگر یہ یونین نہ بھی بن سکی تو کچھ نہ کچھ ایسا ضرور کیا جائے گا تاکہ جو بھی فرد کسی پراجیکٹ سے منسلک ہو، اسے اس کے طے شدہ معاہدے کے مطابق تمام حقوق ملیں۔ اداکارہ نے 24 نیوز کے پروگرام کیا ڈراما ہے کے بارے میں کہا کہ پہلے شوبز سے وابستہ لوگ اس شو میں زیادہ دلچسپی نہیں لیتے تھے، لیکن اب آہستہ آہستہ ان کی دلچسپی بھی بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کبھی کبھار اگر انہیں اپنے کسی دوست کے ڈرامے پر تبصرہ کرنا ہوتو وہ دوستی کی وجہ سے احتیاط برتتی ہیں، لیکن ان کی ساتھی اداکارہ عتیقہ اوڈھو کھل کر بات کرتی ہیں، جس کی وجہ سے اکثر لوگ ان سے ناراض بھی ہوجاتے ہیں۔

لپ فلرز ختم کروانے پر بھارتی اداکارہ عرفی جاوید کا چہرہ بگڑ گیا

کسی بھی بیوٹی ٹریٹمنٹ کے لیے ماہر ڈاکٹر سے رجوع کریں، اداکارہ کا مداحوں کو مشورہ

ممبئی (این این آئی) لپ فلرز ختم کروانے پر بھارتی اداکارہ عرفی جاوید کا چہرہ بگڑ گیا۔ معروف بھارتی سوشل میڈیا انفلوئنسر اور منفرد اندازِ کے فیشن کے لیے مشہور عرفی جاوید نے حال ہی میں انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اپنے لپ فلرز ختم کروالیے ہیں، ویڈیو میں ان کے ہونٹ سوجے ہوئے دکھائی دیے، جس کے بعد یہ پوسٹ وائرل ہوگئی۔ عرفی نے بتایا کہ ان کے فلرز اپنی جگہ سے ہٹ گئے تھے اس لیے انہوں نے انہیں حل کروانے کا فیصلہ کیا، ویڈیو کے کیپشن میں عرفی نے لکھا کہ یہ فلٹر نہیں ہے، میں نے اپنے فلرز ختم کروادیے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ خراب ہوچکے تھے، میں دوبارہ فلرز لگواؤں گی، مگر قدرتی انداز میں۔ عرفی نے اس عمل کو تکلیف دہ قرار دیا اور مداحوں کو مشورہ دیا کہ کسی بھی بیوٹی ٹریٹمنٹ کے لیے ماہر ڈاکٹر سے رجوع کریں، عرفی نے کہا، یہ بہت اہم ہے کہ آپ کسی اچھے ڈاکٹر کے پاس جائیں۔ عرفی جاوید کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر آگ کی طرح پھیل گئی ہے اور صارفین عرفی کی ہمت کو سراہا رہے ہیں

بقیہ نمبر 1

اطلاعات کی بنیاد پر کیے گئے آپریشن کے دوران متعدد دہشت گردوں کو گرفتار بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ہونے والوں میں سہولت کاروں کے علاوہ مرد اور خواتین خودکش بمبار بھی شامل ہیں، جو دہشت گرد تنظیم کے مذموم عزائم کا واضح ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی متعدد کمین گاہیں تباہ کی گئیں اور ان کے ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، جو سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر انٹیلیجنس کو ظاہر کرتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد کارروائیوں کے بعد مستونگ اور گردونواح میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز مزید مؤثر اور تیز کیے گئے ہیں، جبکہ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی دہشت گرد کو فرار ہونے کا موقع نہ مل سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے لیے کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا وزیراعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان وفاقی حکومت اور تمام سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور ان کی مزاج پرسی اور عیادت کی اور یقین دلایا کہ مکمل صحت یابی تک آپ کا مکمل خیال رکھا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قانون اور انصاف کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ حکومت بلوچستان دہشت گردی کے اس بزدلانہ واقعے میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر منطقی انجام تک پہنچائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عدلیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور تمام ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے ریاستی اداروں کو مرعوب کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی اور بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رہیں گے وزیراعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت تمام زخمیوں کو جلد مکمل صحت عطا فرمائے اور شہداء کے درجات بلند فرمائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر مستونگ دہشت گردی کے واقعے میں زخمی ہونے والے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کو بہتر علاج معالجے کے لیے کمبائنڈ ملٹری ہسپتال (سی ایم ایچ) منتقل کر دیا گیا ہے معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے اپنے بیان میں کہا کہ ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں زخمی ہوئے تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے زخمی ایڈیشنل سیشن جج کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی شاہد رند نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل سیشن جج کو سی ایم ایچ منتقل کیا گیا تاکہ انہیں اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات اور خصوصی نگہداشت فراہم کی جا سکے انہوں نے کہا کہ زخمی ایڈیشنل سیشن جج کے علاج معالجے کے تمام اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی اور ان کی مکمل صحت یابی تک ہر ممکن طبی اور انتظامی معاونت فراہم کی جائے گی معاون وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل گھڑی میں عدلیہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے اور واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لا کر منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 2

روسی ہم منصب سرگئی لاوروف سے ملاقات میں اہم امور پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے فلپائن کے دارالحکومت منیلا میں 33 ویں آسیان ریجنل فورم (ARF) وزارتی اجلاس کے موقع پر روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی تعاون کے مختلف شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تجارت، توانائی، کنیکٹیوٹی سمیت دیگر شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اہم شعبوں میں شراکت داری کو وسعت دینے، کثیر الجہتی فورمز پر باہمی رابطہ کاری بڑھانے اور مشترکہ مفادات کے فروغ کیلئے قریبی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار اور سرگئی لاوروف نے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور اعلیٰ سطح کے روابط کا تسلسل برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں پاکستان اور روس کے درمیان شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 3

بارشوں کے پیش نظر تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے ہدایت کی ہے کہ این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم ایز اور مقامی ادارے مکمل رابطے میں رہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بارشوں اور آبی صورتِ حال کی نگرانی کی جائے، حساس علاقوں میں ریسکیو وسائل اور امدادی سامان پیشگی طور پر پہنچایا جائے۔ صدرِ مملکت نے ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیاحوں اور مقامی آبادی کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے بارشوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت بھی کیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف ریسکیو اور ایمرجنسی اہلکاروں کو خراجِ تحسین بھی پیش کیا۔

بقیہ نمبر 4

چیئرمین اوگرا کا عہدہ مارچ یا اپریل سے خالی ہے تاہم اس کا سربراہ کسی بیوروکریٹ کو نہیں ہونا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے میری سربراہی میں اوگرا کی ایک سرچ کمیٹی بنائی تھی، کمیٹی نے 10 امیدواروں کے انٹرویوز کیے، کمیٹی کا فیصلہ تھا ان لوگوں میں چیئرمین اوگرا بننے کیلئے صلاحیت ہی نہیں تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ چیئرمین اوگرا کیلئے انٹرنیشنل لیول کی نامور شخصیت کو لانا ہوگا سفارش وزیراعظم کو بھیجی ہے، اوگرا، نیپرا، اسٹیٹ بینک، پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس ٹھیک کر دیں سب ٹھیک ہو جائے گا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ چیئرمین اوگرا مجھے رپورٹ نہیں کرتا یہ کابینہ ڈویژن کا حصہ ہے اسے آزاد ہونا چاہیے، ملک کے مسائل حل کرنے ہیں تو اداروں کو مضبوط کرنا ہوگا جس کیلئے درست انسان کا چناؤ ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 5

امن لائیں گی، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف ٹارگیٹڈ آپریشنز جاری رہیں گے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کی بھرپور حمایت سے بلوچستان میں دیرپا امن لائیں گے، یہ آپریشنز بھرپور عزم اور دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے خاتمے تک جاری رہیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے ملک کے مستقبل کی سمت کے تعین کے لیے قومی اتحاد اور ثابت قدمی کی ضرورت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج عوام کے اتحاد، عزم اور ثابت قدمی کی بدولت ان مذموم عزائم کو ناکام بنائیں گی۔

بقیہ نمبر 6

کے دوران وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے امریکی وزیر خزانہ کو پاکستان کی معیشت میں میکرو اکنامک استحکام، پائیدار اقتصادی ترقی اور برآمدات پر مبنی گروتھ کے حکومتی وژن سے آگاہ کیا۔ انہوں نے علاقائی صورتحال کے پاکستانی معیشت پر مرتب ہونے والے منفی اثرات کو بھی اجاگر کیا۔ وزیر خزانہ نے بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹوں تک بہتر رسائی، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے اور پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کے تناظر میں مارکیٹ تک رسائی کیلئے امریکی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں دونوں فریقوں نے پاکستان اور امریکا کے درمیان معاشی تعاون کو مزید فروغ دینے، امریکی سرمایہ کاری میں اضافے اور مشترکہ تذویراتی منصوبوں پر پیش رفت کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 7

ڈی بی کے ڈائریکٹر جنرلز، پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر شیلا حسن اور دیگر اعلیٰ حکام کی بھی ملاقات کی۔ بدھ کو دفتر خارجہ کے مطابق اس موقع پر فریقین نے پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان چھ دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط شراکت داری کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بنیادی ڈھانچے، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کی استعداد، علاقائی رابطہ سازی اور پائیدار اقتصادی ترقی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم نے پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات کے لیے اے ڈی بی کی مستقل حمایت کو سراہا اور باہمی تعاون کو مزید جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے ایم ایل 1- ریلوے منصوبے کو حکومت کے نمایاں بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں سے ایک اور وزیراعظم شہباز شریف کی ترجیحات میں شامل اہم منصوبہ قرار دیا۔ انہوں نے منصوبے کے لیے کنسورشیم فنانسنگ کی قیادت میں اے ڈی بی کی مسلسل معاونت کو سراہتے ہوئے درخواست کی کہ منصوبے کی منظوری اور عملدرآمد کے مراحل کو تیز کیا جائے۔ اے ڈی بی کے نائب صدور نے منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور اس بات کو تسلیم کیا کہ یہ منصوبہ پاکستان کے ریلوے نظام کو جدید بنانے، رابطہ سازی کو فروغ دینے اور پائیدار اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، فلپائن میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر عاصمہ ربانی اور دونوں جانب کے اعلیٰ حکام بھی ملاقات میں شریک تھے۔

بقیہ نمبر 8

اٹھاتا رہے گا، کلبھوشن کو قونصلر رسائی دیے جانے سے آگاہ نہیں، پاک امریکا تجارتی مذاکرات جاری ہیں اور ٹیرف کا معاملہ ابھی طے نہیں ہوا ہے، کارگل جنگ کا معاملہ اب تاریخ کا حصہ ہے، مرحوم سرتاج عزیز کی کارگل کے حوالے سے کتاب بہترین ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ دیتے ہوئے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں کمرشل جہاز رانی کو دھمکیوں کی مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سعودی عرب کی علاقائی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کا اعادہ کرتے ہیں، یمن کے مسلح گروہوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے خطے کی صورتحال کو مزید خراب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے کشیدگی میں کمی کے لیے کوششیں جاری ہیں اور ایرانی وزیر داخلہ نے اسی مناسبت سے پاکستان کا دورہ کیا ہے۔ طاہر اندرابی نے بتایا کہ 18 جولائی کو علاقائی صورتحال کے تناظر میں پاک کویت وزرائے خارجہ کی گفتگو ہوئی۔ گزشتہ روز منیلا میں آسیان اجلاس کی سائیڈ لائنز پر پاک مصر وزرائے خارجہ کی ملاقات ہوئی۔ پاک مصر وزرائے خارجہ نے تمام ممالک کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری کے تحفظ پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ منیلا میں پاک اومان وزرائے خارجہ کی بھی ملاقات ہوئی ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار آج شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کے لیے بشکیک پہنچیں گے، جہاں ان کی کرغزستان کے صدر سمیت اپنے ہم منصبوں سے ملاقاتیں ہوں گی۔ ترجمان نے کہا کہ نائب وزیراعظم نے منیلا میں آسیان ریجنل فورم کے 34 ویں اجلاس میں شرکت کی۔ پاکستان 2004 سے آسیان ریجنل فورم کا رکن ہے۔ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے نائب وزیراعظم کی ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ نائب وزیراعظم کی بنگلادیش کے وزیر خارجہ و جنرل اسمبلی کے نومنتخب صدر خلیل الرحمٰن سے بھی ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کینیڈا نے زراعت، تجارت و سرمایہ کاری سمیت شعبوں میں تعاون کے سمجھوتوں پر دستخط کیے۔ پاکستان یورپی یونین کی جی ایس پی رپورٹ کا خیر مقدم کرتا ہے۔ یورپی یونین کی رپورٹ مجموعی طور پر پاکستان کی جانب سے کی جانے والی پیشرفت کا احاطہ نہیں کرتی۔ جی ایس پی پلس درجہ دونوں فریقوں کے لیے باہمی طور پر مفید ہے۔ پاکستان یورپی کمیشن اور دیگر اداروں کے ساتھ مثبت طور پر روابط برقرار رکھے گا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان نے ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ کو مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے، یہ رپورٹ مکمل طور پر بے بنیاد ہے۔ افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی موجودگی علاقائی سلامتی کے لیے خطرہ ہے۔ کوئی ذمہ دار ریاست اپنے شہریوں کو نشانہ بنائے جانے کی صورت میں خاموش نہیں رہ سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان سے لاحق خطرات پر نپا تلا جواب دیا۔ پاکستان نے اپنی کارروائیوں میں صرف دہشتگردوں کے انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنایا۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل افغانستان کی صورتحال کے تناظر میں اصل وجوہات کو سامنے لانے میں ناکام رہی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان پرامن اور امن کو سفارتکاری کے ذریعے موقع دینے کی بات کر رہا ہے، پاکستان نے امید کا دامن نہیں چھوڑا، امن کی طرف واپس آنے کے لیے اسلام آباد ایک اوپن یا بنیادی ڈھانچہ فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آسیان ریجنل فورم کے موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی آسٹریلین وزیر خارجہ پینی وونگ سے ملاقات ہوئی ہے، جس میں پاک آسٹریلیا تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور آسٹریلیا نے اعلیٰ سطح کے رابطوں اور باقاعدہ سفارتی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ آسٹریلین وزیر خارجہ پینی وونگ نے کشیدگی میں کمی اور مکالمے کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں حالیہ کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا۔ پاکستان اور آسٹریلیا نے دیرپا امن، استحکام اور سلامتی کے لیے مذاکرات، سفارت کاری اور بین الاقوامی قانون کے احترام پر زور دیا۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر آواز اٹھاتا رہے گا، مقبوضہ کشمیر میں قابض قوت کے طور بھارت انسانی حقوق کو یقینی بنانے کا پابند ہے۔ پاکستان فلسطین کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے، فلسطین کی صورتحال کے حوالے سے 8 مسلم ممالک کے وزرائے خارجہ باہمی رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کلبھوشن یادیو پاکستان میں بھارتی دہشتگردی کی زندہ علامت ہے، کلبھوشن کو قونصلر رسائی دیے جانے سے آگاہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک امریکا تجارتی مذاکرات جاری ہیں اور ٹیرف کا معاملہ ابھی طے نہیں ہوا ہے، ٹیرف اور جائنٹ لیبر کے معاملے پر امریکا کو اپنے موقف سے آگاہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ کارگل جنگ کا معاملہ اب تاریخ کا حصہ ہے، مرحوم سرتاج عزیز کی کارگل کے حوالے سے کتاب بہترین ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو افغانستان میں خواتین اور بچوں کی صورتحال کا احساس ہے، قانونی سفری دستاویزات نہ ہونے کے باعث کسی کو ڈی پورٹ کرنا مروجہ بین الاقوامی قوانین کے مطابق ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی پاکستانی شہری کو بغیر دستاویزات کے افغانستان میں رہائش حق نہیں تو کسی افغانی کو بھی پاکستان میں بغیر دستاویزات رہنے کا حق نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ حالیہ دہشت گردی کے کئی واقعات میں افغان شہری ملوث پائے گئے، اگر کسی ملک کے شہری دوسرے ملک میں دہشت گرد ملوث پائے جائیں تو انہیں نفرت کا نشانہ بنایا جاتا ہے، ہم پرامن افغان شہریوں کے خلاف نفرت نہیں پنپنے دیں گے۔ پاکستانی کھلے دل کے مالک ہیں

بقیہ نمبر 9

جج عبدالحکیم کاکڑ پر حملہ ریاست پر حملہ ہے، دہشت گردوں کو ہر قیمت پر انجام تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کے محافظوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ دریں اثناء سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں انٹیلیجنس بیسڈ موثر کارروائیاں جاری ہیں، مستونگ کے علاقہ کھڈ کوچہ میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران متعدد دہشتگرد گرفتار کیے گئے، گرفتار دہشتگردوں میں سہولتکار سمیت مرد اور خواتین خودکش بمبار بھی شامل ہیں، کارروائی میں دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس کی کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز کی جانب سے مکمل نگرانی برقرار ہے، دہشتگردوں کے ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود برآمد کر لیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقہ کھڈ کوچہ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز تیز کر دیے گئے، دہشت گردی کے خاتمے اور علاقے میں امن وامان کے قیام تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 10

حصول کے لیے علم، تحقیق، جدت اور ٹیکنالوجی پر مبنی مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی، جبکہ معیاری تعلیم ہر فرد کا بنیادی انسانی حق ہے اور یہی پائیدار ترقی، مضبوط اداروں اور بااختیار معاشرے کی بنیاد ہے۔ وہ بدھ کو اسلام آباد میں او آئی سی کی وزارتی قائمہ کمیٹی برائے سائنسی و تکنیکی تعاون (کامسٹیک) کے زیراہتمام منعقدہ بین الاسلامی فورم برائے تعلیم، سائنس، تحقیق اور جدت سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ فورم میں او آئی سی کے اداروں کے نمائندگان، مختلف اسلامی ممالک کے سفراء، کینیا کے منڈیرا کاؤنٹی کے گورنر محمد عدن خلیف، ملائیشیا کے سینیٹر توان جزیری الکاف، کامسٹیک کے اعزازی مشیر پروفیسر ڈاکٹر شاہد محمود، بحریہ یونیورسٹی کے ریکٹر وائس ایڈمرل (ر) عابد حمید، مختلف جامعات کے وائس چانسلرز، ممتاز سائنسدانوں، محققین، ماہرین تعلیم، اسکالرز اور او آئی سی کے رکن ممالک کے وفود نے شرکت کی

بقیہ نمبر 11

ہفتہ وار ہائبرڈ پیکجز 130 روپے تک مہنگے کر دیے گئے۔ اس کے علاوہ کمپنیز نے تین روزہ موبائل پیکجز کی قیمتوں میں 21 روپے تک، دو روزہ پیکجز میں 20 روپے تک اور ایک روزہ ہائبرڈ پیکجز میں 5 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ پی ٹی اے کی ویب سائٹ پر 15 ہائبرڈ اور ڈیٹا اونلی پیکجز کی نئی ٹیرف شیٹس جاری کر دی گئی ہیں۔ نئی ٹیرف شیٹس میں موبائل کمپنیوں کے موجودہ پیکجز کی قیمتیں، سہ ماہی نرخ، مدت اور صارفین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی مکمل تفصیلات بھی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 12

افرادی قوت کے شعبے میں تعاون کو مزید مستحکم بنانے اور بیرون ملک روزگار کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر گزشتہ روز تاریخی سہ فریقی مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے جس کے تحت سعودی عرب میں ہنر مند پاکستانی افرادی قوت کو بھاری معاوضوں کے عوض ملازمتوں کے ہزاروں مواقع فراہم کیے جائیں گے، معاہدے سے ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ اور پاکستانی معیشت کو استحکام کیلئے مضبوط بنیادیں فراہم ہوں گی جبکہ ملک سے غربت اور بے روزگاری میں نمایاں کمی کے ساتھ ساتھ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کی نئی جہت ملے گی، اس معاہدے پر فوجی فاؤنڈیشن پاکستان، شالان اینڈ جی ایل اور سعودی عرب کی معروف آپریٹنگ کمپنی برائے ہنگر اسٹیشن کے درمیان دستخط کیے گئے، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب ایچ ایم گروپ کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوئی۔ فوجی فاؤنڈیشن پاکستان کی جانب سے میجر جنرل (ر) احسان محمود، شالان اینڈ جی ایل کی طرف سے خالد نواز سدھراج جبکہ آپریٹنگ کمپنی برائے ہنگر اسٹیشن کی جانب سے سعودی وفد کے سربراہ ناذح النوری نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس موقع پر دیگر حکام کے علاوہ کرنل عارف بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت تینوں ادارے مشترکہ طور پر ہزاروں اہل اور تربیت یافتہ پاکستانی ڈرائیوروں کی سعودی عرب میں بھرتی کے عمل کو سہولت فراہم کریں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شالان ایجنسی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد نواز سدھراج نے معاہدے کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ہنر مند افرادی قوت دنیا کے مختلف ممالک کی لیبر پر ترجیح دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان اخوت و بھائی چارے کے احساسات اور جذبات کو نیا جنم ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ شراکت داری نہ صرف ہزاروں پاکستانی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرے گی بلکہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ اقتصادی اور افرادی قوت کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی جانب سے شالان اینڈ جی ایل کی شفافیت پر اسے ملنے والے سرٹیفکیٹ کے بعد سعودی عرب کی بڑی کمپنی کا ہم پر اعتماد ہمارے لیے بڑا اعزاز ہے، ہمیں خوشی ہے کہ پاکستان سے غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے ساتھ ساتھ ملک کو قیمتی زرمبادلہ فراہم کرنے کیلئے اس شراکت داری کا حصہ بنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شراکت دار ادارے قریبی تعاون سے میرٹ پر، ہنر مند افرادی قوت کو بھرتی کریں گے، شالان این جی ایل ابتدائی جانچ پڑتال، دستاویزی کارروائی، ویزا پراسیسنگ، روانگی سے قبل انتظامات اور سعودی عرب میں تعیناتی تک تمام مراحل کو فول پروف بنائے گا تاکہ تمام درخواست گزاروں کے لیے ایک شفاف، منظم اور آسان عمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر سعودی وفد کے اراکین نے پاکستانی شراکت دار اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، انتظامی استعداد اور بھرتی کے اعلیٰ معیار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ تعاون سعودی عرب میں ہنر مند ڈیلیوری ڈرائیوروں کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو مؤثر انداز میں پورا کرے گا اور مملکت کے تیزی سے ترقی کرتے لاجسٹکس اور ڈیلیوری کے شعبے کو معیاری انسانی وسائل فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ شراکت دار اداروں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ موجودہ معاہدے کو بنیاد بنا کر مستقبل میں دیگر شعبوں تک تعاون کو وسعت دی جائے گی، بیرون ملک روزگار کے مزید مواقع تلاش کیے جائیں گے اور طویل المدتی اسٹریٹجک شراکت داریاں قائم کی جائیں گی، جن کے ذریعے پاکستانی کارکنوں کے لیے روزگار کے پائیدار مواقع پیدا ہوں گے اور پاکستان و سعودی عرب دونوں کی ترقی، خوشحالی اور اقتصادی استحکام میں مزید اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 13

سکرائبر بن گئے تھے، مارچ میں فائیوجی صارفین کی تعداد 71 ہزار تھی جبکہ اپریل میں بڑھ کر 2 لاکھ 98 ہزار تک پہنچ گئی۔ دستاویز میں بتایا گیا کہ مئی میں 5 لاکھ 16 ہزار جون کے آخر تک 9 لاکھ 65 ہزار سے زائد صارفین ہو گئے ہیں تاہم 6 جولائی تک یہ تعداد بڑھ کر 10 لاکھ 78 ہزار 534 تک پہنچ گئی

بقیہ نمبر 14

اور دیگر علاقوں میں مسلسل بارشوں اور بادل پھٹنے کے واقعات کے باعث متعدد بستیوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہو گئی ہے حکام کے مطابق سیلابی ریلوں میں متعدد مکانات اور دیگر تعمیرات بہہ گئی ہیں جبکہ اب تک خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں بدھ کے روز حکومت نے تازہ الرٹ جاری کرتے ہوئے عوام کو ندی نالوں اور دریاؤں کے قریب جانے سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جموں و کشمیر کے تعلیمی اداروں میں گرمیوں کی تعطیلات میں بھی ایک ہفتے کی توسیع کر دی گئی ہے شدید بارشوں کے باعث کشمیر کو انڈیا کے دیگر حصوں سے ملانے والی اہم شاہراہ پر ٹریفک معطل ہے، جبکہ ہندوں کی سالانہ امرناتھ یاترا، جو جون کے آخر سے اگست کے آخر تک جاری رہتی ہے، عارضی طور پر روک دی گئی ہے اس دوران سینکڑوں مقامی افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے بدھ کی رات سے شروع ہونے والی طوفانی اور مسلسل بارشوں کے باعث پیر پنچال کے پہاڑی علاقوں میں دریاؤں اور مقامی نالوں میں شدید طغیانی آ گئی ہے محکمہ موسمیات نے پہلے ہی خطے میں شدید بارشوں اور فلیش فلڈز کے خدشے کا الرٹ جاری کیا تھا، جس کے بعد صورتحال مزید سنگین ہو گئی۔ مقامی حکام کے مطابق راجوری شہر کے وسط سے گزرنے والے دریا دربالی میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے بلند ہو گئی سیلابی ریلے نے بیلا کالونی کے قریب قائم حفاظتی بند کو توڑ دیا، جس کے نتیجے میں سیلابی پانی نیو بس سٹینڈ اور قریبی رہائشی علاقوں میں داخل ہو گیا اچانک آنے والے اس ریلے کے باعث بس سٹینڈ پر کھڑی درجنوں گاڑیاں بہہ گئیں یا پانی میں ڈوب گئیں اس کے علاوہ عبداللہ برج اور طارق برج کے اطراف قائم کچی آبادیوں اور رہائشی مکانات کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے ہنگامی کارروائی کرتے ہوئے 50 سے زائد خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا سیلاب نے نہ صرف راجوری شہر بلکہ تھنہ منڈی، درہال اور منجاکوٹ جیسے دور دراز دیہی علاقوں کو بھی متاثر کیا ہے، جہاں بڑے پیمانے پر مالی اور بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے متعدد مقامات پر مٹی کے مکانات منہدم ہونے اور لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات بھی رپورٹ ہوئے ہیں، جس کے باعث راجوری، پونچھ نیشنل ہائی وے سمیت کئی اہم رابطہ سڑکیں بند ہو گئی ہیں مقامی انتظامیہ اور پولیس ہنگامی کنٹرول رومز کے ذریعے صورتحال کی نگرانی کر رہی ہیں ادھر وادی کشمیر کے ضلع بڈگام کی تحصیل بیروہ میں درجن بھر دکانوں اور نجی دفاتر پر مشتمل ایک شاپنگ کمپلیکس سیلابی ریلے کی زد میں آ کر منہدم ہو گیا تاہم پولیس کی بروقت کارروائی کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، کیونکہ عمارت میں موجود افراد کو سیلاب آنے سے قبل ہی محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا تھا مقامی محکمہ موسمیات نے آئندہ تین روز کے دوران مزید بارشوں کی پیشگوئی کرتے ہوئے سیلاب کا الرٹ بھی جاری کیا ہے۔

بقیہ نمبر 15

پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان میں کشمیری مہاجرین کی نشستوں پر پارٹی کی جاری انتخابی مہم کا جائزہ لیا گیا، جبکہ رہنماؤں نے اپنے اپنے علاقوں میں رابطوں اور انتخابی سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ دی۔ خواجہ سعد رفیق نے اجلاس کو وزیرآباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، حافظ آباد، گجرات اور جہلم کے دوروں اور عوامی رابطوں سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام اپنے ووٹ سے کھوکھلے نعروں اور کارکردگی کے درمیان فرق واضح کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا مظفرآباد میں جلسہ کشمیری عوام کی امنگوں اور مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کا اظہار تھا۔ انہوں نے کہا کہ مہاجرین کی نمائندگی دراصل مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی نمائندگی ہے۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا گیا کہ ان کی محنت مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کی صورت میں سامنے آئے گی۔

بقیہ نمبر 16

خارجہ کا کہنا ہے کہ عباس عراقچی نے اپنے فرانسیسی ہم منصب ژاں نوئل بارو سے ٹیلیفونک گفتگو کے دوران یہ معاملہ اٹھایا دونوں وزرائے خارجہ کے اس موقع پر دوطرفہ، علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال بھی کیا عراقچی نے دونوں فرانسیسی سفارتکاروں کے طرزِ عمل پر احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ان کے اقدامات تسلیم شدہ سفارتی معیار سے مطابقت نہیں رکھتے ۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی سفارتی مشنز پر میزبان ملک کے قوانین اور ضوابط، نیز بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ سفارتی اصولوں کی پابندی ضروری ہے انہوں نے فرانسیسی حکومت پر زور دیا کہ وہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے ضروری اقدامات کرے۔ ایران اور فرانس کے درمیان سفارتی کشیدگی فرانسیسی وزیر خارجہ کے اس بیان کے بعد سامنے آئی جس میں انہوں نے الزام لگایا تھا کہ ایرانی سکیورٹی اداروں نے تہران میں تعینات دو فرانسیسی سفارتکاروں کو حراست میں لیا اور ان کے ساتھ نامناسب سلوک کیا بارو کا کہنا تھا کہ یہ دونوں سفارتکار ایرانی عوام اور تعلیمی حلقوں کے ساتھ ثقافتی روابط کے فروغ کے ذمہ دار تھے۔ بعد ازاں فرانس کی وزارت خارجہ نے پیرس میں ایران کے ناظم الامور کو طلب کیا اور اس واقعے پر احتجاج کیا۔

بقیہ نمبر 17

چھ اہم ذیلی شعبوں پر خصوصی توجہ دی گئی، پاکستان میں ہر سال نیوزی لینڈ کی کل آبادی کے برابر نئے افراد کا اضافہ ہو رہا ہے، 2030 تک پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا چوتھا بڑا ملک بن جائے گا، پاکستان اس وقت 52 ممالک کو ادویات برآمد کر رہا ہے اور آئندہ ایک سال کے اندر ڈریپ کو سو فیصد ڈیجیٹلائز کر دیا جائے گا۔ بدھ کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صحت کا شعبہ انتہائی حساس ہے اور یہاں عام نہیں بلکہ تجربہ کار افراد کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت پاکستان اپنی 85 فیصد ادویات خود تیار کرتا ہے، تاہم ان ادویات کی تیاری کے لیے استعمال ہونے والے تقریباً 95 فیصد خام مال کی درآمد کی جاتی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وزارت صحت کی ٹیم نے پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے درمیان مشترکہ میکنگ کا عمل مکمل کیا، جس کے نتیجے میں دو روزہ کانفرنس میں 240 وفود اور 140 چینی کمپنیوں نے شرکت کی جبکہ 340 دوطرفہ کاروباری ملاقاتیں ہوئیں۔ انہوں نے بتایا کہ کانفرنس کے دوران 22 کمپنیوں نے 629.5 ملین امریکی ڈالر مالیت کے معاہدوں پر دستخط کیے، جبکہ 800 ملین امریکی ڈالر کے مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) پر بھی دستخط ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ اب ان کمپنیوں کے ساتھ عملی منصوبوں پر عملدرآمد کے لیے باقاعدہ رابطہ اور مشاورت جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ صحت کا شعبہ ہمیشہ ترقی کرنے والا شعبہ ہے اور پاکستان کی آبادی 26 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ہر سال نیوزی لینڈ کی کل آبادی کے برابر نئے افراد کا اضافہ ہو رہا ہے اور 2030 تک پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا چوتھا بڑا ملک بن جائے گا۔ مصطفیٰ کمال نے اسلام آباد پولیس کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وفود کو ایئرپورٹ سے استقبال، رہائش اور دیگر انتظامات کی بہترین ذمہ داری نبھائی گئی جس پر دنیا نے پاکستان کے انتظامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی موجودگی میں نو اہم معاہدوں پر دستخط کروائے گئے جبکہ ڈریپ کے نظام میں بڑی اصلاحات کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک میڈیکل ڈیوائس کی رجسٹریشن، جس میں پہلے ڈھائی سے تین سال لگتے تھے اور بدعنوانی کے الزامات سامنے آتے تھے، اب مکمل طور پر ڈیجیٹل نظام کے ذریعے انجام دی جا رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اس وقت 52 ممالک کو ادویات برآمد کر رہا ہے اور آئندہ ایک سال کے اندر ڈریپ کو سو فیصد ڈیجیٹلائز کر دیا جائے گا

بقیہ نمبر 18

تحق، ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر فیاض احمد، چوکیدار جنید احمد اور پرائیویٹ ایجنٹ محمد عمر شاہ شامل ہیں

بقیہ نمبر 19

نے حکومت کو مطالبات کی منظوری کیلئے 72 گھنٹوں کا الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا ہے کہ مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملک گیر ہڑتال کی جائے گی، جس کی ذمہ داری وزارت پیٹرولیم اور اوگرا پر ہوگی۔ انہوں نے وائٹ آئل پائپ لائن کے کوٹے میں اضافے اور کمرشل لوڈنگ فوری ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ کراچی میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے آل پاکستان آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عابد اللہ آفریدی نے کہا کہ گزشتہ تین سال سے آئل ٹینکرز کے کرایوں میں اضافہ نہیں کیا گیا، جبکہ موٹروے اور این ایچ اے ٹول ٹیکس میں 180 فیصد اضافہ ہو چکا ہے، اس لیے ٹول ٹیکس کے تناسب سے کرایوں میں بھی اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے مذاکرات اور خط و کتابت جاری ہے، مگر اوگرا اور پیٹرولیم ڈویژن نے انہیں ہڑتال پر مجبور کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مطالبات نہ مانے گئے تو پورے پاکستان میں آئل ٹینکرز کا پہیہ جام ہوگا۔ جنرل سیکریٹری شعیب خان نے کہا کہ پائپ لائن کو 55 فیصد کے بجائے 80 فیصد مال دیا جا رہا ہے، جس کے باعث گاڑیاں لوڈ کے انتظار میں کھڑی رہتی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کمرشل لوڈنگ بند کر کے پائپ لائن کا کوٹہ مقرر کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ پائپ لائن کی وجہ سے دو ماہ میں صرف ایک ٹرپ ملتی ہے، جبکہ ایک گاڑی پر ڈھائی سے تین کروڑ روپے لاگت آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے 70 فیصد کوٹہ پائپ لائن کو دیا ہوا ہے، باقی 30 فیصد روڈ کے لیے ہے، مگر وہ بھی فراہم نہیں کیا جا رہا۔ شعیب خان نے کہا کہ وفاقی وزیر علی پرویز کو کئی بار ملاقات کے لیے خطوط لکھے، لیکن شنوائی نہیں ہوئی، اور جب احتجاج یا ہڑتال کی بات کی جاتی ہے تو حکومت عوام کے ساتھ زیادتی کا الزام لگاتی ہے۔ آل پاکستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر سرفراز جدون نے کہا کہ این ایچ اے کا ٹیکس تین سال میں 180 فیصد بڑھ چکا ہے، مگر کرائے آج بھی تین سال پہلے والے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سب سے بڑی صنعت ٹرانسپورٹ ہے، ٹرانسپورٹرز کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر 72 گھنٹوں میں مسائل حل نہ ہوئے تو ملک بھر میں پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی، کیونکہ حکومت انہیں اس پر مجبور کر رہی ہے۔ محمد سلیمان ترین نے کہا کہ حکومت کا کام تاجروں کو بہتر مواقع فراہم کرنا ہے، جبکہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان سے مشاورت کے بغیر پائپ لائن بچھائی گئی، جس سے ان کے کاروبار کو شدید نقصان پہنچا اور اسے مزید تباہ کیا جا رہا ہے۔ اس دوران ڈمپر ایسوسی ایشن نے بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ردوبدل کا فیصلہ مسترد کر دیا۔ جاری بیان میں انہوں نے حکومت سے فوری مذاکرات اور مسائل کے حل کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پیٹرول پمپوں کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات اور پیٹرول کے حصول میں دشواری کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 20

میں ریاض کے لیے پروازیں 24 جولائی تک معطل رہیں گی۔ اسی طرح دبئی کے لیے پروازوں کی معطلی 27 جولائی تک برقرار رہے گی جبکہ بیروت کے لیے پروازوں کی معطلی میں 2 اگست تک توسیع کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 21

موبائل فون مینوفیکچرنگ، ریفربشمنٹ اور برآمدات کا علاقائی مرکز بنانے کی دعوت دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی ہے کہ حکومت برآمدات، ویلیو ایڈیشن اور صنعتی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وزارت تجارت کے ترجمان کے مطابق بدھ کو وزارت تجارت میں سام سنگ پاکستان کے کنٹری ہیڈ نے وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر تجارت سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر نے سام سنگ پر زور دیا کہ وہ پاکستان کی مقامی مارکیٹ تک محدود رہنے کے بجائے ملک سے تیار کیے جانے والے اسمارٹ فونز کو بالخصوص افریقی ممالک اور دیگر ابھرتی ہوئی منڈیوں میں برآمد کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اپنی بڑھتی ہوئی مینوفیکچرنگ صلاحیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے عالمی سپلائی چین کا حصہ بننا چاہیے۔ جام کمال خان نے پاکستان میں تصدیق شدہ موبائل فون ریفربشمنٹ مراکز قائم کرنے کی سام سنگ کی تجویز کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ منظم ریفربشمنٹ نظام نہ صرف مقامی صنعت کو مضبوط بنائے گا بلکہ معیاری اور وارنٹی کے حامل ریفربشڈ موبائل فونز کی برآمدات، روزگار کے نئے مواقع اور تکنیکی مہارت کے فروغ میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔ سام سنگ کے وفد نے وفاقی وزیر کو پاکستان میں موبائل فون مینوفیکچرنگ کے شعبے میں پیش رفت اور مقامی اسمبلی میں کمپنی کی سرمایہ کاری سے آگاہ کیا۔ وفد نے نشاندہی کی کہ سیمی ناک ڈاؤن (ایس کے ڈی) اور مکمل تیار شدہ (سی بی یو) موبائل فونز پر محصولات کے فرق میں کمی اور ٹیکس ڈھانچے میں تبدیلی کے باعث مقامی طور پر تیار کیے جانے والے موبائل فونز کی مسابقت متاثر ہوئی ہے۔ وفد نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مقامی صنعت کی حوصلہ افزائی کے لیے مناسب ٹیرف فرق برقرار رکھا جائے۔ وفد نے استعمال شدہ موبائل فونز کی تجارتی درآمدات پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سے مقامی صنعت متاثر ہو رہی ہے، حالانکہ پاکستان میں مقامی طلب پوری کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ وفد نے تجویز دی کہ استعمال شدہ فونز کی درآمدات کی جگہ اصل کمپنیوں کے زیرانتظام تصدیق شدہ ریفربشمنٹ نظام متعارف کرایا جائے تاکہ صارفین کو معیاری اور وارنٹی کے حامل فونز دستیاب ہوں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی موبائل فون صنعت نے گزشتہ چند برسوں میں نمایاں ترقی کی ہے اور آئندہ پالیسی کا محور حقیقی مینوفیکچرنگ، مقامی ویلیو ایڈیشن، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور برآمدات میں اضافہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں اب مطلوبہ پیداواری صلاحیت موجود ہے، لہٰذا صنعتی پالیسیوں کو درآمدی استعمال شدہ مصنوعات پر انحصار کے بجائے سرمایہ کاری اور مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ جام کمال خان نے صنعت کی جانب سے ٹیکس سے متعلق تحفظات کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ ان کا جائزہ ٹیرف ریشنلائزیشن فریم ورک کے تحت لیا جائے گا، تاہم کسی بھی مراعات کو سرمایہ کاری، مقامی پیداوار، برآمدات اور ویلیو ایڈیشن سے مشروط کیا جائے گا۔ انہوں نے صنعت کو ہدایت کی کہ تصدیق شدہ ریفربشمنٹ، برآمدی امکانات، سرمایہ کاری کے وعدوں اور بین الاقوامی بہترین طریقہ کار سے متعلق تفصیلی تجاویز پیش کی جائیں تاکہ نظرثانی شدہ موبائل ڈیوائس مینوفیکچرنگ پالیسی کی تیاری میں انہیں شامل کیا جا سکے۔ انہوں نے زور دیا کہ استعمال شدہ موبائل فونز کی تجارتی درآمدات سے متعلق کوئی بھی فیصلہ شواہد کی بنیاد پر، مرحلہ وار اور مقامی طور پر تصدیق شدہ ریفربشڈ متبادل کی دستیابی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا تاکہ صارفین کے مفادات کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ وفاقی وزیر تجارت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے اور پاکستان عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے لیے سرمایہ کاری کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سام سنگ جیسے عالمی اداروں کے ساتھ مضبوط تعاون سے سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع اور ملکی برآمدات میں مزید اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 22

شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعے میں ملوث ہر کردار کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور کسی کو رعایت نہیں دی جائے گی۔ جمعرات کو وزارت قانون وانصاف کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر قانون نے دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے حملے میں زخمی ہونے والے ایڈیشنل سیشن جج کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ بیان کے مطابق وفاقی وزیر قانون نے واقعے پر وزیراعظم کو فوری طور پر تفصیلی بریفنگ دی اور کہا کہ حکومت واقعے کا مکمل طور پر آگاہ ہے اور اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں ہر صورت پوری کرے گی۔ اعظم نذیر تارڑ نے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران ملاخیل سے ٹیلیفون پر رابطہ بھی کیا جنہوں نے مکمل تعاون اور فوری قانونی کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ عدلیہ پر حملہ درحقیقت ریاست، آئین اور قانون کی حکمرانی پر حملہ ہے، ایسے عناصر کو ہر قیمت پر منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عدلیہ کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ریاست کے عزم میں کوئی کمزوری نہیں اور امن دشمن عناصر کو عبرتناک انجام تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 23

سطح پر بھی مذاکرات کیے گئے۔ دونوں وزرائے داخلہ نے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تجارت کو مزید مستحکم بنانے کا عزم کیا جبکہ علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات کے شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، دونوں ممالک نے غیر قانونی امیگریشن اور انسانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے تعاون کو مزید فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا۔ علاوہ ازیں افغان سرحد کے ذریعے دہشت گردی اور منشیات کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے مشترکہ موقف اپنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا جبکہ دوطرفہ تعاون کو مزید مؤثر بنانے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان کوآرڈینیشن بہتر بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے تیار ہے، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی نے امن کیلئے غیر معمولی کام کیا، امید ہے اب بھی اچھی خبر جلد سامنے آئے گی اور امن قائم ہوگا۔ ایرانی وفد میں گورنر جنرل سیستان بلوچستان، نائب وزیر داخلہ، نائب وزیر روڈ اینڈ ڈویلپمنٹ ٹرانسپورٹ، نیشنل ایرانی آئل کمپنی کے سربراہ، وزیر زراعت کے خصوصی نمائندے اور دیگر اعلیٰ حکام شامل تھے۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی سیکرٹری داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی جی اینٹی نارکوٹکس فورس، آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی جی این سی سی آئی اے، ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس، چیئرمین سی ڈی اے، آئی جی اسلام آباد پولیس اور ایڈیشنل سیکرٹریز داخلہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ نمبر 24

، کفایت شعاری اقدامات وفاقی محکموں، خود مختار اداروں اور ریگولیٹری اتھارٹیز پر لاگو ہوں گے۔ سرکاری ملکیتی اداروں اور اسٹیچوٹری باڈیز کیلئے بھی کفایت شعاری کے سخت احکامات جاری کر دیے گئے۔ وزارت خزانہ کے مطابق اداروں کیلئے کفایت شعاری اقدامات وفاقی حکومت کی جانب سے لازمی آئینی ہدایت تصور ہوں گی، کفایت شعاری کمیٹی کو ٹھوس وجوہات پر کیس ٹو کیس بنیادوں پر رعایت دینے کا اختیار تفویض ہے۔ وزارت خزانہ نے وزارتوں، ڈویژنز کو کفایت شعاری پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 25

روپے سے بڑھ کر 4.375 روپے فی لٹر ہو گئی جب کہ پٹرول تین روز کے دوران مزید 11 روپے 32 پیسے مہنگا ہوا۔ گزشتہ تین روز میں صرف ایک بار پٹرول کی قیمت میں 35 پیسے کی ہوئی، پٹرول کی فی لٹر قیمت تین دن میں 80.315 سے بڑھ کر 12.327 روپے ہوگئی۔

بقیہ نمبر 26

کے لیے صبر و حوصلے اور زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمیوں کو صحت کاملہ نصیب فرمائے۔ آمین

بقیہ نمبر 27

(ن) کی جیت مہاجرین جموں و کشمیر کی جیت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ شہر مہاجر آزاد کشمیر میں تیز ترین عوامی ترقی کی ضمانت ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اپنے فیصلے پر کھڑے نہ رہ سکنے والے عوام اور ان سے کیے وعدوں پر کیسے کھڑے رہ سکیں گے؟ انہوں نے کہا کہ قائد نواز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز کا آزاد کشمیر میں فقید المثال استقبال کشمیریوں کی ان سے محبت کا اظہار ہے، وعدے صرف نواز شریف پورے کرتا ہے۔ اس موقع پر مختلف برادریوں اور عمائدین علاقہ نے مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کی حمایت کا بھی اعلان کیا

بقیہ نمبر 28

بتایا گیا ہے۔ ترجمان کے پی ٹی کے مطابق اس بڑے جہاز کی آمد کراچی پورٹ کے عالمی معیار کے انفراسٹرکچر اور آپریشنل مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی بندرگاہ خطے میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور بڑے بحری جہازوں کی آمد کے حوالے سے ایک اہم مرکز بنتی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 29

تنصیبات پر حملہ کیا تو خطے میں امریکا اور اس کے اتحادیوں کی تنصیبات کو نشانہ بنایا جائے گا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق خاتم الانبیا بریگیڈ نے کہا ہے کہ جوہری تنصیبات پر حملہ خطے میں جنگ کے پھیلاؤ کا باعث بنے گا۔ قبل ازیں امریکی صدر ٹرمپ نے نطنز کے پہاڑوں میں ایرانی ایٹمی مرکز پر حملے کی دھمکی دی تھی اور کہا تھا کہ یہ حملہ جلد ہوگا۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا کہ ایرانی اس حملے کو روکنے کیلئے کچھ نہیں کر سکیں گے۔

بقیہ نمبر 30

تھی۔ درخواست میں حکومتی شخصیات پر کارکنوں کے قتل کا الزام لگایا گیا تھا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے وزیراعظم، وفاقی وزیر داخلہ سمیت تمام حکومتی شخصیات کو الزامات سے بری قرار دے دیا

بقیہ نمبر 31

چن کی قیادت میں آئے ہوئے وفد کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں پاکستان میں زرعی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی، اناج ذخیرہ کرنے کے جدید نظام، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور سرمایہ کاری کے فروغ کرنے سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنی دیرینہ اور مثالی دوستی کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور پاکستان کی معیشت اور زرعی شعبے میں چینی کمپنیوں کے اعتماد کو خوش آئند سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین تعاون اب ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے جہاں بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے ساتھ ساتھ زرعی ترقی، صنعت کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی، جدت اور ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 32

ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے واضح وژن کو اپنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا پاکستان چاہتے ہیں جہاں ٹیکنالوجی صرف معیشت کا ایک شعبہ نہ ہو بلکہ پیداواری صلاحیت، روزگار اور قومی مسابقت کا اصل محرک بنے۔ ڈیجیٹل تبدیلی اب کوئی انتخاب نہیں بلکہ ناگزیر ضرورت ہے۔ شزا فاطمہ نے کہا کہ دنیا اب ڈیجیٹل اور سیڈ ہن دور میں داخل ہو رہی ہے

بقیہ نمبر 33

ہوگی تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی اور ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی ہوں گے، جبکہ امیر جماعت اسلامی ضلع بدین انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی، صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع بدین غلام رسول احمدانی سمیت دیگر معزز شخصیات اور صحافی بھی شرکت کریں گی۔ تقریب میں مستحق اور خصوصی افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کی جائیں گی تاکہ انہیں بہتر سہولیات اور نقل و حرکت میں آسانی فراہم کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 34

ستار مغیری، صابر راہموں اور دیگر رہنماں نے کی۔ مظاہرین نے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے کہا کہ بابرلو بائی پاس پر پرامن ایکشن کمیٹی کے پرامن احتجاج کرنے والے کارکنوں کے خلاف طاقت کا استعمال اور ان کے ساتھ کیا گیا رویہ قابل مذمت ہے۔ انہوں نے ایس ایس پی خیرپور کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، شہریوں کے بنیادی اور آئینی حقوق کا احترام یقینی بنائیں اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، پرامن سیاسی اور جمہوری جدوجہد میں رکاوٹیں ختم کی جائیں اور شہریوں کے آئینی حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ احتجاج اور دھرنا مظاہرین کے مطالبات پورے نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا

بقیہ نمبر 35

حاجی قمرالدین گوپانگ نے آج مختلف علاقوں کا دورہ کیا، عوام کے مسائل سننے اور اس حوالے سے مختلف وفود سے بھی ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی ہر صورت میں ممکن بنایا جائے گا۔ زرعی پانی کی شارٹ فال پر بھی قابو پایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور پیپلز پارٹی خواتین ونگ پاکستان کی صدر میڈم فریال تالپور کا وژن یہی ہے۔ اور وہ بیروزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے حوالے سے بھی سخت ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت کو ایک عبادت سمجھتی ہے۔ اور تمام حلقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے بجٹ میں ایک خطیر فنڈ مختص کیے گئے ہیں۔ اور وہ علاقے ترقی کی راہ پر گامزن ہوں گے۔ اور علاقے میں خوشحالی آئے گی۔ حاجی قمرالدین گوپانگ نے کہا کہ سندھ کی عوامی حکومت وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی قیادت میں خوشحال سندھ اور عوام ترقی یافتہ سندھ کیلئے ٹھوس بنیادوں پر بھرپور اقدامات اٹھائے ہیں۔ اور عوام کے مسائل پر ترجیح بنیادوں پر کام کر رہے ہیں۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنما عامر علی گوپانگ اور دیگر پیپلز پارٹی کے کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ نمبر 36

ناکام، ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی نمائندگان کی خاموشی سمجھ سے بالاتر، عوام کی داد فریاد سننے والا کوئی نہیں، بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر حب کے عوام ان دنوں پانی، بجلی اور گیس جیسی بنیادی سہولیات کی مصنوعی بحران کی وجہ سے سخت ذہنی مشکلات میں مبتلا ہو کر رہ گئے ہیں کے الیکٹرک انتظامیہ کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے شہر میں دن بھر اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جبکہ رات کے اوقات میں کیبل فالٹ کے سبب کئی کئی گھنٹے تک بجلی کی عدم فراہمی کی وجہ سے کاروباری حضرات کا کاروبار کافی حد تک متاثر ہو گیا جبکہ گھریلو صارفین کو اس شدید گرمی میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ شہر میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ شہریوں نے کے الیکٹرک سے چھٹکارہ پانے کے لیئے اپنے کاروبار اور گھریلو ضروریات کے مطابق سولر سسٹم لگانا شروع کر دیا ہے اسی طرح پی ایچ ای کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے صاف و شفاف پینے کے پانی کی عدم فراہمی کی وجہ سے شہریوں نے مجبوراً فلٹر پلانٹس سے پانی حاصل کرنا شروع کر دیا ہے جبکہ فلٹر پلانٹس میں پانی کی کوالٹی اور معیار کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ، تحفظ ماحولیات اور محکمہ فوڈ کی جانب سے کوئی خاطر خواہ اقدامات نظر نہیں آ رہے ہیں، فلٹر پلانٹس میں پانی کی کوالٹی اور معیار موثر چیک اینڈ بیلنس کو نہ ہونے سے ہر گلی اور محلے میں فلٹر پلانٹس کی بھرمار کی وجہ سے جو کہ انسانی صحت کے لیئے انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا شہر میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے بھی کے الیکٹرک کی طرح لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع کر دیا ہے جس سے گھریلو صارفین کو کھانا پکانے میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اب تو شہریوں نے گیس کے بحران سے بچنے کے لیئے گھروں میں سلنڈر استعمال کرنا اور لکڑیاں جلانے والا پرانا طریقہ کار کا اپنانا شروع کر دیا ہے جو کہ سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے ان تمام مسائل پر ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی نمائندگان کی خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے جبکہ شہریوں نے ان مسائل کے تدارک کے لیئے اپنی بساط کے مطابق حل کرنا شروع کر دیا ہے

بقیہ نمبر 37

جبکہ اپریل میں بڑھ کر 2 لاکھ 98 ہزار تک پہنچ گئی۔ دستاویز میں بتایا گیا کہ مئی میں 5 لاکھ 16 ہزار جون کے آخر تک 9 لاکھ 65 ہزار سے زائد صارفین ہو گئے ہیں تاہم 6 جولائی تک یہ تعداد بڑھ کر 10 لاکھ 78 ہزار 534 تک پہنچ گئی۔

بقیہ نمبر 38

اس موقع پر وزیراعلیٰ نے بتایا کہ صوبائی حکومت امداد سے تجارت کی جانب منتقلی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور خیبر پختونخوا زراعت، معدنیات اور قابل تجدید توانائی میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع رکھتا ہے۔ چشمہ رائٹ بینک لفٹ کینال کے ذریعے سات لاکھ ایکڑ بنجر اراضی زیر کاشت لائی جائے گی جو جنوبی اضلاع میں زرعی انقلاب کا باعث بنے گی۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ خام معدنیات کے بجائے ویلیو ایڈیڈ مصنوعات کی برآمدات پر توجہ دی جا رہی ہے، جبکہ مہمند، گبرال کالام اور داسو پن بجلی منصوبے توانائی کی صلاحیت میں اضافہ کریں گے۔ صوبائی حکومت نے اپنی ٹرانسمیشن لائن کمپنی قائم کر دی ہے جس کے تحت صنعتوں کو سستی بجلی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبہ سات روپے فی یونٹ بجلی پیدا کرتا ہے مگر مہنگی بجلی خریدنے کے اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے سرمایہ کاروں کو پرکشش مواقع اور مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 39

ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ مرکزی سرپرست اعلیٰ عبدالمجید آرائیں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ مرکزی تنظیم آرائیں پاکستان حکومتِ سندھ، ڈی آئی جی حیدرآباد، ایس ایس پی بدین اور دیگر متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس افسوسناک واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنایا جائے، اور واقعے میں ملوث ملزم کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائی جائے تاکہ متاثرہ خاندان کو انصاف مل سکے اور آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ہو۔

بقیہ نمبر 40

4 غیر قانونی مقیم افراد ہولڈنگ پوائنٹس پر موجود ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ڈی پورٹ ہونے والوں میں 14 ہزار 614 مرد، 7234 خواتین، 14 ہزار 697 بچے شامل ہیں جبکہ ڈی پورٹ ہونے والوں میں رہائشی ثبوت رکھنے والے 11124، افغان سٹیزن کارڈ رکھنے والے 11137، غیر قانونی مقیم 14284 غیر ملکی شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم کا کہنا ہے کہ صوبہ بھر میں سیکورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے تاکہ تمام غیر قانونی مقیم افراد کا انخلا یقینی بنایا جائے علاوہ ازیں پنجاب پولیس بین الاقوامی قوانین کے تحت غیر قانونی مقیم باشندوں کے انخلا کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ نمبر 41

ٹینڈرز اور ریسکیو 1122 کی ایک فائر وہیکل فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ فائر فائٹرز نے انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں کارروائی کرتے ہوئے تقریباً ایک گھنٹے کی مسلسل جدوجہد کے بعد آگ پر مکمل قابو پا لیا، تاہم احتیاطی تدابیر کے تحت کولنگ کا عمل کافی دیر تک جاری رکھا گیا تاکہ دوبارہ آگ بھڑکنے کے خدشے کو ختم کیا جا سکے۔ ترجمان فائر بریگیڈ کے مطابق آگ تین منزلہ عمارت کے گراؤنڈ فلور پر قائم کیمیکل گودام میں لگی، جہاں بڑی مقدار میں آتش گیر کیمیکل کے ڈرم رکھے ہوئے تھے۔ شدید گرمی کے باعث ڈرم پھٹنے سے کئی دھماکے ہوئے جن کی آواز دور دور تک سنی گئی اور دھماکوں کے نتیجے میں گودام کی چھت اڑ گئی جبکہ گراؤنڈ فلور کا تقریباً نصف حصہ شدید متاثر ہوا۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ پہلے ایک زوردار دھماکے کی آواز سنائی دی، جس کے فوراً بعد شعلے بلند ہونا شروع ہو گئے۔ اس وقت عمارت کی پہلی منزل پر مزدور کام میں مصروف تھے، تاہم آگ لگتے ہی تمام افراد فوری طور پر عمارت سے باہر نکل آئے، جس کے باعث کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ فائر بریگیڈ حکام نے تصدیق کی کہ واقعے میں کوئی شخص زخمی یا جاں بحق نہیں ہوا، البتہ گودام، اس میں موجود سامان اور باہر کھڑی متعدد موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ حکام کے مطابق آتشزدگی کی اصل وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکی، تاہم واقعے کی وجوہات اور نقصانات کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ واقعے کے باعث علاقے میں کچھ دیر کے لیے خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ دھوئیں کے گہرے بادل دور تک دکھائی دیتے رہے۔ پولیس اور ریسکیو اہلکاروں نے احتیاطی اقدامات کے تحت اطراف کی گلیوں کو عارضی طور پر بند کر کے شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا، جبکہ متعلقہ ادارے واقعے کی مکمل تحقیقات میں مصروف ہیں۔

بقیہ نمبر 42

روسی ہم منصب سرگئی لاوروف سے ملاقات میں اہم امور پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے فلپائن کے دارالحکومت منیلا میں 33 ویں آسیان ریجنل فورم (ARF) وزارتی اجلاس کے موقع پر روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی تعاون کے مختلف شعبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تجارت، توانائی، کنیکٹیوٹی سمیت دیگر شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اہم شعبوں میں شراکت داری کو وسعت دینے، کثیر الجہتی فورمز پر باہمی رابطہ کاری بڑھانے اور مشترکہ مفادات کے فروغ کیلئے قریبی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار اور سرگئی لاوروف نے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور اعلیٰ سطح کے روابط کا تسلسل برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں پاکستان اور روس کے درمیان شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 43

پولیس نے انسانی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے اس سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ بیروت عطاء اللہ جاموٹ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر "ڈنکی" کے ذریعے بیرون ملک جانے کی کوشش کرنے والے 15 افراد کو حراست میں لے لیا، جبکہ ان کی نقل و حرکت اور سفری انتظامات میں معاونت فراہم کرنے والے 3 کرشڈ ڈرائیوروں (سہولت کاروں) کو بھی گرفتار کر لیا گیا ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار افراد غیر قانونی ذرائع سے بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اس غیر قانونی منصوبے کو ناکام بنا دیا، گرفتار افراد میں پنجاب کے مختلف اضلاع، بالخصوص گوجرانوالہ، ساہیوال اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں مبشر ولد محمد طارق، قوم موچھے، ساکن گوجرانوالہ۔ صفات ولد اشفاق، قوم آرائیں، ساکن گوجرانوالہ، محمد علی شیر ولد محمد اشرف، قوم چوہان، ساکن گوجرانوالہ، محمد الرزاق ولد محمد مشتاق، قوم سیٹھ، ساکن گوجرانوالہ، محمد فیضان ولد لیاقت علی، قوم راجپوت، ساکن ساہیوال، پنجاب، محمد عرفان ولد لیاقت علی، قوم راجپوت، ساکن ساہیوال، پنجاب، ذوالقرنین ولد نوید احمد، قوم موچی، ساکن گوجرانوالہ، محمد بوٹا ولد ہدایت اللہ، قوم موچی، ساکن گوجرانوالہ، علی حسن ولد محمد شفیق، قوم آرائیں، ساکن گوجرانوالہ، محمد فیضان ولد خان عمر، قوم چوہان، ساکن گوجرانوالہ، محمد مہران ولد محمد انور، قوم چوہان، ساکن گوجرانوالہ، محمد جبار ولد ذوالفقار، قوم آرائیں، ساکن گوجرانوالہ، محمد سبحان ولد عطاء اللہ خان، قوم بلوچ، ساکن پنجاب، محمد عاصم ولد محمد یوسف، قوم آرائیں، ساکن گوجرانوالہ سمیع اللہ خان ولد دل محمد، قوم راجپوت، ساکن پنجاب جبکہ ان کی سہولت کاروں میں عابد ولد محمد ہاشم، قوم خاصخیلی، ساکن اکرم کالونی، حب، اجمل ولد شفیع محمد، قوم خاصخیلی، ساکن گلشن لسبیلہ، حب محبوب علی ولد محمد قاسم، قوم خاصخیلی، ساکن گلشن لسبیلہ، حب شامل پائے گئے، تمام گرفتار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ تاکہ انسانی اسمگلنگ کے اس نیٹ ورک اور اس سے وابستہ دیگر سہولت کاروں اور مرکزی ملزمان کو بھی قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ ایس ایچ او حب مرزا بلال حسن نے اس متعلق واضح کیا ہے کہ "انسانی اسمگلنگ ایک سنگین اور منظم جرم ہے جو نہ صرف شہریوں کی جان و مال کو خطرے میں ڈالتا ہے بلکہ ملک کی ساکھ کو بھی متاثر کرتا ہے۔ ضلع پولیس حب ایسے عناصر، ایجنٹوں اور سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز اور سخت قانونی کارروائیاں جاری رکھے گی۔ کسی بھی شخص کو قانون ہاتھ میں لینے یا انسانی جانوں سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔"

بقیہ نمبر 44

ں نے گھیر کر گرفتار کر لیا۔ ملزم نے کہا کہ خارجی کمانڈر حکمت روشان جہاد کے نام پر بھتہ خوری سے متعلق مجھ سے غیر شرعی فتوے حاصل کرتا تھا اور مجھ سمیت مختلف افراد کو عہدوں اور مالی فوائد کی پیشکش کرتا تھا۔ خارجی سہولت کار نے کہا کہ میں اپنے کیے پر شرمندہ ہوں، فتنہ الخوارج کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، یہ غیر اسلامی اور غیر شرعی ہیں۔ گرفتار سہولت کار نے کہا کہ فتنہ الخوارج غیر اسلامی نظریات رکھتے اور مسلمانوں کے قتل کو جائز قرار دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 45

چتان کے نہری نظام میں صورتحال بتدریج بہتر ہو رہی ہے اور گڈو بیراج و سکھر بیراج سے پٹ فیڈر کینال، کیرتھر کینال، اوچ کینال سمیت دیگر نہروں میں پانی کی ترسیل میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے نمائندہ بولان حنیف بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمٰن بلوچ کی ہدایات کی روشنی میں کاشتکاروں کو منصفانہ طریقے سے زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، اور نہری نظام کی نگرانی کر رہے ہیں اور مختلف کینالوں کے اچانک دورے کر کے پانی کی ترسیل اور تقسیم کے نظام کا باریک بینی سے جائزہ لے رہے ہیں۔ قربان علی جتوئی نے بتایا کہ ارسا قوانین کے مطابق پٹ فیڈر کینال کا حصہ 6700 کیوسک ہے، تاہم موجودہ صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے اور آر ڈی 109 کے مقام پر 6444 کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ کیرتھر کینال کو 2400 کیوسک کے بجائے 1478 کیوسک پانی مل رہا ہے، اسی طرح ماتھوئی اور اوچ کینال میں بھی ضرورت کے مطابق پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ایریگیشن کے انجینئرز کی اولین ذمہ داری نہری نظام کے تحت پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا ہے اور اس مقصد کے لیے کڑی مانیٹرنگ کا عمل مسلسل جاری ہے۔

بقیہ نمبر 46

دیکھی خواتین کو ترجیح دی گئی ہے، جبکہ اہلیت کیلئے عمر کی حد 55 سال مقرر کی گئی ہے

بقیہ نمبر 47

رے سے دوچار ہیں اہلیان میراں پیر واہگ کے مطابق اس مسئلے پر شہزادہ جام محمد کمال اور طارق علی بلوچ نے وزیر تجارت و نواب آف لسبیلہ جام کمال خان عالیانی کی ہدایت پر متاثرہ علاقوں کا دورہ بھی کیا تھا، تاہم افسوس کے ساتھ تاحال کوئی عملی پیش رفت یا حفاظتی اقدامات سامنے نہیں آئے اہلیان میراں پیر واہگ نے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ مزید نقصان سے قبل ہنگامی بنیادوں پر حفاظتی منشیری بھی جائیں اور قبرستانوں و آبادیوں کو پورالی ندی کے کٹاؤ سے محفوظ بنانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں

بقیہ نمبر 48

پانی کا اضافہ ہوا ہے جس کے لیے شکر گزار ہیں صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کا بولان سے بات چیت تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر لوسٹاک ایم پی اے استا محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی کی حلقہ انتخاب امداد دونوں سے انتہائی مصروف دن گزارے شدید گرمی اور تپتی دھوپ میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی کاموں اور نہری نظام میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کا معائنہ کیا اور سٹی اوستا محمد میں سیف سٹی کیمروں کی تنصیب سٹی پولیس تھانہ میں امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے ایس ایس پی استا محمد کی بریفنگ بریفنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال اسسٹنٹ کمشنر اشفاق رمضان تحصیلدار اوستا محمد گامن خان بوہڑ ڈی ایس پی محمد داد کھوسہ ایس ایچ او ندیم بحرانی 15 مددگار فورس کے انچارج کرم حسین بیرو دیگر افسران بھی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اوستا محمد بلوچستان کا زرعی و گرین بیلٹ کی حیثیت رکھتی ہے یہاں لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے کسانوں کو زرعی پانی کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور صوبائی وزیر ایریگیشن سندھ کا شکر گزار ہیں کہ انہی کی کاوشوں اور تعاون سے کھیرتھر کینال و پٹ فیڈر کینال میں زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہوئی ہے سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ کاشتکاروں کو زرعی پانی کی بروقت فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ ایریگیشن کے مقامی افسران و ضلعی انتظامیہ کو سختی سے ہدایات دی ہیں کہ وہ ضرب پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے اور غیر قانونی واٹر کورسز پمپنگ مشن استعمال کرنے والے زمیندار و کاشتکاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کو یقینی بنا کر ٹیل تک زرعی پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے اوستا محمد ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور علاقے کی عوام ان سے مستفید ہوں گے بقول ان کے ہم دعوے ہرگز نہیں کرتے بلکہ عملی اقدامات پر پختہ یقین رکھتے ہیں جس کی واضح مثال تمام ترقیاتی اسکیمات زمین پر نظر آ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عملی اقدامات اور عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے سب کو ساتھ لے کر چلیں گے امن وامان کی صورتحال پر صوبائی وزیر نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اوستا محمد کے امن خراب کرنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دیں گے پولیس انتظامیہ عوام کی جان و مال کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کو یقینی بنائیں

بقیہ نمبر 49

ھ کابینہ کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ میں کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزراء جام خان شورو، سید ذوالفقار علی شاہ، کاشتکار رہنما محمود نواز شاہ، سیکریٹری زراعت، منیجنگ ڈائریکٹر سندھ سیڈ کارپوریشن اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اکتوبر 2025 سے جولائی 2026 تک کے دس ماہ کی کارکردگی پر مشتمل تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ منیجنگ ڈائریکٹر سندھ سیڈ کارپوریشن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ادارے کی مجموعی آمدن 65.732 ملین روپے سے بڑھ کر 96.299 ملین روپے تک پہنچ گئی، جو انتظامی اصلاحات، شفافیت اور مؤثر پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ بریفنگ کے مطابق دھان کی فصل سے 15.768 ملین روپے جبکہ گندم سے 33.566 ملین روپے کی آمدن حاصل کی گئی۔ ادارے میں موجود 27 گھوسٹ ملازمین کو فارغ کر کے مالی نظم و ضبط کو بہتر بنانے اور غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے میں مدد ملی۔ وزیر زراعت سردار محمد بخش مہر نے اجلاس کو بتایا کہ 150 ایکڑ سرکاری زرعی اراضی غیر قانونی قبضے سے واگزار کرائی گئی، جبکہ کپاس کی کاشت کے رقبے میں 207 ایکڑ اور گنے کی کاشت میں 71 ایکڑ اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کارپوریشن کے 6 ٹیوب ویل شمسی توانائی پر منتقل کیے جا چکے ہیں، جبکہ مرحلہ وار مچھلی کے تالابوں کی ریکوری کا عمل بھی شروع کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں 3 ہزار 394 من گندم کے بیج پراسیسنگ کے لیے سکرنڈ پلانٹ منتقل کیے گئے، غیر قانونی طور پر مٹی اٹھانے کے دو واقعات پر مقدمات درج کیے گئے اور 15 کرایہ داری معاہدے منسوخ کیے گئے۔ وزیر زراعت نے کہا کہ سندھ سیڈ کارپوریشن کے تمام ملازمین کو گزشتہ بارہ ماہ کے دوران بروقت تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائی گئی، جبکہ ادارے میں شفافیت، احتساب اور میرٹ پر مبنی اصلاحات کے عمل کو مزید تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اصلاحاتی اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے تاکہ ادارے کی کارکردگی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ سردار محمد بخش مہر نے اعلان کیا کہ سندھ سیڈ کارپوریشن کی تازہ کارکردگی رپورٹ آئندہ سندھ کابینہ کے اجلاس میں بھی پیش کی جائے گی۔ اجلاس میں شریک صوبائی وزراء جام خان شورو، سید ذوالفقار علی شاہ اور کاشتکار رہنما محمود نواز شاہ نے سندھ سیڈ کارپوریشن کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ادارے نے پہلی مرتبہ ماضی کے مقابلے میں نمایاں بہتر نتائج دیے ہیں، جو سندھ حکومت کی اصلاحاتی پالیسیوں کی کامیابی کا واضح ثبوت ہیں۔

بقیہ نمبر 50

شدید احتجاج کیے۔ جس پر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور قمر سے منتخب ایم این اے نوابزادہ میر عامر خان مگسی نے سیپکو کے خلاف سخت نوٹس لیکر چیف ایگزیکٹو آفیسر سیپکو کو فوری طور پر بھٹو چوک کا ناکارہ ٹرانسفارمر تبدیل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ جس پر آج سیپکو قمر کے ایس ڈی او سمیت دیگر واپڈا ٹیم نے بھٹو چوک پر ناکارہ ٹرانسفارمر کی جگہ پر 200 کے وی اے کا نیا ٹرانسفارمر نصب کر کے پورے علاقے کی بجلی بحال کر دی۔ جس پر قمر کے بھٹو چوک کے تمام تاجران اور شہریوں نے اظہار تشکر کر کے پی پی ایم این اے نوابزادہ میر عامر خان مگسی کی کوششوں سے نیا ٹرانسفارمر نصب ہونے پر نہایت خوشی کا اظہار کر کے ان کا دلی شکریہ ادا کیا، اس موقع پر ایم این اے نوابزادہ میر عامر خان مگسی نے کہا کہ ہم نے واپڈا حکام کو شہریوں کو بلاتعطل اور مستحکم وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی ہے۔ جس میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ ایس ای سیپکو سکھر قمر شہر کے تمام ناکارہ ٹرانسفارمر فوری تبدیل کر کے اور نئے ٹرانسفارمر نصب کر کے شہریوں کی پریشانی دور کی جائے میر عامر خان مگسی نے کہا کہ بجلی کے شعبے میں بہترین کارکردگی سے ہی صارفین کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنے گا پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے مسائل کو بغیر کسی پریشانی کے ان کی دہلیز تک حل کرنے میں یقین رکھتی ہے اس لیے ہم عوامی مفاد کے منصوبوں میں واپڈا کے ساتھ ہر ممکن تعاون کر رہے ہیں۔ اور بجلی کے نظام میں بہتری کیلئے واپڈا کے ساتھ ہمارا مسلسل رابطہ برقرار ہے تاکہ شہریوں اور کاروباری حضرات کو کوئی پریشانی لاحق نہ ہو۔ اس موقع عامر خان مگسی کے پرسنل اسسٹنٹ عبدالرحمان جونیجو اور شیر خان مگسی سمیت پی پی ضلع قمر شہدادکوٹ کے عہدیداران سمیت شہریوں کی بڑی تعداد بھی ایم این اے میر عامر خان مگسی کے ہمراہ تھے۔

بقیہ نمبر 51

نٹ ایجنڈ ابانی چیئرمین کی رہائی کے لیے تحریک چلانے پر مشاورت کی گئی۔

بقیہ نمبر 52

ں نے اپنی الیکٹرک ٹرائی سائیکلوں پر سولر پینل نصب کر لیے ہیں، جس سے گاڑیاں چلتے ہوئے بھی بیٹری چارج کر سکتی ہیں اور بجلی کے گرڈ پر انحصار کم ہو جاتا ہے

بقیہ نمبر 53

گئی۔ ارسا ذرائع کے مطابق چشمہ بیراج سے پانی کا اخراج 2 لاکھ 65 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا، چشمہ بیراج میں پانی کا لیول 647 فٹ ہو گیا، چشمہ بیراج کے تمام گیٹ کھول دیے گئے۔

بقیہ نمبر 54

ہے۔ وہ منصورہ میں 7 اگست کو ہونے والے ملک گیر احتجاج اور دھرنوں کے حوالے سے ذمہ داران کے اجلاس کی قیادت کر رہے تھے۔ اجلاس میں احتجاجی تحریک کی تیاریوں، تنظیمی حکمت عملی اور عوامی رابطے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ نمبر 55

وفد کو اے این ایف کے تنظیمی ڈھانچے، نمایاں کامیابیوں، انسدادِ منشیات، بحالی اور آگاہی سے متعلق جاری اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ دورے میں وفد کو اینٹی نارکوٹکس فورس کے بحالی کیلئے قائم ماڈل ایڈکشن ٹریٹمنٹ اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹرز کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ علاوہ ازیں اینٹی نارکوٹکس فورس کے ہیڈ کوارٹرز کے دورہ کے دوران منشیات سے بچاؤ اور بحالی کے مشترکہ اہداف کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تعاون کے فروغ اور منشیات سے متعلق چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہر ممکن معاونت کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ ملاقات میں ترکیہ کے پاکستان میں موجود ڈرگ لائزن آفیسر آفس کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان رابطہ اور معلومات کے تبادلہ کو مزید موثر بنائے جانے پر اتفاق کیا گیا علاوہ ازیں ترک وفد نے منشیات کے ناسور کے خلاف اینٹی نارکوٹکس فورس کی نمایاں کامیابیوں اور وژن کو بھی سراہا۔

بقیہ نمبر 56

سے 36 ہزار 545 افغانیوں سمیت غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کو ڈی پورٹ کر چکی ہے جبکہ 504 غیر قانونی مقیم افراد ہولڈنگ پوائنٹس پر موجود ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ڈی پورٹ ہونے والوں میں 14 ہزار 614 مرد، 7234 خواتین، 14 ہزار 697 بچے شامل ہیں جبکہ ڈی پورٹ ہونے والوں میں رہائشی ثبوت رکھنے والے 11124، افغان سٹیزن کارڈ رکھنے والے 11137، غیر قانونی مقیم 14284 غیر ملکی شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ صوبہ بھر میں سیکورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے تاکہ تمام غیر قانونی مقیم افراد کا انخلا یقینی بنایا جائے علاوہ ازیں پنجاب پولیس بین الاقوامی قوانین کے تحت غیر قانونی مقیم باشندوں کے انخلا کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ نمبر 57

روائی کا حکم دے دیا ہے۔ انہوں نے حادثے میں ملوث دونوں ڈرائیورز کے خلاف کارروائی اور ان کے ڈرائیونگ لائسنس معطل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سی ٹی او لاہور نے کہا کہ اوور سپیڈنگ، غفلت یا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی ثابت ہونے پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے ڈرائیورز کو ہدایت کی کہ وہ رفتار پر قابو رکھیں کیونکہ محفوظ ڈرائیونگ ہی قیمتی جانوں کے تحفظ کی ضمانت ہے۔

بقیہ نمبر 58

سے دوری نے قوموں کو زوال سے دوچار کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید انسان کو کائنات میں غور و فکر، تحقیق اور علم کے حصول کی تلقین کرتا ہے، اس لیے ترقی کے خواہاں معاشروں کو تحقیق اور سائنسی سوچ کو فروغ دینا ہوگا۔

بقیہ نمبر 59

مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ علماء کی کردار کشی کرنے والے اپنے گریبان جھانکیں

بقیہ نمبر 60

نے کے باوجود پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کا انفراسٹرکچر بہتر نہ بنا سکی۔

بقیہ نمبر 61

ریاست جدگال گروہ کے 2 شوٹرز کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق پرانا گولیمار کے علاقے میں پاک کالونی پولیس نے وفاقی سول حساس ادارے کے ساتھ مل کر انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا، جس میں ریاست جدگال گروہ کے 2 مبینہ شوٹرز کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق آپریشن کے دوران فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا، جس کے بعد 4 ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت زبیر عرف دادا اور جمشید عرف سندھی کے نام سے ہوئی ہے۔ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے 5 پستول، ایک ایم آئی فائیو، ایک منی کلاشنکوف، گولیاں اور 1300 گرام چرس بھی برآمد کی گئی۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ گرفتار ملزم زبیر عرف دادا منشیات کے نیٹ ورک اور ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار اور فرار ہونے والے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 62

کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 3 روپے اضافے سے 254 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 25 سے 30 روپے فی کلو زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ نمبر 63

ر 7 روپے 15 پیسے فی لیٹر ڈیزل کی قیمت میں اضافہ ہوا، کوئی ریلیف نہ ملا تو پاکستان بھر کی ہماری ٹرانسپورٹ کھڑی ہو جائے گی۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی مذمت کرتے ہیں۔ آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کی ہڑتال کی حمایت کا اعلان بھی کر دیا۔

بقیہ نمبر 64

میں روپوش تھا۔ ملزم کو جدید طریقہ تفتیش اور کارروائی کے ذریعے حراست میں لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم نے پراپرٹی کے لین دین کے دوران شہری سے 1 کروڑ 85 لاکھ روپے ہتھیائے تھے، جس پر اس کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق شہری کی درخواست پر ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ملزم کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا، جس پر فیکٹری ایریا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے اور اسے عدالت میں پیش کیا جائے گا

بقیہ نمبر 65

رانا تنویر حسین نے پاکستان کے زرعی و غذائی شعبے میں فاسمن گروپ کی گزشتہ دو دہائیوں پر محیط خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ کمپنی نے فیڈ ملنگ، اناج کی ہینڈلنگ اور فوڈ پروسیسنگ کے شعبوں کی ترقی میں قابل قدر کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کمپنی کو پاکستان میں اپنی سرمایہ کاری اور تعاون کو مزید وسعت دینے کی دعوت دی۔ وفاقی وزیر نے ملک میں جدید سائنسی بنیادوں پر اناج ذخیرہ کرنے کی سہولیات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے فاسمن گروپ کو پاکستان میں جدید ہائی ٹیک سائلوز کے قیام میں تعاون کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ جدید ذخیرہ گاہوں کے قیام سے فصلوں کی کٹائی کے بعد ہونے والے نقصانات میں نمایاں کمی آئے گی، غذائی تحفظ مضبوط ہوگا، زرعی سپلائی چین مزید مؤثر بنے گی اور اناج کو محفوظ انداز میں ذخیرہ کرنا ممکن ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ایسا دیرپا اشتراک چاہتا ہے جو صرف بنیادی ڈھانچے کی تعمیر تک محدود نہ ہو بلکہ ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی سطح پر زرعی مشینری کی تیاری، استعداد کار میں اضافہ، تحقیق اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر بھی مشتمل ہو۔

حب شہر میں پانی، بجلی اور گیس کا مصنوعی بحران

شہریوں کو بجلی اور گیس کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سامنا، شہر کے بیشتر علاقوں میں پینے کے پانی کی شدید قلت،

شہر کے بیشتر علاقوں میں پینے کے پانی کی شدید قلت، کے الیکٹرک، پی ایچ ای اور سوئی سدرن گیس کمپنی حب کے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی میں ناکام

حب (نمائندہ بولان) حب شہر میں پانی، بجلی اور گیس کا مصنوعی بحران، شہریوں کو بجلی اور گیس کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سامنا، شہر کے بیشتر علاقوں میں پینے کے پانی کی شدید قلت، کے الیکٹرک، پی ایچ ای اور سوئی سدرن گیس کمپنی حب کے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی میں (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

نصیر آباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معذور افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب آج جیم خانہ بدین میں منعقد ہوگی

تقریب میں مستحق اور خصوصی افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کی جائیں گی تاکہ انہیں بہتر سہولیات اور نقل و حرکت میں آسانی فراہم کی جاسکے

بدین (نامہ نگار) الخدمت فاؤنڈیشن ضلع بدین کے زیرِ اہتمام معذور افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب بروز جمعہ، آج 24 جولائی، صبح 11 بجے جیم خانہ بدین میں منعقد (بقیہ 33 صفحہ 7 پر)

کارکنوں پر مبینہ پولیس تشدد اور گرفتاریوں کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

مظاہرے کی قیادت جساف کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری تنویر کا تیار، ستار مغیری، صابر راہموں اور دیگر رہنماں نے کی۔

بدین (نامہ نگار) سفم اور جساف شہید بشیر خان گروپ کی اپیل پر بدین میں بابر لوبائی پاس پر پریا کماری ایکشن کمیٹی کے رہنماں اور کارکنوں پر مبینہ پولیس تشدد کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے کی قیادت جساف کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری تنویر کا تیار، (بقیہ 34 صفحہ 7 پر)

پیپلز پارٹی عوامی خدمات پر یقین رکھتی ہے۔ حاجی قمر الدین گوپانگ

پیپلز پارٹی کا محور عوام کی معیار زندگی بلند کر کے انہیں تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں

عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) پیپلز پارٹی ضلع قمبر شہداد کوٹ کے صدر اور ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین حاجی قمر الدین گوپانگ نے کہا ہے۔ کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمات پر یقین رکھتی ہے۔ پیپلز پارٹی کا محور عوام کی معیار زندگی بلند کر کے انہیں تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔ اس حوالے سے ضلع بھر میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ پیپلز پارٹی ضلع قمبر شہداد کوٹ کے صدر (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

پاکستان روبوٹکس اور اے آئی کی مکمل ویلیو چین کا مالک بنے گا، شزا فاطمہ

جدید ٹیکنالوجی میں خود انحصاری حاصل کرنا ایک قومی فیصلہ ہے

ملک اب اس وژن کو حقیقت میں بدلنے کے لیے تیار ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ کہا ہے کہ پاکستان روبوٹکس اور مصنوعی ذہانت کی مکمل ویلیو چین کا مالک بنے گا کیونکہ جدید ٹیکنالوجی میں خود انحصاری حاصل کرنا ایک قومی فیصلہ ہے اور ملک اب اس وژن کو حقیقت میں بدلنے کے لیے تیار ہے، دفاعی ادارے اور صنعتی شعبہ مل کر ڈیجیٹل جدت کو فروغ دے رہے ہیں۔ ان خیالات اظہار انہوں نے بدھ کو دوروزہ راس (روبوٹکس اور خودکار نظاموں) ایکسپو 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دوراندیش قیادت میں حکومت نے ڈ (بقیہ 32 صفحہ 7 پر)

سیکرٹری مواصلات بابر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فائیو جی صارفین کی تعداد 10 لاکھ 78 ہزار 534 تک پہنچ گئی

صرف چار ماہ میں 8 لاکھ 79 ہزار صارفین سبسکرائبرز بنے، پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) ملک میں فائیو جی صارفین کی تعداد 10 لاکھ 78 ہزار سے بڑھ گئی۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری کردہ دستاویز کے مطابق صرف چار ماہ کے دوران 8 لاکھ 79 ہزار صارفین فائیو جی کے سبسکرائبرز بن گئے تھے، مارچ میں فائیو جی صارفین کی تعداد 1 7 ہزار تھی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر مصدق ملک سے وفد ملاقات کر رہا ہے

امداد سے تجارت کی جانب منتقلی کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، سہیل آفریدی

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے کینیڈا کے ہائی کمشنر کی ملاقات\

ملاقات میں باہمی دلچسپی، دوطرفہ تعاون اور تجارتی تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سے کینیڈا کے ہائی کمشنر کی اسلام آباد میں ملاقات، زراعت، معدنیات اور قابل تجدید توانائی میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی، دوطرفہ تعاون اور تجارتی تعلقات کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ ہاؤس کے مطابق کینیڈین ہائی کمشنر نے زراعت، کان کنی، معدنیات کی تلاش، ڈرلنگ، سروے اور طلبہ کے تبادلوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ کینیڈا خیبر پختونخوا کے ساتھ تجارتی روابط مزید مستحکم کرنا چاہتا ہے اور کینیڈین سینئر ٹریڈ کمشنر کو صوبے کے کاروباری اداروں سے ملاقات کے لیے لایا جائے گا۔ (بقیہ 38 صفحہ 7 پر)

یوکرینی صدر نے فوج کے جنرل کمانڈر انچیف کو عہدے سے ہٹا دیا

کیف (اے ایف پی) یوکرینی صدر زیلنسکی نے فوج کے جنرل کمانڈر انچیف الیکزینڈر سرسکی کو عہدے سے ہٹا دیا۔

بڈھو قمبرانی میں افتخار آرائیں کے بہیمانہ قتل پر مذمت اور اظہار افسوس۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے

بدین (نامہ نگار) مرکزی تنظیم آرائیاں پاکستان کے سرپرست اعلیٰ عبدالمجید آرائیں، مرکزی عہدیداران، ایگزیکٹو باڈی ممبران اور تنظیم کے ذمہ داران ضلع بدین کے علاقے نیو دمبالو کے قریب بڈھو قمبرانی میں افتخار آرائیں کے بہیمانہ قتل کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت اور اظہار افسوس کرتے ہوئے اس افسوسناک سانحے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہلِ خانہ سے دلی (بقیہ 39 صفحہ 7 پر)

پنجاب بھر سے 36 ہزار 545 افغانیوں سمیت غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندے ڈی پورٹ

لاہور (اے ایف پی) پنجاب بھر سے غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کا عمل جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پنجاب پولیس اب تک لاہور سمیت پنجاب بھر سے 36 ہزار 545 افغانیوں سمیت غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کو ڈی پورٹ کر چکی ہے جبکہ 50 (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

انمول پنکی کا دوران تفتیش منشیات کا نیٹ ورک چلانے کا اعتراف

کراچی: (اے ایف بی) انمول پنکی نے دوران تفتیش منشیات کا نیٹ ورک چلانے کا اعتراف کرلیا۔ کراچی پولیس نے ضمنی چالان ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جنوبی کی عدالت میں جمع کرا دیا

کراچی، بلدیہ میں کیمیکل فیکٹری کے گودام میں خوفناک آتشزدگی، ڈرم پھٹنے سے چھت منہدم

ایک گھنٹے کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو، متعدد موٹر سائیکلیں جل گئیں

خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، واقعے کی تحقیقات شروع

کراچی (این این آئی) شہر کے علاقے بلدیہ ٹاؤن، رشید آباد میں واقع ایک کیمیکل فیکٹری کے گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کر لی۔ آتشزدگی کے دوران کیمیکل سے بھرے متعدد ڈرم یکے بعد دیگرے زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے، جس کے نتیجے میں گودام کی چھت کا بڑا حصہ منہدم ہوگیا جبکہ اطراف میں کھڑی متعدد موٹر سائیکلیں بھی آگ کی لپیٹ میں آکر تباہ ہوگئیں۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق اطلاع ملتے ہی کراچی میونسپل کارپوریشن (کے ایم سی) کی چھ فائر (بقیہ 41 صفحہ 7 پر)

روئی کی پیداوار میں مسلسل کمی سے معیشت کو سالانہ 2 سے 3 ارب ڈالر کا نقصان

اس لیے اگر پیداوار کو دوبارہ 8 سے 9 لاکھ گانٹھوں تک بڑھایا جائے تو زر مبادلہ کے ذخائر پر دباؤ میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے، او آئی سی سی آئی رپورٹ

کراچی (این این آئی) اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (او آئی سی سی آئی) نے "سیڈز آف گروتھ" کے عنوان سے اپنی تازہ رپورٹ جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں روئی کی پیداوار اپنے عروج کے مقابلے میں نصف سے بھی کم رہ گئی ہے، جس کے باعث اضافی درآمد (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

کیرتھر کینال کے ٹیل تک پانی کی منصفانہ فراہمی اولین ترجیح ہے

فیصل جمالی

محکمہ ایریگیشن کے مقامی افسران و ضلعی انتظامیہ کو سختی سے ہدایات دی ہیں کہ وہ ضرب پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے

سردارزادہ فیصل خان جمالی کی حلقہ انتخاب اوستہ محمد شدید گرمی اور تپتی دھوپ میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی کاموں اور زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کا معائنہ کیا

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی حلقہ انتخاب اوستہ محمد شدید گرمی اور تپتی دھوپ میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی کاموں اور زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ اور صوبائی وزیر ایریگیشن سندھ کی تعاون سے نہروں میں زرعی (بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

سندھ حکومت کی اصلاحاتی پالیسیوں کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے

سندھ سیڈ کارپوریشن کی آمدن میں 10 ماہ کے دوران 3 کروڑ 5 لاکھ روپے سے زائد کا اضافہ

شفافیت، احتساب اور مسلسل اصلاحات سے سندھ سیڈ کارپوریشن کو خود کفیل اور منافع بخش ادارہ بنائیں گے، سردار محمد بخش مہر

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کی اصلاحاتی پالیسیوں کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے ہیں۔ سندھ سیڈ کارپوریشن کی گزشتہ دس ماہ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے نتیجے میں ادارے کی آمدن میں 30.567 ملین روپے (تقریباً 3 کروڑ 5 لاکھ 67 ہزار روپے) کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ انکشاف صوبائی وزیر زراعت سردار محمد بخش مہر کی زیر صدارت سند (بقیہ 49 صفحہ 7 پر)

فرانسیسی ایئر لائن نے مشرق وسطیٰ کی پروازیں منسوخ کردیں

پیرس (این این آئی) امریکا، ایران حملوں کے باعث فرانسیسی ایئر لائن نے مشرق وسطیٰ میں پروازوں کی منسوخی کا نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کا کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس نے کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ دو روز میں 5 روپے 70 پیسے او (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

نوابزادہ میر عامر خان مگسی کے نوٹس کے بعد ٹرانسفارمر تبدیل

بجلی کے شعبے میں بہترین کارکردگی سے ہی صارفین کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنے گا۔ نوابزادہ میر عامر خان مگسی

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) قمبر شہر کے مشہور کاروباری علاقے بھٹو چوک پر بجلی کا ٹرانسفارمر جو کہ اوور لوڈ ہونے سے جل گیا تھا۔ جس کی وجہ سے کاروبار زندگی سخت متاثر ہونے شہریوں اور تاجران کی جانب سے سیپکو کے خلاف احتجاجی مظاہرے و دھرنے دیکر روڈ بلاک کر کے (بقیہ 50 صفحہ 7 پر)

چائنا، لوامز پاکستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین ڈالیان اوشین یونیورسٹی اور فائنا کے فیکلٹیز ہیڈز کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

چائنا، لوامز پاکستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین ڈالیان اوشین یونیورسٹی کے وائس پریذیڈنٹ بات چیت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر دیہی خواتین میں مفت مویشیوں کی فراہمی کا آغاز

دیہی خواتین کو معاشی دھارے میں شامل کر کے ہی غربت جیسے چیلنجز کا موثر مقابلہ کیا جاسکتا ہے، مریم نواز

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر دیہی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے مفت مویشیوں کی فراہمی کے پروگرام کا آغاز کر دیا گیا، پہلے مرحلے میں پنجاب کے 13 اضلاع کی مستحق دیہی خواتین میں پالتو جانور تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ پروگرام کے تحت ڈی جی خان، مظفر گڑھ، راجن پور، لیہ، کوٹ ادو، ملتان، رحیم یار خان، تونسہ، بہاولنگر، خانیوال اور وہاڑی سمیت دیگر اضلاع کی دیہی خواتین کو مفت مویشی فراہم کیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق اس سکیم کے لئے مطلقہ اور بیوہ (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

دراڑ گوٹھ سیلابی کٹاؤ کے باعث شدید خطرے سے دوچار ہیں، اہلیان میراں پیر وانگ بیلا

قبرستانوں اور آبادیوں کو پورالی ندی کے کٹاؤ سے محفوظ بنانے کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں

بیلا (نمائندہ بولان) اہلیان میراں پیر وانگ بیلا نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ مشہور 7 دولہا قبرستان سمیت علاقے کے دیگر قبرستانوں اور آبادیوں کو پورالی ندی کے کٹاؤ سے محفوظ بنانے کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں واضح رہے کہ 2022 کے تباہ کن سیلاب کے دوران 7 دولہا قبرستان کی متعدد کچی قبریں سیلابی ریلے کی نذر ہوگئی تھیں۔ اس کے علاوہ میراں پیر قبرستان، حاجی عبداللہ وانگ اور۔ دراڑ گوٹھ بھی پورالی ندی کے مسلسل سیلابی کٹا کے باعث شدید خطر (بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

ڈنکی کے ذریعے بیرونِ ملک جانے کی کوشش ناکام، 15 گرفتار

ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار افراد کو غیر قانونی ذرائع سے بیرونِ ملک منتقل کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی

گرفتار افراد میں پنجاب کے مختلف اضلاع، بالخصوص گوجرانوالہ، ساہیوال اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں

حب (نمائندہ بولان) ایس ایچ او بیروٹ کی بڑی کامیاب کارروائی، غیر قانونی "ڈنکی" کے ذریعے بیرونِ ملک جانے کی کوشش ناکام 15 تارکین وطن اور 3 سہولت کار گرفتار ایس پی ضلع حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات اور ایس ڈی پی او حب امام یعقوب بلوچ کی نگرانی میں بیروٹ (بقیہ 43 صفحہ 7 پر)

آوارہ کتے کے کاٹنے سے زخمی ہونے والا چار سالہ بچہ جاں بحق

لاہور (این این آئی) آوارہ کتے کے کاٹنے کے واقعے میں زخمی ہونے والا چار سالہ بچہ میو ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ ذ

21 سال سے روپوش چیک ڈس آنر کا اشتہاری ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) فیکٹری ایریا پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمے میں 21 سال سے روپوش اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم یونس جاوید گرفتاری سے بچنے کے لیے گزشتہ 21 سال سے مختلف اضلاع (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

فتنہ الخوارج کا سہولت کار خود ساختہ مولوی ظفریاب گرفتار

خارجی کمانڈر حکمت روشان جہاد کے نام پر بھتہ خوری سے متعلق مجھ سے غیر شرعی فتوے حاصل کرتا تھا، ملزم

میں اپنے کیے پر شرمندہ ہوں، فتنہ الخوارج کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، یہ غیر اسلامی اور غیر شرعی ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) فتنہ الخوارج کی سہولت کاری میں ملوث خود ساختہ مولوی ظفریاب کو گرفتار کر لیا گیا۔ خارجی سہولت کار نے اپنے بیان میں کہا کہ 8 سالہ درسِ نظامی جامع نظام العلوم شعبہ یتیم خانہ بنوں شہر سے مکمل کیا اور 3 سالہ تخصص فی الفقہ المرکز اسلامی غوریوالہ سے کیا۔ مفتی ظفریاب نے کہا کہ خارجی کمانڈر حکمت روشان کے ساتھ رابطہ تھا، ریاستی اداروں کو میرے رابطوں کا علم تھا اور انہو (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

کاشت کاروں کو زرعی پانی کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، قربان علی جتوئی

زرعی پانی چوری کی روک کام کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے کہا ہے کہ کاشت کاروں کو زرعی پانی کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے زرعی پانی چوری کی روک کام کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں اور غیر قانونی واٹر کورسز کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے بلو (بقیہ 45 صفحہ 7 پر)

تمپ، ڈپٹی کمشنر برکت علی بلوچ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رائیونڈ میں گھر کی بوسیدہ چھت گر گئی، ایک شخص جاں بحق، بچے سمیت 3 زخمی

لاہور (این این آئی) رائیونڈ کے علاقے کوٹ بابو خان میں رہائشی گھر کی بوسیدہ چھت گرنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ خاتون اور کمسن بچے سمیت تین افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور ملبے تلے دبے زخمیوں کو نکال کر فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش بھی ملبے سے نکال لی گئی۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق گھر کی چھت انتہائی بوسیدہ تھی اور لکڑی کی پرانی کڑیوں پر قائم تھی

حکومت کی پیٹرول پالیسی اور مہنگائی کے خلاف 7 اگست کو ملک گیر احتجاج ہوگا' جاوید قصوری

حکومت اور نام نہاد اپوزیشن کے درمیان مفادات کی سیاست نے عوام کو مایوس کر دیا ہے' اجلاس سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ہوشربا اضافہ، مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور عوام کو درپیش سنگین مسائل کے خلاف جماعت اسلامی کی عوامی تحریک کا دوسرا مرحلہ 7 اگست کو ملک بھر میں بھرپور احتجاج، دھرنوں اور سڑکوں کی بندش کی صورت میں شروع ہوگا، جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے میدان میں ہے اور عوام کو کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی، حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں نے ملک کے عام شہری کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جبکہ حکمران طبقہ اپنی مراعات، شاہانہ پروٹوکول اور عیاشیوں میں مصروف (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

چین نے ڈیجیٹل دور میں عالمی انٹرنیٹ گورننس پر اپنا پوزیشن پیپر جاری کر دیا

نیو یارک (این این آئی) چین نے ڈیجیٹل دور میں عالمی انٹرنیٹ گورننس پر اپنا پوزیشن پیپر جاری کر دیا۔

اے این ایف ملک اور بیرون ملک منشیات کے خاتمہ کے مشترکہ اقدامات کیلئے کوشاں

سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل فیڈریشن آف گرین کریسنٹ کی سربراہی میں ترکیہ کے اعلیٰ سطح کے وفد کا اے این ایف ہیڈکوارٹرز کا دورہ

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس ملک اور بیرون ملک منشیات کے خاتمہ کے مشترکہ اقدامات کیلئے کوشاں ہے۔ سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل فیڈریشن آف گرین کریسنٹ کی سربراہی میں ترکیہ کے اعلیٰ سطح کے وفد نے اے این ایف ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ کیا، دورے میں (بقیہ 55 صفحہ 7 پر)

کراچی: نامعلوم شخص نے پیٹرول چھڑک کر اے ٹی ایم کو آگ لگادی، ویڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) نامعلوم شخص نے پیٹرول چھڑک کر اے ٹی ایم کو آگ لگادی، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔

پنجاب بھر سے غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلاء کا عمل جاری

36 ہزار 545 افغانیوں سمیت غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کو ڈی پورٹ کیا جا چکا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر سے غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلاء کا عمل جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق پنجاب پولیس اب تک لاہور سمیت پنجاب بھر (بقیہ 56 صفحہ 7 پر)

کراچی؛ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن میں ریاست جدگال گروہ کے 2 شوٹر گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر میں کیے گئے ایک انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن میں (بقیہ 61 صفحہ 7 پر)

5 اگست سے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے نئی تحریک شروع کرنے کا اعلان

5 اگست کو عمران خان کرکٹ اسٹیڈیم پشاور میں جلسے کا انعقاد کیا جائے گا اور ملک بھر میں ریلیاں نکالی جائیں گی

بانی چیئرمین کو ناحق جیل میں رکھا گیا ہے، ان کی رہائی کے لیے ہم نے ہر قانونی اور جمہوری راستہ اپنایا، بیرسٹر گوہر

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے بانی چیئرمین عمران خان کی رہائی کیلئے ایک بار پھر سڑکوں پر نکلنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں 5 اگست کو عمران خان کرکٹ اسٹیڈیم پشاور میں جلسے کا انعقاد کیا جائے گا اور ملک بھر میں ریلیاں نکالی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس پشاور میں پی ٹی آئی کی قیادت کا مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، مرکزی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجا، اسد قیصر اور پارٹی کی دیگر مرکزی و صوبائی قیادت نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اجلاس میں ون پوا (بقیہ 51 صفحہ 7 پر)

حیدرآباد، پھلیلی نہر اوور فلو ہونے کے بعد پانی گھروں میں داخل ہو رہا ہے

کالا شاہ کاکو میں چار سالوں نے تشدد کر کے بہنوئی کو مار ڈالا

لاہور (این این آئی) لاہور کے قریب کالا شاہ کاکو کے علاقے دھروڑ ہند میں چار سالوں نے مبینہ تشدد کر کے اپنے بہنوئی کو قتل کر دیا۔

برائلر گوشت کی قیمت مستحکم، فارمی انڈے مزید مہنگے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 504 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 348 روپے فی (بقیہ 62 صفحہ 7 پر)

ایندھن کی قلت کا انوکھا حل، کیوبا کے شہری سولر ٹرائی سائیکلوں پر منتقل

ایندھن کی قلت اور بجلی کی طویل بندش کے باعث ہزاروں شہری متبادل ٹرانسپورٹ اختیار کرنے لگے

کیوبا (اے ایف پی) کیوبا میں جاری شدید توانائی بحران، ایندھن کی قلت اور بار بار ہونے والی بجلی کی بندش کے باعث سولر پینلز سے لیس الیکٹرک ٹرائی سائیکلیں شہریوں کے لیے نقل و حمل کا اہم ذریعہ بنتی جا رہی ہیں۔ دارالحکومت ہوانا سمیت مختلف شہروں میں یہ گاڑیاں نہ صرف مسافروں بلکہ سامان کی ترسیل کے لیے بھی تیزی سے مقبول ہو رہی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق کیوبا میں پٹرول اور ڈیزل کی شدید قلت کے باعث روایتی گاڑیوں کا استعمال نمایاں طور پر کم ہو گیا ہے، جبکہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے الیکٹرک گاڑیوں کی چارجنگ بھی مشکل بنا دی تھی۔ اس مسئلے کے حل کے طور پر متعدد شہریو (بقیہ 52 صفحہ 7 پر)

حالیہ طوفانی بارشوں سے دریائے سندھ میں چشمہ اور جناح بیراج کے مقام پر طغیانی

چشمہ و جناح بیراج میں نچلے درجے کا سیلاب آ گیا، چشمہ بیراج میں پانی کی آمد بڑھ کر 2 لاکھ 77 ہزار کیوسک ہوگئی

کندیاں (این این آئی) ملک میں حالیہ طوفانی بارشوں سے دریائے سندھ میں طغیانی آ گئی۔ دریائے سندھ میں چشمہ بیراج و جناح بیراج کے مقام پر پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہو گیا، چشمہ و جناح بیراج میں نچلے درجے کا سیلاب آ گیا، چشمہ بیراج میں پانی کی آمد بڑھ کر 2 لاکھ 77 ہزار کیوسک ہو (بقیہ 53 صفحہ 7 پر)

رائیونڈ بائی پاس مانگا منڈی پر 2 فیکٹری کوسٹرز میں تصادم، 21 افراد زخمی

حادثے کے بعد ایک کوسٹر الٹ، دوسری کو شدید نقصان پہنچا، زخمی انڈس ہسپتال منتقل

لاہور (این این آئی) لاہور میں رائیونڈ بائی پاس مانگا منڈی کے قریب ٹریفک حادثے میں دو فیکٹری کوسٹرز بس آپس میں ٹکرا گئیں۔ جس کے نتیجے میں 21 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد ایک کوسٹر الٹ گئی جبکہ دوسری کو شدید نقصان پہنچا، تمام زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے انڈس ہسپتال رائیونڈ منتقل کر دیا گیا تاہم حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ حادثے کا نوٹس لیتے ہوئے سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے واقعہ کی وجوہات کا تعین کرنے اور ذمہ دار افراد کے خلاف کا (بقیہ 57 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد۔ وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی سے جام گروپ لسبیلہ کے رہنما سید حیدر شاہ بخاری کا ملاقات کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو

علماء کی کردار کشی کرنے والے اپنے گریبان جھانکیں' جے یو آئی (س)

ملک کی سلامتی، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کیلئے بے شمار جید علماء اپنی جانیں وطن پر قربان کر چکے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظمِ اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے (بقیہ 59 صفحہ 7 پر)

تحقیق اور جدت ہی ترقی یافتہ قوموں کی بنیاد ہے، نہال ہاشمی

ایچ ای سی کی تقریب سے خطاب، علم و تحقیق سے دوری کو قوموں کے زوال کی وجہ قرار؛ جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے ہم آہنگ ہونے پر زور

تقریب سے اسماعیل راہو، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن، چیئرمین سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن، حبیب علی بخاری اور مشیر برائے تحقیق ڈاکٹر محمد ناصر و دیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کے زیرِ اہتمام "عالمی سطح پر تحقیقی اثر و رسوخ کے جشن اور قومی جدت طرازی کے لیے مؤثر راستوں کے استحکام" کے موضوع پر منعقدہ ایک پروقار تقریب میں ملک کے ممتاز سائنس دانوں اور محققین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب سے گورنر سندھ نہال ہاشمی، صوبائی وزیر برائے جامعات و بورڈز اسماعیل راہو، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن، چیئرمین سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر نیاز احمد، ایچ ای سی کے رکن حبیب علی بخاری اور مشیر برائے تحقیق ڈاکٹر محمد ناصر نے خطاب کرتے ہوئے ملک میں تحقیق، جدت اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ جب مسلمان علم، تحقیق اور اختراع سے وابستہ تھے تو دنیا کی قیادت ان کے ہاتھ میں تھی، لیکن تحقیق (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

حب۔ سابق ڈی ایس پی ملک عبدالستار رونجھو، انسپکٹر ملک عبدالجبار رونجھو شہزادہ جام محمد کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر گلدستہ پیش کرتے ہوئے مبارکباد دے رہے ہیں

بارشوں نے پختونخوا حکومت کی کارکردگی بے نقاب کر دی، شازیہ مری

شازیہ مری کا بارشوں کے بعد پشاور کی ابتر صورتحال پر تشویش کا اظہار

طویل عرصے سے اقتدار میں ہونے کے باوجود پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کا انفراسٹرکچر بہتر نہ بنا سکی، ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے بارشوں کے بعد پشاور کی ابتر صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشاور میں حالیہ بارش نے خیبر پختونخوا حکومت کی کارکردگی کا پول کھول دیا، طویل عرصے سے اقتدار میں ہو (بقیہ 60 صفحہ 7 پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں